اگر تمام علوم کا جائزہ لیا جائے تو معلوم ہو گا کہ ہر علم کی بنیاد دراصل Collection اور Selection پر قائم ہے۔ طبیب مشاہدات جمع کر کے علاج کے اصول اخذ کرتا ہے، فقیہ دلائل جمع کر کے حکم مرتب کرتا ہے، مورخ واقعات کو یکجا کر کے تاریخ کا دھارا متعین کرتا ہے، اور سائنس دان تجربات کے انبار سے قوانین دریافت کرتا ہے۔ گویا ہر فن اور ہر مہارت کی بنیاد انتخاب پر کھڑی ہے۔ آج کا دور معلومات کی کمی کا نہیں بلکہ معلومات کی فراوانی کا دور ہے۔ پہلے انسان معلومات تلاش کرتا تھا، اب معلومات انسان کا تعاقب کرتی ہیں۔ ہر لمحہ نئی خبر، نئی رائے، نیا تجزیہ اور نئی بحث سامنے آ جاتی ہے۔ ایسے ماحول میں اصل مسئلہ معلومات حاصل کرنا نہیں بلکہ ان میں سے مفید، معتبر اور ضروری معلومات کا انتخاب کرنا ہے۔ یہیں سے علم اور حکمت کا فرق واضح ہوتا ہے۔ علم ہمیں بتاتا ہے کہ دنیا میں کیا کچھ موجود ہے، جبکہ حکمت یہ سکھاتی ہے کہ ان میں سے ہمارے لیے کیا مفید ہے۔ علم امکانات دکھاتا ہے، حکمت ترجیحات متعین کرتی ہے۔ علم راستوں کی فہرست دیتا ہے، حکمت صحیح راستہ منتخب کرواتی ہے۔ انسانی تاریخ کا سب سے عظیم انتخاب انبیاء علیہم السلام نے سکھایا۔ انہوں نے حق و باطل، خیر و شر، اور نفع و نقصان کے درمیان فرق واضح کیا۔ وہ نہ ہر چیز کو رد کرنے آئے تھے اور نہ ہر چیز کو بلا تحقیق قبول کرنے۔ وہ معیار، میزان اور اصول لے کر آئے تھے تاکہ انسان خود بھی درست انتخاب کرنا سیکھ سکے۔ تہذیبیں عموماً دو انتہاؤں کا شکار ہو کر زوال پذیر ہوتی ہیں: ایک یہ کہ ہر نئی چیز کو رد کر دیا جائے، اور دوسری یہ کہ ہر نئی چیز کو بلا سوچے سمجھے قبول کر لیا جائے۔ حکمت ان دونوں کے درمیان اعتدال کا نام ہے۔ ہر بات کو دلیل، تجربہ، عقل اور فطرت کے ترازو میں تولنا ہی دانش مندی ہے۔



حقیقت یہ ہے کہ زندگی خود انتخابوں کا نام ہے۔ انسان اپنے الفاظ، دوستوں، کتابوں، اساتذہ، خیالات اور طرزِ زندگی کا انتخاب کرتا ہے، اور یہی انتخاب آہستہ آہستہ اس کی شخصیت، کردار اور تقدیر کی تشکیل کرتے ہیں۔ انسان بالآخر وہی بنتا ہے جسے وہ بار بار منتخب کرتا ہے۔ اگر "چراغ سے چراغ تک" روشنی کے تسلسل کی داستان ہے تو "Selection from Collection" اس روشنی کی سمت متعین کرنے کا نام ہے۔ چراغ روشنی دیتا ہے، لیکن آئینہ اسی روشنی کو درست سمت میں منعکس کرتا ہے۔ اسی طرح علم روشنی ہے اور حکمت اس روشنی کا صحیح استعمال۔ آخر کار انسان کے پاس جو کچھ باقی رہ جاتا ہے وہ اس کا جمع کیا ہوا سرمایہ نہیں بلکہ اس کا منتخب کیا ہوا سرمایہ ہوتا ہے۔ وہ الفاظ جو زبان بن گئے، وہ تجربات جو شخصیت بن گئے، وہ مطالعہ جو فکر بن گیا، اور وہ روشنی جو بصیرت میں ڈھل گئی۔

کائنات ایک عظیم Collection ہے، زندگی Selection کا میدان ہے، اور کامیابی اسی شخص کا مقدر بنتی ہے جو منتشر معلومات، مختلف آراء، متنوع تجربات اور بے شمار امکانات میں سے خیر، حکمت، حقیقت اور توازن کو منتخب کرنا سیکھ لے۔

# حضرت مفتی نظام الدین صاحب قبلہ علیمی مصباحی کو مبلغ اسلام ایوارڈ دیئے جانے پر تہ دل سے مبارک باد

## محمد شہاب الدین علیمی

*"مبلغ اسلام ایوارڈ" کے لیے حضرت علامہ مفتی محمد نظام الدین صاحب قبلہ –مدظلہ العالی– کا نام تجویز کیے جانے پر تہ دل سے مبارکباد پیش کرتے ہیں*

علمائے حق امت مسلمہ کے عظیم سرمایہ ہیں، انہیں کے دم سے علوم نبوت کی شمع فروزاں رہتی ہے، انہیں کی محنتوں سے عقائد و اعمال کی حفاظت ہوتی ہے، اور انہی کی رہنمائی سے امت راہ اعتدال پر گامزن رہتی ہے؛ اسی لیے اہل علم کی قدردانی، حوصلہ افزائی درحقیقت علم کی تکریم ہے، دین کی خدمت اور اسلامی اقدار کے احترام کا مظہر ہے۔

استاذی گرامی، زینت الفقہاء شیخ الحدیث حضرت علامہ مفتی محمد نظام الدین قادری صاحب –دامت برکاتہم العالیہ– کا شمار ان جلیل القدر علماء میں ہوتا ہے، جنہوں نے اپنی زندگی علم دین کی اشاعت، تدریس، تصنیف، افتاء اور اصلاح معاشرہ کے لیے وقف کر رکھی ہے۔ آپ ۱۹۹۴ء (۳۲ سال) سے دارالعلوم علیمیہ جمدا شاہی میں تدریسی خدمات انجام دے رہے ہیں اور ہزاروں طلبہ آپ کے علم و فضل، اخلاص و للہیت اور حسن تربیت سے فیض یاب ہو چکے ہیں۔ آپ کی علمی بصیرت، تحقیقی ذوق اور فقہی مہارت اہل علم کے درمیان مسلم ہے، جبکہ آپ کی سادگی، دین کا درد، علیمیہ جمدا شاہی کے لیے والہانہ وابستگی اور بے مثال خلوص آپ کی شخصیت کو مزید ممتاز بناتی ہے۔ ایسے وقت میں جب حضرت مفتی صاحب قبلہ کو ۱۰ محرم الحرام کو "مبلغ اسلام ایوارڈ" سے نوازا جا رہا ہے، تو یہ خبر اہل سنت کے علمی حلقوں کے لیے باعث مسرت و انبساط ہے۔ یہ اعزاز محض ایک رسمی تقریب یا اعزازی سند کا نام نہیں بلکہ ان طویل علمی، تدریسی اور دینی خدمات کا اعتراف ہے جو حضرت مفتی صاحب قبلہ نے خاموشی، اخلاص اور استقامت کے ساتھ انجام دی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اہل علم کی خدمات کا اعتراف نئی نسل کے لیے بھی ایک مثبت پیغام ہوتا ہے کہ علم و عمل، اخلاص و خدمت اور محنت و استقامت کبھی رائیگاں نہیں جاتے۔

اس موقع پر حضرت علامہ مفتی محمد شفیق الرحمن عزیزی مصباحی مدظلہ العالی، مفتی اعظم ہالینڈ خصوصی طور پر مبارکباد اور خراج تحسین کے مستحق ہیں، جنہوں نے حضرت مفتی صاحب قبلہ کی علمی و دینی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہوئے انہیں اس اعزاز کے لیے منتخب فرمایا۔ یہ فیصلہ ان کی علم دوستی، علماء نوازی اور دینی بصیرت کا واضح ثبوت ہے۔ درحقیقت جو لوگ اہل علم کی قدر کرتے ہیں، وہ علم کے فروغ اور دینی روایت کے استحکام میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

ہمیں امید ہے کہ اس قسم کے اقدامات سے نہ صرف علماء کرام کی حوصلہ افزائی ہو گی بلکہ نوجوان نسل میں بھی علم دین کی خدمت اور علمی میدان میں آگے بڑھنے کا جذبہ پیدا ہو گا۔ معاشرے کو ایسے ہی علمی اور فکری نمونوں کی ضرورت ہے جو آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ بن سکیں۔ میں (مفتی صاحب قبلہ کا ادنی شاگرد) مفتی صاحب قبلہ دامت برکاتہم العالیہ کو اس باوقار اعزاز کے حصول پر دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارک باد پیش کرتا ہوں اور بارگاہ رب العزت میں دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ اس اعزاز کو ان کے حق میں مزید خیر و برکت، عزت و قبولیت کا ذریعہ بنائے۔ نیز اللہ تعالیٰ انہیں صحت کاملہ، عمر دراز، عافیت مستمرہ اور مزید خدمت دین کی توفیق عطا فرمائے۔

نزیل حال: قاہرہ، مصر
۱۸/ جون ۲۰۲۶ء
۳/ محرم الحرام ۱۴۴۸ھ

## : محمد ذیشان علیمی

ماہر درسیات، محقق عصر، شیخ الحدیث دارالعلوم علیمیہ جمدا شاہی بستی، حضرت علامہ مفتی نظام الدین صاحب قبلہ دامت برکاتہم العالیہ کی ذات بابرکت محتاج تعارف نہیں، آپ اپنی خداداد صلاحیتوں، دین ابد کی بے لوث خدمات، علمی تحقیقی اور فکری رہنمائی کی بنیاد پر علمائے اہل سنت، اور مفتیان کرام کے مابین نمایاں مقام رکھتے ہیں. بلاشبہ "مبلغ اسلام ایوارڈ" سے نوازے جانے کے لیے آپ کی ذات کا انتخاب آپ کی علمی، قلمی، فکری اور تدریسی خدمات کا اعتراف ہے، نیز یہ آپکی مسلسل محنت، لگن اور صلاحیتوں کا خوبصورت صلہ بھی ہے. ہم جملہ ابنائے علیمیہ حضور مفتی صاحب قبلہ کی بارگاہ میں صمیم قلب سے مبارک باد پیش کرتے ہیں اور ساتھ ساتھ رب کی بارگاہ میں دعا کرتے۔ ہیں کہ مولی تعالیٰ آپ کا سایہ عاطفت ہم پر دراز فرمائے، آپ کے علم و عمل اور رزق خوب خوب برکتیں عطا فرمائے.

بڑی ناسپاسی ہوگی اگر ہم اس موقع پر مفتی اعظم ہالینڈ حضرت۔ علامہ مفتی محمد شفیق الرحمن صاحب قبلہ عزیزی مصباحی مدظلہ العالی والنورانی کا شکریہ ادا نہ کریں جنہوں نے حضور مفتی نظام الدین صاحب قبلہ دامت برکاتہم العالیہ کی علمی صلاحیتوں، اور دینی خدمات کے اعتراف کا بین ثبوت پیش کیا اور یہ اعلان فرمایا کہ آپ کی ذات بابرکت اس خوبصورت ایوارڈ کی کماحقہ حقدار ہے، آپ کے اس فیصلے پر دل کی اتھاہ گہرائیوں سے ہم آپ کا شکریہ ادا کرتے ہیں، اللہ رب العزت آپ کو دنیا و آخرت میں اس کا بہترین صلہ عطا فرمائے، اور آپ سے وہ کام لے جس میں اس کی اور اس کے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی رضا ہو.

نزیل حال جامعہ ازہر قاہرہ مصر
۱۸ جون / ۲۰۲۶

# یکم محرم الحرام کو ۸۱۵واں یوم سہروردی منایا جائے گا

گجرات کے تاریخی شہر داہود شریف میں ہر سال کی طرح اس سال بھی بتاریخ یکم محرم الحرام ۱۴۴۷ھ مطابق ۱۷ جون ۲۰۲۶ء بروز بدھ شیخ الشیوخ مؤسس ثانی سلسلہ سہروردیہ حضرت شیخ شہاب الدین عمر سہروردی علیہ الرحمہ کا ۸۱۵ واں یوم سہروردی داہود شہر قاضی صاحب سید محمد نذیر میاں سہروردی کی سرپرستی میں انتہائی تزک و احتشام کے ساتھ منایا جائے گا صبح ۱۰ بجے قرآن خوانی نعت و منقبت تقریر بعدہ قل شریف پھر لنگر سہروردیہ کھلایا جائے گا۔ اس عرس سراپا قدس کی محفل میں شرکت فرما کر فیوض سہروردیہ سے مستفیض ہوں۔۔ الداعی: داہود شہر قاضی صاحب سید محمد نذیر میاں سہروردی جانشین آستانہ عالیہ سہروردیہ قطب الاولیا حضرت سید غوث عبدالنبی سہروردی علیہ الرحمہ اور جملہ عقیدت مندان بارگاہ داہود گجرات

Weekly The
NEPAL URDU TIMES
Reg.No: 5310 -2082/2083 - www.nepalurdutimes.com

18/جون 2026مطابق 02/محرم الحرام 1448ھ /4/گتے اسار 2083

# مدارس اسلامیہ کا موجودہ نصاب تعلیم اور عصر حاضر کے تقاضے

از قلم—
## نور محمد خالد مصباحی ازہری
جامعہ اسلامیہ احسن البرکات تولھوا

اسلام مکمل نظام حیات انسانی کا ضامن ہے اسکا دستور اساسی قرآن وحدیث ہے قرآن اللہ کا ایسا کلام ہے جو حیات انسانی کے تمام شعبوں پر مشتمل ہے دنیا کا کوئی ایسا علم نہیں ہے جو قرآن پاک میں موجود نہ ہو جیسا کہ ارشاد باری ہے۔ ولارطب ولایابس الافي كتاب مبين ۔ قرآن جنس ماحول میں نازل ہوا تھا اس وقت کے اھل عرب تعلیم و تعلم و خط و کتابت میں بہت پس ماندہ تھے مگر جب رحمت اللعلمین کا یہ معجزہ تھا بقول حالی اتر کر حرا سے سوئے قوم آئے۔ اور ایک نسخئے کیمیاں ساتھ لائے مسے خاک کو جس نے کندن بنایا۔ کھرا اور کھوٹا الگ کر دکھایا

اسی قرآن عظیم کے برکت سے عرب کے بوریا نشیں قیصر و کسری کو بھی ماں کر دیا اونٹ اور بکری کے چرواہے نبی رحمت کی برکت سے دنیا کے امامت و قیادت کا فریضہ انجام دینے لگے صحابہ میں صداقت و عدالت سخاوت و شجاعت ایثار و ہمیت کا جزبہ بیدار ہوا ایک صدی بھی نہ گزرنے پائی تھی کہ دنیا کے تین براعظموں پر اسلام کا پرچم لہرانے لگا صا اللہ نبی پاک صلی ایم نے تعلیم و تعلم کی اہمیت بتاتے ہو ۔اہمیت بتاتے ہوئے ارشاد فرمایا۔ طلب العلم فريضه على كل مسلم و مسلمہ اس حدیث میں اگر چہ شارحین حدیث نے علم سے مراد دینی علم لیا ہے مگر میری ناقص رائے میں حدیث میں مطلقا علم کہا گیا ہے جو دینی اور دنیاوی علم دونو کو محیط ہے۔ اور اس کی تاوید دوسری حدیث سے بھی ہوتی ہے اطلبوا العلم ولو كان بالصين علم حاصل کرو چاہے چین جانا پڑے۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ یہاں علم سے مراد علم دنیا ہی ہے کیونکہ حضور کے زمانے میں چین میں کوئی دینی مدرسہ نہیں تھا تو اب یقین کامل ہو گیا کہ علم سے مراد یہاں دین و دنیا ہی ہے تیسری حدیث میں اللہ کے رسول نے فرمایا۔ اطلبوا العلم من المهد الى الحد ۔علم چاہے قرآن کا ہو یا حدیث کا یا فقہ کا جو قرآن وحدیث سے ماخوذ ہے یا علم جبر ہو یا علم ہیت منطق ہو یا فلسفہ ہو سائنس ہو یا کامرس کمپیوٹر ہو یا میتھ یا علم کا کوئی بھی شعبہ ہو جو انسانیت کے لئے مفید ہے اس کا حصول جائز ہے عربی دینی مدارس نظامیہ بغداد سے لیکر فرنگی محلی لکھنؤ یک کس نے کماحقہ دینی تعلیم کے ساتھ عصری علوم کو کماحقہ جگہ ناد الاماشاء الہی بعض ایسے ادارے تھے جہاں دینی علوم کے ساتھ عصری علوم بھی پڑھائے جیسے قاہرہ کا جامعہ اظہر ان دلس کا جامعہ قرطبہ جامعہ غرناطہ جامعہ اش بلیلا تیونس کا جامعہ زیتونہ اور ہندوستان میں علاؤدین خلجی نے کچھ ایسے دینی مدارس کو قائم کیا تھا جس میں دینی علوم کے ساتھ عصری علا عصری علوم کی تعلیم بھی ہوتی تھی اور انہی مدارس کا دین تھا کہ مسلمانوں نے اپنے اپنے دور میں ریاضی طب کیمیا فلقیات اور سائنس کے دوسرے شعبوں میں انقلاب برپا کیا محمد بن موسی الخارجی علم ریاضی اور کمپیوٹر سائنس الجبرا الگور تھم کا بانی مانا جاتا ہے ان سینا موجودہ میڈین کے ان مانے جاتے ہیں نظامی میں ہی سن کی بتان بین کی طرف منسب سے ساری دنیا کا ایک بات بھی ابن سینا کام لینے پر مجبور ہیں اور اس کی لکھی ہوئی کتاب القانون کئی صدیوں تک یورپ کے

یونیورسٹیوں میں پڑھائی جاتی تھیں ابن الھیشم فی کس علم طبعیات جو علم بصارت کے موجد تھے عینک کو انہوں نے ایجاد کیا جابر بن حیان علم کمسٹری کے موجد مانے جاتے ہیں البیرونی جنہیں علم جغرافیہ کا موجد مانا جاتا ہے الزہراوی علم سرجری کا موجد مانا جاتا ہے وغیرہ وغیرہ اور اس کے علاوہ قرون وسطی میں ہزاروں مسلم سائنس دانوں نے جنم لیا اور ۱۴ویں صدی میں امام احمد رضا نے بھی سائنسی علوم میں ایک نیا باب رقم کیا اپ نے ۱۳۱۱ ایسے زمین کے جنس سے ایسے مادیات کا تذکرہ کیا ہے جن سے تیم جائز ہے جو قدیم فقہا کے کتابوں میں دستیاب نہیں سولہویں صدی اتے آتے مسلم معاشرے میں عجمی تصوف کا غلبہ ہوا اور دکھاوے کے روحانیت کے نام پر عصری علوم کو مدارس اسلامیہ کے نصاب تعلیم سے خارج کر دیا گیا بد قسمتی سے ستر ہویں صدی میں برصغیر پر انگریزوں کا تسلط ہو گیا اور لارڈ میکالے نے حکومتی عہدوں کو چلانے کے لیے انگلینڈ سے ایسا نصاب تعلیم لایا جو دینی مدارس کے نصاب تعلیم سے یکسر مختلف تھا

اور حکومتی عہدوں میں انہی لوگوں کو جگہ دی جاتی تھی جو حکومت کے قائم کردہ اداروں کے فارغ التحصیل ہوں اور ان کنوینٹ اداروں میں عصری علوم کے ساتھ مسیحی مذاہب کے علوم کو داخل نصاب کیا تا کہ برصغیر کے ہندو مسلمان کو باسانی عیسائی بنایا جاسکے تب ہندو مسلمان دونوں کو ہوش آیا اور ان دونوں نے اپنے اپنے مذاہب کے تحفظ کے لیے مزید مذہبی ادارے قائم کرنا شروع کیے چنانچہ مسلمانوں کے ہبی اداروں کو ایک ایسے نصاب تعلیم کی ضرورت تھی جہاں سے مفتی عالم عامتہ المسلمین کے ایمان وعقیدے کی حفاظت کر سکیں اس کے لیے ملا نظام الدین سہلوی رحمتہ اللہ علیہ حافظ و قاری پیدا ہو کر کے نے ایک نصاب تعلیم مرتب کیا جو تین شعبوں پر مشتمل تھا علوم نقلیہ علوم عقلیہ علوم الیہ علوم نقلیہ میں تین علوم تھے علم قرآن تفسیر یعنی تفسیر علم حدیث علم فقہ علم کلام و عقائد علم تفسیر کی مشہور کتابیں جلالین مدارک بیضاوی داخل نصاب تھیں علم حدیث میں صحاح ستہ موطا امام مالک وغیرہ داخل نصاب تھیں علمفقہ میں قدوری نور الایضاح ہدایہ داخل نصاب تھی وغیرہ علوم عقلیہ منطق فلسفہ علم حیت توقیت علم منطق کی مشہور کتابیں صغری کبری ملاحسن وغیرہ داخل نصاب تھی علوم فلسفہ میں ہدایت الحکمت شرح چغمینی و داخل نصاب تھیں علوم الیہ میں نحو صرف علم بلاغت معن العروض عربی نشر و نظم وغیرہ داخلے نصاب تھیں اور اس نصاب تعلیم پر مشتمل عربی مدارس کے نصاب کو ملا نظام الدین دہلوی کے نام پر درس نظامی کہا جانے لگا جو نصاب تعلیم اج تک دینی مدارس میں قائم و دائم ہے ہندوستان کے دو مکاتب فکر دیوبندی بریلوی دونوں کے دینی مدارس اسی نصاب پر چل رہے ہیں اول الذکر کا مرکز دار علوم دیوبند ہے اور ثانی کا مرکز جامعہ منظر اسلام بریلی شریف ہے اٹھارویں صدی سے لے کر اب تک ان اداروں کے فارغین علماء اپنی علمی زندگی میں حکومتی اداروں میں تقرری سے محروم کر دیے گئے چنانچہ اس کمی کو پورا کرنے کے لیے ہندوستان میں دو تحریکیں چلی تحریک سر سید علی گڑھ اور تحریک ندۃ العلماء کہ لعلماء لکھنو مگر بد قسمتی سے دونوں تحریکیں افراط و تفریط کا شکار ہو گئیں

خود سر سید کو نیچری تحریک کا بانی کہا جانے لگا اور انہوں نے ایسے ایسے نظریات کو جنم دیا جو اہل علم پر مخفی نہیں اور خود ندوۃ العلماء سوائے عربی ادب کے فروغ کے عصری علوم کے فروغ کے تقاضوں کو انجام نہ دے سکا ہندوستان کے اکثر صوبوں کے دینی مدارس نے اپنے اپنے صوبوں میں مدرسہ بورڈ بھی قائم کیا مثلا عربی فارسی بورڈ لکھنو اتر پردیش مدرسہ ایجو کیشن بورڈ پیٹنا بہار کرناٹک مدرسہ بورڈ کیرلا مدرسہ بورڈ وغیرہ وغیرہ مگر ان بورڈ کی سندیں آج بھی ہندوستانی حکومت کے اہم عہدوں پر فائض ہونے کے لیے غیر مقبول ہیں اب رہی ہمارے ملک کے نیپال کی دینی مدارس کی تو اس کا حال تو اور بھی برا ہے میچی سے مہاکالی تک ترائی سے ہمال تک ملک کے طول و عرض میں پھیلے ہوئے ہزاروں مدارس و مکاتب کا نہ کوئی مدرسہ بورڈ ہے نہ ہی کوئی نہ ہی کوئی یونین لہذا میں تمام مکاتب فکر ارباب حل عقد و مدارس کے نظمی سے مودبانہ گزارش کروں گا آپ حضرات ایک جگہ جمع ہو کر مدارس دینیہ کے لیے ایک ایسا جامع نصاب مرتب کرے جو دینی و عصری علوم کا سنگم ہو تا کہ ان مدارس میں تعلیم حاصل کرنے والے طلبہ و طالبات دسویں تک تعلیم حاصل کر سکیں بعدہ چاہے تو عالمانہ کورس کریں اور چاہیں تو حکومت کے قائم کردہ عصری اداروں میں داخلہ لے کر اگے کی تعلیم مکمل کریں انجینیئر ڈاکٹر پروفیسر کمپیوٹر داں بن کر قوم وملت کی خدمت انجام دے سکیں اور مزید حکومت کے قائم کردہ تمام سرکاری عہدوں پر کام کر سکیں

# ادارتی



# نیپال میں مکاتب اور مدارس کا نظام

نیپال میں مدارس اور مکاتب مسلمانوں کی دینی، تعلیمی اور سماجی زندگی کا لازمی حصہ ہیں جو پورے ملک میں مشرق سے مغرب تک پھیلے ہوئے ہیں۔ دیہی علاقوں سے لے کر شہری مراکز تک، ہر خطے میں یہ ادارے دینی تعلیم کی بنیاد فراہم کرتے ہیں اور بچوں کے عقیدے، کردار اور مذہبی شعور کی تربیت میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ اس وقت نیپال میں تقریباً ۲۵۰۰ مدارس موجود ہیں جن میں سے لگ بھگ ۱۲۰۰ حکومت کے ساتھ باضابطہ طور پر رجسٹرڈ ہیں۔ یہ ادارے نہ صرف دینی تعلیم کے اہم مراکز ہیں بلکہ مسلمانوں کی تہذیبی اور سماجی شناخت کے تحفظ کا ذریعہ بھی سمجھے جاتے ہیں۔

تاہم، ملک کے مختلف حصوں میں بڑی تعداد میں چھوٹے چھوٹے مدارس قائم ہو چکے ہیں، لیکن ان میں سے اکثر کے پاس نہ معیاری اساتذہ ہیں، نہ مناسب نصاب اور نہ ہی وہ تعلیمی ڈھانچہ جو کسی ادارے کے لیے ضروری ہوتا ہے۔ اس کا سب سے بڑا نقصان یہ ہوتا ہے کہ تعلیم کا معیار متاثر ہوتا ہے اور مالی و افرادی وسائل بھی بکھر کر رہ جاتے ہیں۔

ان میں سے کئی ادارے محض مدارس کے نام سے مشہور ہیں، مگر حقیقت میں یہ ابتدائی درجے کے مکاتب ہیں جہاں صرف بنیادی دینی تعلیم جیسے قرآنِ کریم کی تلاوت، نماز اور عقائد کی ابتدائی تربیت فراہم کی جاتی ہے۔ اگر ان اداروں کو ان کی اصل سطح یعنی مکتب تک محدود رکھا جائے اور ان کی واضح درجہ بندی کی جائے تو مستند اور بڑے مدارس اپنی توجہ اعلیٰ دینی تعلیم پر مرکوز کر سکیں گے اور پورے ملک میں تعلیمی معیار بہتر ہو سکے گا۔

افسوس کی بات یہ ہے کہ بعض لوگ محض مالی مفادات یا چندہ جمع کرنے کے لیے ابتدائی درجے کے ان مکاتب کو مدارس کا درجہ دے دیتے ہیں، حالانکہ ان اداروں کے پاس نہ مطلوبہ طلبہ کی تعداد موجود ہوتی ہے، نہ تربیت یافتہ اساتذہ اور نہ ہی وہ بنیادی سہولیات جو کسی مدرسے کے لیے لازمی ہوتی ہیں۔ اس کے نتیجے میں یہ ادارے صرف نام کے مدارس رہ جاتے ہیں جبکہ حقیقت میں یہ چھوٹے درجے کے مکاتب ہوتے ہیں جو بنیادی دینی تعلیم فراہم کرتے ہیں۔

یہ طرزِ عمل کئی نقصانات کا باعث بنتا ہے۔

سب سے پہلا نقصان یہ ہے کہ جب یہ غیر معیاری مکاتب مدارس کے نام سے رجسٹر ہو جاتے ہیں تو اصل اور بڑے مدارس، جو مکمل دینی تعلیم، رہائش، لائبریری، تربیت یافتہ اساتذہ اور منظم نصاب رکھتے ہیں، ان کے حقوق متاثر ہوتے ہیں۔ حکومت یا دیگر امدادی ادارے جب فنڈز اور وسائل تقسیم کرتے ہیں تو یہ غیر معیاری ادارے بھی اس فہرست میں شامل ہو جاتے ہیں، جس کی وجہ سے اصل مستحق مدارس اپنا جائز حصہ کھو دیتے ہیں۔

دوسرا نقصان یہ ہے کہ جب حکومت کے ریکارڈ میں ان چھوٹے مکاتب کو مدارس کے طور پر شمار کیا جاتا ہے تو مدارس کی مجموعی تعداد اصل سے کہیں زیادہ نظر آتی ہے۔ اس سے حکومت اور تعلیمی پالیسی ساز ادارے یہ گمان کرنے لگتے ہیں کہ ملک میں مدارس کی تعداد ضرورت سے زیادہ ہو چکی ہے، اور اس غلط فہمی کے نتیجے میں دینی تعلیم کے خلاف غیر ضروری تنقید اور پابندیوں کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔ حقیقت یہی ہے کہ جب تک طلبہ، اساتذہ، نصاب اور انفراسٹرکچر کے تمام تقاضے پورے نہ ہوں، ایسے اداروں کو مکتب کی سطح تک محدود رکھنا چاہیے اور انہیں مدرسہ کا درجہ نہیں دینا چاہیے تاکہ نہ اصل مدارس کے حقوق متاثر ہوں اور نہ ہی حکومتی پالیسی سازی میں کوئی ابہام پیدا ہو۔

مکاتب کی افادیت اور کردار

مکاتب کی سب سے بڑی افادیت یہ ہے کہ یہ بچوں کو بنیادی دینی تعلیم جیسے قرآنِ کریم کی تلاوت، نماز، عقائد اور اخلاقیات فراہم کرنے کا سب سے موزوں، غیر متنازعہ اور عوامی نظام ہیں۔ تاریخ اس حقیقت کی گواہی دیتی ہے کہ اسلامی معاشروں میں تعلیم کی بنیاد ہمیشہ مکاتب رہے ہیں۔ یہ نظام کم وسائل میں زیادہ تعلیمی نتائج فراہم کرتا ہے۔ عموماً مسجد یا ادارے کے کسی کمرے میں کم اساتذہ اور سادہ نصاب کے ساتھ تعلیم دی جاتی ہے جو بچوں کی دینی بنیاد کو مضبوط بناتا ہے۔ مزید یہ کہ مکتب کے طلبہ اسکول اور کالج میں بھی تعلیم حاصل کرتے ہیں، جس سے ان میں دینی و دنیاوی علوم کا توازن قائم ہوتا ہے اور وہ معاشرتی ترقی میں بہتر کردار ادا کرتے ہیں۔

مدارس کا اصل مقصد اعلیٰ دینی تعلیم اور علماء کی تیاری ہے، جبکہ مکاتب ابتدائی دینی تعلیم کے لیے زیادہ موزوں ہیں۔

اگر مکاتب کا نظام مضبوط کیا جائے تو مدارس اپنی اصل ذمہ داری یعنی علماء اور ماہر دینی شخصیات کی تیاری پر توجہ دے سکیں گے۔ اداروں کی درجہ بندی اس سلسلے میں نہایت ضروری ہے۔ حکومت اور تعلیمی تنظیموں کو چاہیے کہ وہ مکاتب اور مدارس کی واضح درجہ بندی کریں تاکہ ہر ادارہ اپنے تعلیمی معیار، وسائل اور کارکردگی کے مطابق خدمات فراہم کرے۔ اس سے یہ بھی طے ہو سکے گا کہ کون سا ادارہ ابتدائی دینی تعلیم مہیا کر رہا ہے اور کون سا ادارہ اعلیٰ دینی تعلیم کے معیار پر پورا اترتا ہے، تاکہ وسائل کا مؤثر اور منصفانہ استعمال یقینی بنایا جا سکے۔

لہٰذا نتیجہ یہی نکلتا ہے کہ مکاتب کا نظام مسلمانوں کے دینی اور تعلیمی استحکام کی بنیاد ہے۔ اگر ہر محلہ اور گاؤں میں مکاتب کو تعلیم کا مرکز بنایا جائے، بجائے ہر جگہ غیر معیاری مدارس قائم کرنے کے، تو نہ صرف معیاری اور عام فہم دینی تعلیم عام ہوگی بلکہ مالی استحکام اور تعلیمی بہتری بھی حاصل ہوگی۔ نیپال کی موجودہ صورت حال اس حقیقت کو مزید نمایاں کرتی ہے کہ جب تک طلبہ، اساتذہ اور انفراسٹرکچر کی بنیادی ضروریات پوری نہ ہوں، ایسے اداروں کو مکتب کی سطح تک محدود رکھنا ہی زیادہ موزوں اور فائدہ مند ہے۔

ڈاکٹر سلیم انصاری

Editorial

# جمہوریت میں اپوزیشن کا کردار!

## ایڈیٹر کے قلم سے-----

نیپال کی سیاست اس وقت ایک اہم اور نازک مرحلے سے گزر رہی ہے۔ پارلیمنٹ کے اندر حکومت اور اپوزیشن کے درمیان جاری اختلافات نے ملک بھر میں سیاسی بحث کو جنم دیا ہے۔ بعض حکومتی حامی حلقے اپوزیشن کے احتجاج اور مطالبات کو ہنگامہ آرائی قرار دے رہے ہیں، لیکن اگر حالات کا غیر جانبدارانہ جائزہ لیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ اپوزیشن نے ایسے معاملات پر آواز بلند کی ہے جن کا تعلق براہِ راست قومی مفاد، حکومتی شفافیت اور عوامی اعتماد سے ہے

جمہوریت کا حسن یہی ہے کہ اقتدار میں بیٹھے لوگوں سے سوال پوچھے جائیں۔ پارلیمنٹ محض قانون سازی کا ادارہ نہیں بلکہ عوامی نگرانی اور حکومتی احتساب کا سب سے بڑا فورم بھی ہے۔ عوام اپنے نمائندوں کو اسی لیے منتخب کرتے ہیں کہ وہ حکومت کے فیصلوں پر نظر رکھیں اور ضرورت پڑنے پر ان سے جواب طلب کریں۔ اگر پارلیمنٹ میں سوال اٹھانے کا حق محدود کر دیا جائے یا اختلافِ رائے کو ہنگامہ آرائی قرار دیا جائے تو جمہوریت کی روح کمزور پڑ جاتی ہے۔

حالیہ دنوں بعض حساس قومی معاملات پر پیدا ہونے والے سوالات نے سیاسی ماحول کو مزید گرم کر دیا ہے۔ اپوزیشن جماعتوں کا مؤقف ہے کہ حکومت کو ان معاملات پر واضح اور دوٹوک موقف اختیار کرنا چاہیے تاکہ عوام میں پائی جانے والی بے چینی اور شکوک و شبہات کا خاتمہ ہو سکے۔ اپوزیشن کا مطالبہ ہے کہ پارلیمنٹ کو اعتماد میں لیا جائے اور عوام کے سامنے تمام حقائق رکھے جائیں۔ یہ مطالبہ کسی غیر جمہوری طرزِ عمل کا عکاس نہیں بلکہ جمہوری جوابدہی کا تقاضا ہے۔

بدقسمتی سے ہمارے معاشرے میں اکثر حکومت پر تنقید کو ریاست پر تنقید سمجھ لیا جاتا ہے۔ حالانکہ حقیقت اس کے برعکس ہے۔ ایک فعال اور مضبوط اپوزیشن دراصل جمہوری نظام کی محافظ ہوتی ہے۔ دنیا کی کامیاب جمہوریتوں میں اپوزیشن حکومتی پالیسیوں پر کڑی نظر رکھتی ہے، خامیوں کی نشاندہی کرتی ہے اور عوامی مفادات کے تحفظ کے لیے آواز بلند کرتی ہے۔ یہی عمل حکومت کو زیادہ محتاط، ذمہ دار اور جوابدہ بناتا ہے۔

نیپال نے جمہوریت کے حصول اور اس کے استحکام کے لیے ایک طویل جدوجہد کی ہے۔ عوامی تحریکوں، سیاسی قربانیوں اور آئینی جدوجہد کے بعد قائم ہونے والے اس نظام کو مضبوط بنانے کی ذمہ داری تمام سیاسی قوتوں پر عائد ہوتی ہے۔ ایسے میں اگر قومی اہمیت کے معاملات پر سوالات اٹھتے ہیں تو ان کا جواب دلیل اور حقائق سے دیا جانا چاہیے، نہ کہ سیاسی الزام تراشی یا تنقید کرنے والوں کو خاموش کرانے کی کوشش سے۔

اس وقت ملک کو معاشی مشکلات، نوجوانوں کی بڑھتی ہوئی بیرونِ ملک ہجرت، روزگار کے محدود مواقع، مہنگائی اور ترقیاتی چیلنجز کا سامنا ہے۔ عوام کی نظریں سیاسی قیادت پر لگی ہوئی ہیں۔ وہ چاہتے ہیں کہ حکومت اور اپوزیشن دونوں قومی مفاد کو مقدم رکھتے ہوئے اپنے فرائض انجام دیں۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ شفافیت کا راستہ اختیار کرے اور اپوزیشن کے جائز سوالات کا جواب دے، جبکہ اپوزیشن کو بھی اپنی جدوجہد کو جمہوری حدود کے اندر رکھتے ہوئے عوامی مسائل کو اجاگر کرنا چاہیے۔

سیاسی اختلافات ہر جمہوریت کا حصہ ہوتے ہیں، لیکن ان اختلافات کو قومی بحران میں تبدیل ہونے سے بچانا تمام فریقوں کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ پارلیمنٹ میں مکالمہ، بحث اور جوابدہی ہی مسائل کا حل ہے۔ اگر حکومت سوالات کا سامنا کرے اور اپوزیشن ذمہ دارانہ انداز میں اپنا کردار ادا کرے تو نہ صرف جمہوریت مضبوط ہوگی بلکہ عوام کا اعتماد بھی بحال رہے گا۔

آج ضرورت اس امر کی ہے کہ سیاسی جماعتیں ایک دوسرے کو دشمن سمجھنے کے بجائے جمہوری عمل کا لازمی حصہ تصور کریں۔ اختلافِ رائے کو برداشت کرنا اور عوامی سوالات کا جواب دینا ہی ایک بالغ جمہوریت کی پہچان ہے۔ نیپال کی جمہوریت بھی اسی وقت مضبوط ہوگی جب اقتدار اور اپوزیشن دونوں آئین، پارلیمنٹ اور عوامی اعتماد کا احترام کریں گے۔

جمہوریت کی اصل طاقت خاموشی میں نہیں بلکہ جوابدہی میں ہے، اور اپوزیشن کی آواز کو دبانے کے بجائے سننا ہی ایک مضبوط اور مستحکم جمہوری نظام کی علامت ہے دیکھنا یہ ہے کہ بالن شاہ کی حکومت کس طرح سے جمہوریت کو قائم رکھنے میں اور اپوزیشن کے سوالات کا جواب دیتی ہے!

Published By: Ulama Foundation Nepal, Bhairahwa, Rupandehi Lumbini Pradesh Nepal, Reg: 372860
Email:- weeklynepalurdutimes@gmail.com, Web site: www.nepalurdutimes.com, Contact:- +91 8795979383, +977 9817619786, +9779821442810

# * تعزیہ داری یا امت کی تباہی؟ *

## ابوالعطر محمد عبدالسلام امجدی برکاتی دھنوشا (نیپال) *

### محرم الحرام

کا مبارک مہینہ آتے ہی نیپال کے مختلف شہروں، قصبوں اور دیہاتوں میں ایک عجیب منظر دیکھنے کو ملتا ہے۔ گاؤں محلہ پر جوش ہو جاتا ہے، چوراہے آباد ہوتے ہیں، تعزیے بنائے جانے لگتے ہیں، جلوس نکلتے ہیں، میلے لگتے ہیں اور عوام کا ایک بڑا طبقہ ان سرگرمیوں میں غیر معمولی دلچسپی لیتا ہوا نظر آتا ہے۔ نوجوانوں کا جوش، بوڑھوں کی وابستگی، عورتوں کی شرکت اور بچوں کی دل چسپی دیکھ کر بظاہر ایسا محسوس ہوتا ہے کہ شاید پوری قوم محبتِ اہلِ بیت کے جذبے سے سرشار ہے، علما سے زیادہ انہیں کو امام حسین اور شہیدانِ کربلا رضوان اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین سے محبت ہے، لیکن جب حقیقت پر نظر ڈالی جائے تو دل خون کے آنسو روتا ہے۔ اس لیے کہ وہ شریعت کے خلاف اتنے کارنامے انجام دیتے ہیں کہ اللہ کی پناہ، مزید جو لوگ مروجہ تعزیہ داری اور اس کے خرافات وبدعات کے فروغ پر جس فخر سے روپے پانی کی طرح بہا دیتے ہیں انہی کے محلوں کی مسجدیں نمازیوں کی قلت کا شکوہ کر رہی ہیں، انہی کے مکاتب وسائل کے فقدان سے دم توڑ رہے ہیں، انہی کے مدارس مالی بحران سے گزر رہے ہیں اور انہی کے بچے دینی وعصری تعلیم کے میدان میں دوسروں سے پیچھے رہتے دکھائی دے رہے ہیں۔ ذرا غور کیجیے! ہر سال لاکھوں نہیں بلکہ کروڑوں روپے تعزیہ داری، جلوسوں، آرائشوں اور تعزیہ داری کے مختلف تقریبات پر خرچ کر دیے جاتے ہیں، لیکن جب کسی مسجد کی تعمیر، کسی مکتب کے قیام، کسی مدرسے کی امداد، کسی یتیم طالبِ علم کی کفالت یا کسی دینی معلم کی تنخواہ کا معاملہ آتا ہے تو جیبیں خالی اور دل تنگ ہو جاتے ہیں۔ کتنی عجیب بات ہے کہ قوم کے پاس رسموں اور خرافات کے لیے دولت موجود ہے مگر علم کے لیے نہیں؛ چند دن کی تقریبات کے لیے سرمایہ موجود ہے مگر آنے والی نسلوں کے مستقبل کے لیے نہیں۔ نتیجہ یہ ہے کہ ہمارے تعلیمی ادارے سسک رہے ہیں، ہمارے اساتذہ مالی پریشانیوں میں مبتلا ہیں، ہمارے نوجوان علمی میدانوں میں کمزور ہیں اور ہمارا معاشرہ جہالت، بے عملی اور پسماندگی کا شکار ہوتا جا رہا ہے۔ سوال یہ ہے کہ کیا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے محبت وعقیدت کا تقاضا بدعات و منکرات کی اشاعت و فروغ ہی ہیں یا حقیقی محبت یہ ہے کہ ان کے مشن کو عام کیا جائے، ان کے کردار کو اپنی زندگی کا حصہ بنایا جائے، نماز کی پابندی ہر حال میں کی جائے، اہل بیت کی پردہ نشینوں کو اپناتے ہوئے قوم کی بیٹیوں کو حیا و پردہ کا اہتمام کرنا چاہیے؟ یقیناً یہی حقیقی اظہار محبت اور اہل بیت اطہار و شہیدان کربلا کے حضور نذرانہ محبت ہے۔ مگر اس قوم کو اس سے کیا سروکار، انہیں تو مستی و سرور چاہیے، انہیں جھوم برابر جھوم کا نظارہ چاہیے، انہیں مستی کا خمار چاہیے اور شوق لذت آشنائی کی محفل چاہیے۔

اسے سنی مسمانو اور ملت اسلامیہ کے نوجوانو! کربلا کا پیغام صرف آنسو بہانے کا نام نہیں، کھیل، کود اور تماشہ بازی کا نہیں، بلکہ حق کے لیے کھڑے ہونے، باطل کے سامنے ڈٹ جانے، دین کی حفاظت کرنے، نماز کو زندہ رکھنے اور شریعت کی سربلندی کے لیے ہر قربانی پیش کرنے کا نام ہے۔ امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنا سر تو کٹوا دیا لیکن دینِ مصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے اصولوں پر سمجھوتہ نہ کیا۔ افسوس! آج انہی کے نام پر ایسے اجتماعات منعقد ہو رہے ہیں جن میں بے پردگی، اختلاط، فحاشی اور بے حیائی کے مناظر عام نظر آتے ہیں۔ نوجوان لڑکے اور لڑکیاں ایسے میلوں میں شریک ہوتے ہیں جہاں حیا کا دامن تار تار ہوتا ہے، نگاہیں آلودہ ہوتی ہیں اور دل گناہوں کی طرف مائل ہوتے ہیں۔ کیا یہ اہلِ بیت کی محبت ہے یا اہلِ بیت کی تعلیمات سے دوری؟ کیا یہ امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مشن کی خدمت ہے یا ان کے مقصد سے غفلت؟ اگر کسی عمل کے نتیجے میں نمازیں ضائع ہوں، مساجد ویران ہوں، علم کمزور ہو اور گناہ عام ہوں تو اسے محبتِ اہلِ بیت کا نام دینا خود محبتِ اہلِ بیت کے ساتھ ناانصافی ہے اور اپنی جانوں پر ظلم عظیم ہے۔ تعزیہ کے میلوں میں کیا کیا خرافات ہوتے ہیں، کیا کیا بے حیائیاں اور برائیاں انجام دی جاتی ہیں یہ کسی سے مخفی نہیں ہے، مسلم لڑکے بھی اور غیر مسلم لڑکے بھی تعزیہ کے تماشوں میں ایک ایک فٹ اچھلتی عورتوں اور نوجوان لڑکیوں کے جسم کی نمائش، سر پر لہراتے بالوں کے نظاروں، سینوں سے بغاوت کرتے دوپٹہ کی حرکت سے لطف اندوز ہوت ہیں اور پھر کچھ منچلے اس تماشہ کے بہانے لڑکیوں سے ملتے ہیں اور پیار و محبت کے گل بھی کھلاتے ہیں اور کچھ تو مذہب و خاندان کی عزت کی پرواہ کئے بغیر فرار بھی ہو جاتے ہیں۔ اور حیرت بالائے حیرت یہ ہے کہ امام حسین اور شہیدان کربلا کی غیر پائیدار و فریب سے پر دعوائے محبت کے نام پر تعزیہ داری مع ممنوعہ و محرمہ خرافات و منکرات و مراسم کی ادائیگی کے موقع پر شراب نوشی بھی کی جاتی ہے، جلوس میں بہتیرے نوجوان شراب کے نشے دھت کرتب دیکھاتے نظر آتے ہیں، جنہیں دیکھ کر مسلمان کہنے میں بھی اہل دل کو حیا آتی ہے۔ افسوس کی انتہا تو یہ ہے کہ جب اہلِ علم، ائمۂ مساجد اور دینی رہنما اس قوم کو تعزیہ داری میں پائی جانے والی خرافات، بدعات اور منکرات سے آگاہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں، انہیں قرآن و سنت کی روشنی میں صحیح راستہ دکھاتے ہیں، محرم الحرام کی حقیقی روح اور شہادتِ امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اصل پیغام بیان کرتے ہیں، تو بجائے اس کے کہ ان کی بات کو غور برا بھلا کہتے ہیں، ان کی نیتوں پر حملے کرتے ہیں اور عوام کو ان سے بدظن کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ چوک چوراہوں پر کان زبان بھی کان بھی دراز ہونے لگتے ہیں، عیب



جوئی کی محفلیں چائے کی دکان پر اس عالم و امام کے خلاف منعقد ہونے لگتی ہے اور کچھ سنجیدہ مزاج افراد جو امام و عالم کی حمایت و تائید میں ہوتے ہیں ان کے کان بھرنے لگتے ہیں اور انہیں ورغلانے میں پورا زور لگا دیتے ہیں۔ مزید افسوس ناک بات یہ ہے کہ اگر کسی مسجد کا امام پوری دیانت داری کے ساتھ شرعی مسئلہ بیان کر دے، تعزیہ داری کی غیر شرعی رسومات کی نشاندہی کر دے یا لوگوں کو سنتِ نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم اور منہج اہلِ سنت کی طرف بلائے تو بعض مقامات پر اسی امام کو معزول کرنے، اس کی مخالفت کرنے یا اسے مسجد سے ہٹانے کی کوششیں شروع ہو جاتی ہیں۔ گویا حق بات سننے کے بجائے حق بات کہنے والے کو ہی مجرم بنا دیا جاتا ہے۔ حالانکہ علماء انبیاء کے وارث ہیں، ان کا کام لوگوں کی خواہشات کی پیروی کرنا نہیں بلکہ اللہ اور اس کے رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے احکام پہنچانا ہے۔ جو قوم اپنے مصلحین اور خیر خواہوں کی آواز کو دبا دیتی ہے، وہ اصلاح کے دروازے خود اپنے اوپر بند کر لیتی ہے۔ اگر ہم واقعی امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے محبت کا دعویٰ کرتے ہیں تو ہمیں حق بات سننے اور قبول کرنے کا حوصلہ پیدا کرنا ہو گا، کیونکہ کربلا کا سب سے بڑا سبق یہی ہے کہ حق کی حمایت کی جائے خواہ وہ ہماری خواہشات کے خلاف ہی کیوں نہ ہو۔

مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ ۲۰۱۵ میں ضلع سرلاہی کے ایک بڑی آبادی والے قریہ کبیرہ کے ایک ادارہ میں تدریسی خدمات انجام دینے پر مامور ہوا، محرم الحرام کے موقع پر جمعہ میں بیان کر دیا کہ اگر عورتوں اور نوجوان لڑکیوں کا محرم الحرام میں تعزیہ کے تماشہ میں گیت گانا، اچھل اچھل کر جسم کی نمائش کرنا، دوپٹہ لہرا کر اور بلند آواز میں غیر محرموں کی موجودگی میں اور مسلم و غیر مسلم نوجوانوں کی نگاہوں کا سامان لطف و لذت فراہم کرتی ہوئیں ادائیں دیکھنا ہماری قوم کی نظروں میں درست ہے تو پھر مدرسہ کے ہم اساتذہ اس سے کیوں محروم رہیں؟ آئے ہم سارے اسٹاف مدرسہ کے صحن میں کرسی لگا کر بیٹھتے ہیں اور پھر قوم کی انہیں عورتوں اور بیٹیوں کو بلا کر یہی نمائش کا موقع فراہم کیا جائے۔ یہ سنتے ہی کچھ باغیرت مسلمانوں کی غیرت بیدار ہوئی اور جمعہ کے بعد مدرسہ کے صحن و برآمدہ پر خوب ہنگامہ شروع، ایسے مفتی صاحب نے کیسے کہہ دیا؟ یہ کیا بات ہوئی؟ اس وقت میں مسجد میں تھا، میرے آنے سے قبل کچھ سنجیدہ مزاج لوگوں نے کہا بھائی اگر انہوں نے اپنی طرف سے کہا ہے تو پھر کاروائی کی جائے اور اگر شریعت کی روشنی میں بات کی ہے تو ان سے بھی بڑے مفتی نیپال میں ہیں ان سے پوچھا جائے وہ کیا کہتے ہیں؟ اگر وہ تائید کر دیں تو پھر اس برائی کو روکنا ہو گا۔ کئی اہل علم سے پوچھا سب نے میری بات کی تائید کی اور آخر کار ہر محلہ کے سرکردہ افراد نے اس برائی کے خلاف میدان میں آ گئے۔

اے نیپال کے مسلمانوں! اپنے ضمیر سے ایک سوال ضرور کیجیے۔ جو نوجوان رات بھر تعزیہ داری کے پروگراموں میں شریک رہ سکتا ہے، کیا وہ فجر کی اذان پر مسجد تک نہیں پہنچ سکتا؟ جو شخص ہزاروں روپے تعزیوں کی سجاوٹ پر خرچ کر سکتا ہے، کیا وہ ایک غریب طالبِ علم کی تعلیم کا خرچ نہیں اٹھا سکتا؟ جو لوگ اہلِ بیت کی محبت کے دعوے کرتے ہیں، کیا انہوں نے کبھی اہلِ بیت کے طریقِ زندگی، ان کی عبادت، ان کے زہد، ان کے علم، ان کی دیانت اور ان کی قربانیوں کو اپنانے کی کوشش کی؟ محبت صرف نعروں کا نام نہیں، محبت اطاعت کا نام ہے۔ محبت صرف جلوس کا نام نہیں، محبت کردار کا نام ہے۔ محبت صرف جذبات کا نام نہیں، محبت اتباع کا نام ہے۔ اگر ہماری سے سنا جائے اور اپنی اصلاح کی فکر کی جائے، الٹا انہی اہلِ حق کو تنقید و ملامت کا نشانہ بنایا جاتا ہے۔ بعض لوگ ان کے خلاف نفرت انگیز مہم چلاتے ہیں، انہیں محبت ہمیں مسجد سے جوڑنے کے بجائے دور کر دے، علم کی طرف لے جانے کے بجائے جہالت میں مبتلا کر دے اور تقویٰ پیدا کرنے کے بجائے غفلت میں ڈال دے تو ہمیں اپنے طرزِ عمل پر سنجیدگی سے غور کرنا ہو گا۔

وقت کا تقاضا ہے کہ مسلمان اپنی ترجیحات بدلیں۔ قوموں کی ترقی تعزیوں کی اونچائی سے نہیں بلکہ تعلیمی اداروں کی مضبوطی سے ہوتی ہے۔ معاشرے کی عزت جلوسوں کے ہجوم سے نہیں بلکہ علم، کردار اور اخلاق سے بنتی ہے۔ اگر آج ہم نے اپنی دولت، اپنی توانائیاں اور اپنی صلاحیتیں علم، تعلیم، مساجد، مدارس اور نوجوان نسل کی تربیت پر صرف نہ کیں تو کل تاریخ ہم سے یہ سوال کرے گی کہ جب تمہارے پاس وسائل موجود تھے تو تم نے اپنی نسلوں کے مستقبل کے لیے کیا کیا؟ اس لیے اب بھی وقت ہے کہ ہم فضول کی وابستگیوں سے نکل کر شعوری بیداری کی طرف آئیں، رسموں کے بجائے تعلیم کو ترجیح دیں، وقتی نمائش کے بجائے دائمی تعمیر کو اختیار کریں اور اہلِ بیتِ اطہار کی محبت کو ان کے نقشِ قدم پر چل کر ثابت کریں۔ ان کے ایصال ثواب کے لئے قرآن کی تلاوت کریں، درود شریف کی کثرت کریں اور صدقہ و خیرات کریں، یتیموں کا سہارا بنیں، بیواؤں کا خیال رکھیں، اپنی مسجد کے امام کی خدمت کریں، لائبریری میں دینی کتابیں فراہم کریں، جہاں پانی کی قلت ہے وہاں نل لگوا دیں، جنہیں کپڑوں کی ضرورت ہے انہیں کپڑے دیدیں، جن غریب بچیوں کی شادیوں میں دقتیں ہیں انہیں مالی مدد کر دیں، یہی امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا پیغام ہے، یہی کربلا کا سبق ہے، یہی سچی محبت ہے اور یہی شہیدان کربلا کی بارگاہ میں بہترین اور قابل تحسین خراج عقیدت ہے اور اسی میں دنیا و آخرت کی کامیابی کا راز مضمر ہے۔

* ابوالعطر محمد عبدالسلام امجدی برکاتی *

# ۱۴۴۸ ہجری کی آمد مبارک ہو، مگر یاد رکھیے!!!

## (حافظ) افتخار احمد قادری

ایک اور سال اپنی تمام یادوں، حسرتوں، کامیابیوں اور ناکامیوں کو سمیٹے تاریخ کے اوراق میں دفن ہونے والا ہے۔ ایک اور ہجری سال ختم ہو رہا ہے اور ایک نیا سال شروع ہونے جا رہا ہے لیکن کیا ہماری زندگی میں بھی کوئی نیا باب شروع ہو رہا ہے یا صرف کیلنڈر کا ایک عدد بدل رہا ہے؟ کتنے افسوس کی بات ہے کہ جب عیسوی سال آتا ہے تو دنیا شور مچاتی ہے، بازار جگمگاتے ہیں، سوشل میڈیا مبارک بادوں سے بھر جاتا ہے، تقریبات منعقد ہوتی ہیں اور نئی شروعات کے دعوے کیے جاتے ہیں مگر جب ہجری سال آتا ہے تو امت مسلمہ کی اکثریت کو خبر تک نہیں ہوتی کہ ان کا اپنا سال کب ختم ہوا اور کب شروع ہو گیا۔ جن لوگوں کی تاریخ مدینہ سے وابستہ ہے، جن کا تشخص ہجرتِ رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم سے وابستہ ہے، جن کی تہذیب اور تمدن کی بنیاد ہجری کیلنڈر پر قائم ہوئی وہی لوگ آج اپنے سال سے بے خبر ہیں۔ یہ کیلنڈر کی بے خبری نہیں بلکہ اپنی شناخت سے دوری کی علامت اور اپنی تاریخ سے بے رغبتی کا اعلان ہے۔ یہ اس دردناک حقیقت کا اظہار ہے کہ ہم نے اپنی ترجیحات بدل دی ہیں۔ ہماری گھڑیاں دوسروں کے وقت پر چل رہی ہیں، ہمارے خواب دوسروں کی فکر کے تابع ہیں اور ہمارے اہداف دوسروں کی تہذیب کے مطابق طے ہو رہے ہیں۔

محترم قارئین! ۱۴۴۸ ہجری کا آغاز صرف ایک نئے سال کا آغاز نہیں ہونا چاہیے بلکہ یہ ہمارے ضمیر کی بیداری کا لمحہ ہونا چاہیے۔ ہمیں خود سے پوچھنا چاہیے کہ گزشتہ سال ہم نے کیا کھویا اور کیا پایا؟ ہماری نمازوں میں کیا اضافہ ہوا؟ ہمارے اخلاق میں کیا بہتری آئی؟ ہمارے علم میں کتنا اضافہ ہوا؟ ہم نے دین کے لیے کیا کیا؟ ہم نے امت کے مسائل کے لیے کتنا درد محسوس کیا؟ اگر سچائی کے ساتھ جائزہ لیا جائے تو دل کانپ اٹھتا ہے۔ کتنے رمضان آئے اور گزر گئے، کتنی جمعے کی نمازیں ادا ہوئیں، کتنی دعائیں مانگی گئیں مگر ہماری زندگیوں میں حقیقی تبدیلی کیوں پیدا نہ ہو سکی؟ وجہ صاف ہے کہ ہم عبادت کو رسم اور دین کو روایت بنا چکے ہیں۔ ہم نے اسلام کو زندگی کا نظام بنانے کے بجائے چند ظاہری اعمال تک محدود کر دیا ہے۔ یہ نیا ہجری سال ہم سے مطالبہ کرتا ہے کہ ہم اپنی زندگی کا ازسرنو محاسبہ کریں۔ ہمیں یاد رکھنا چاہیے کہ وقت اللہ تعالیٰ کی سب سے بڑی نعمتوں میں سے ایک نعمت ہے۔ جو لمحہ گزر گیا وہ قیامت تک واپس نہیں آئے گا۔ جو دن بیت گیا وہ دوبارہ نہیں ملے گا۔ جو سال ختم ہو گیا وہ ہماری زندگی کے سرمایہ میں اضافہ نہیں بلکہ کمی کا اعلان ہے۔ ہماری عمر بڑھتی نہیں گھٹتی ہے۔ ہماری زندگی لمبی نہیں ہو رہی بلکہ مختصر ہو رہی ہے۔ افسوس یہ ہے کہ ہم موت کو دوسروں کا مسئلہ سمجھتے ہیں۔ جنازوں میں شریک ہوتے ہیں، قبروں پر جاتے ہیں، تعزیت کرتے ہیں مگر یہ بھول جاتے ہیں کہ ایک دن ہمارا جنازہ بھی اٹھے گا، ہمارے لیے بھی دعائیں کی جائیں گی اور ہمیں بھی قبر کے اندھیرے حوالے کر دیا جائے گا۔ پھر ہماری ڈگریاں، ہمارے عہدے، ہماری جائیدادیں، ہماری سیاسی وابستگیاں اور ہماری دنیاوی مصروفیات ہمارے کسی کام نہیں آئیں گی۔ صرف اعمال ساتھ جائیں گے۔ یاد رکھیں کہ ۱۴۴۸ ہجرت صرف مکہ سے مدینہ جانے کا نام نہیں تھا بلکہ باطل سے حق کی طرف سفر کا نام تھا۔ گناہوں سے اطاعت کی طرف سفر کا نام تھا۔ ظلمت سے نور کی طرف سفر کا نام تھا۔ اگر ہم واقعی نئے ہجری سال کا استقبال کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں بھی اپنی زندگی میں ایک ہجرت کرنی ہو گی۔ گناہوں سے توبہ کی طرف ہجرت، غفلت سے بیداری کی طرف ہجرت، سستی سے عمل کی طرف ہجرت اور نفرت سے محبت کی طرف ہجرت۔ ہمیں فیصلہ کرنا ہو گا کہ یہ سال فضولیات میں ضائع نہیں کریں گے۔ موبائل کی اسکرینوں پر گھنٹوں برباد کرنے کے بجائے قرآن کے ساتھ تعلق مضبوط کریں گے۔ سوشل میڈیا کے جھگڑوں میں الجھنے کے بجائے علم حاصل کریں گے۔ دوسروں کی خامیاں تلاش کرنے کے بجائے اپنی اصلاح کریں گے۔ بے مقصد گفتگو کے بجائے ذکرِ الٰہی کو اختیار کریں گے۔ یہ سال ہمیں قرآن کے قریب لے جانے والا سال ہونا چاہیے۔ افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ امت کا سب سے بڑا المیہ یہ نہیں کہ اس کے پاس قرآن نہیں بلکہ یہ ہے کہ قرآن موجود ہونے کے باوجود وہ اس سے دور ہے۔ گھروں میں قرآن موجود ہے مگر دلوں میں نہیں۔ الماریوں میں قرآن موجود ہے مگر زندگیوں میں نہیں۔ تلاوت ہوتی ہے مگر عمل نہیں ہوتا۔ آج ہمیں یہ عہد کرنا ہو گا کہ قرآن کو اپنی زندگی کا رہنما بنائیں گے۔ روزانہ اس کی تلاوت کریں گے، اس کا ترجمہ پڑھیں گے، اس کے پیغام کو سمجھیں گے اور اسے اپنی زندگیوں پر نافذ کریں گے۔ اسی طرح یہ سال امت کے درد کو محسوس کرنے کا سال بھی ہونا چاہیے۔ فلسطین کے مظلوم بچے آج بھی انصاف کے منتظر ہیں۔ دنیا کے مختلف حصوں میں مسلمان مشکلات کا شکار ہیں۔ کہیں جنگ ہے، کہیں بھوک ہے، کہیں ظلم ہے اور کہیں بے بسی مگر ہماری اکثریت اپنی ذاتی دنیا میں اس قدر گم ہو چکی ہے کہ امت کے زخموں کی ٹیس بھی محسوس نہیں کرتی۔ ایک زندہ امت کی پہچان یہ ہوتی ہے کہ اسے اپنے ہر فرد کا درد محسوس ہوتا ہے۔ اگر ہمارے دل امت



کے مسائل پر بے حس ہو چکے ہیں تو ہمیں اپنے ایمان کی کیفیت پر غور کرنا چاہیے۔

۱۴۴۸ ہجری نوجوانوں کے لیے بھی ایک پیغام لے کر آ رہی ہے۔ نوجوانی زندگی کا سب سے قیمتی سرمایہ ہے۔ افسوس کہ آج یہی سرمایہ فضول مشاغل، بے مقصد تفریحات اور وقتی لذتوں کی نذر ہو رہا ہے۔ امت کے نوجوان اگر اپنی صلاحیتوں کو پہچان لیں تو وہ دنیا کا نقشہ بدل سکتے ہیں۔ مگر اس کے لیے انہیں اپنی ترجیحات درست کرنا ہوں گی۔ یہ سال علم حاصل کرنے کا سال ہونا چاہیے۔ کتابوں سے دوستی کا سال ہونا چاہیے۔ کردار سازی کا سال ہونا چاہیے۔ خود اعتمادی پیدا کرنے کا سال ہونا چاہیے۔ امت کی خدمت کا سال ہونا چاہیے۔ علماء، دانشوروں، اساتذہ، صحافیوں اور سماجی کارکنوں کو بھی اس سال اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرنا ہو گا۔ معاشرہ صرف تنقید سے نہیں بنتا بلکہ تعمیری جدوجہد سے بنتا ہے۔ صرف شکایتیں کرنے سے حالات نہیں بدلتے بلکہ قربانیاں دینے سے تبدیلی آتی ہے۔ اگر ۱۴۴۸ ہجری ہماری زندگی کا آخری سال ثابت ہو گیا تو کیا ہم اپنے رب کے سامنے سرخرو ہو سکیں گے؟ کیا ہمارے اعمال نامے میں اتنی روشنی ہے کہ قبر کا اندھیرا دور کر سکے؟ کیا ہمارے پاس اتنا سرمایۂ عمل ہے کہ روزِ قیامت ہماری نجات کا ذریعہ بن سکے؟ یاد رکھیں کہ یہ سوالات خوف پیدا کرنے کے لیے نہیں بلکہ بیداری پیدا کرنے کے لیے ہیں۔ کامیاب وہی ہے جو مرنے سے پہلے اپنی زندگی کا حساب لے لے۔ جو اپنی غلطیوں کو پہچان لے۔ جو اپنی کمزوریوں کو دور کرنے کی کوشش کرے۔ آج سال نو کی آمد ہمیں چیخ چیخ کر پکار رہی ہے کہ اے امتِ مسلمہ! ابھی وقت باقی ہے۔ ابھی دروازے بند نہیں ہوئے۔ ابھی توبہ کا راستہ کھلا ہے۔ ابھی اصلاح کی گنجائش موجود ہے۔ ابھی تم اپنی زندگی بدل سکتے ہو۔ ابھی تم اپنے رب کو راضی کر سکتے ہو۔ کوشش کیجیے کہ یہ سال محض مبارک بادوں کا سال نہ بنے بلکہ تبدیلی کا سال بنے۔ یہ سال صرف دعووں کا سال نہ بنے بلکہ عمل کا سال بنے۔ یہ سال صرف تمناؤں کا سال نہ بنے بلکہ جدوجہد کا سال بنے۔ یہ سال صرف منصوبوں کا سال نہ بنے بلکہ ان منصوبوں کو عملی جامہ پہنانے کا سال بنے۔ آیئے سال نو کے آغاز پر ہم اپنے رب کے حضور سر جھکا کر یہ عہد کریں کہ ہم اپنے وقت کی حفاظت کریں گے، اپنی نمازوں کی پابندی کریں گے، قرآن سے تعلق مضبوط کریں گے، اپنے اخلاق کو بہتر بنائیں گے، امت کے درد کو محسوس کریں گے، علم حاصل کریں گے، گناہوں سے بچنے کی کوشش کریں گے اور اپنی زندگی کو اس طرح گزاریں گے کہ جب اگلا ہجری سال آئے تو ہمیں یہ احساس ہو کہ ہم نے صرف ایک سال نہیں گزارا بلکہ اپنی آخرت کے لیے ایک قیمتی سرمایہ جمع کیا ہے۔ کیونکہ سال بدلتے رہتے ہیں، مہینے گزرتے رہتے ہیں، تاریخ کے صفحات پلٹتے رہتے ہیں مگر کامیاب وہی ہوتا ہے جو وقت کے گزرنے سے پہلے خود کو بدل لیتا ہے۔ ورنہ ایک دن زندگی کی شام آ جاتی ہے، وقت کا چراغ بجھ جاتا ہے اور انسان حسرت کے ساتھ یہ کہنے پر مجبور ہو جاتا ہے کہ کاش! میں نے اپنے رب کے لیے کچھ اور کر لیا ہوتا۔ ۱۴۴۸ ہجری کی آمد مبارک ہو مگر یاد رکھیے! کہ مبارک وہ سال نہیں جو شروع ہو جائے بلکہ مبارک وہ سال ہے جو ہمیں اللہ تعالیٰ کے قریب کر دے۔

* کریم گنج،
پورن پور، پیلی بھیت، مغربی اترپردیش
iftikharahmadquadri@gmail.com

# یکم محرم الحرام اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت کی جغرافیائی حدود

یکم محرم الحرام کی تاریخ جہاں ہجرتِ مدینہ کے اس سبق کو تازہ کرتی ہے کہ حق کی خاطر قربانی دینا ہی اصل کامیابی ہے، وہاں ہمیں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی بے مثال خلافت اور شہادت کی بھی یاد دلاتی ہے.

اس تحریر میں راقم الحروف محرم الحرام کی تاریخی حیثیت اور فضائل و کمالاتِ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو پیش کرنے کی کوشش کرے گا.

پہلی محرم الحرام کی تاریخ اسلام اور مسلمانوں کے لیے صرف ایک نئے کیلنڈر کا آغاز نہیں ہے، بلکہ یہ اپنے اندر گہری تاریخی، روحانی اور انتظامی اہمیت رکھتی ہے۔

اسلامی تاریخ کے آئینے میں یکم محرم کی اہمیت کو درج ذیل بنیادی نکات کے ذریعے سمجھا جا سکتا ہے:

## اسلامی نئے سال (ہجری تقویم) کا آغاز

یکم محرم الحرام اسلامی (ہجری) سال کا پہلا دن ہے۔

اس کیلنڈر کی بنیاد نبی کریم حضرت محمد ﷺ کی مکہ سے مدینہ ہجرت کے عظیم واقعے پر رکھی گئی ہے۔ ہجرت محض ایک سفر نہیں تھا، بلکہ یہ اسلام کی فتح، ایک آزاد اسلامی معاشرے کے قیام اور حق و باطل کے درمیان واضح لکیر کھینچنے کا نقطہ آغاز تھا۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں جب ایک باقاعدہ اسلامی کیلنڈر کی ضرورت محسوس ہوئی، تو صحابہ کرام کے مشورے سے ہجرت کے سال کو بنیاد بنا کر محرم الحرام سے نئے سال کا آغاز طے پایا۔

## حرمت اور امن کا مہینہ

قرآن کریم میں جن چار مہینوں کو "اشھر حرم" (حرمت والے مہینے) قرار دیا گیا ہے، محرم الحرام ان میں سے ایک ہے۔

یکم محرم سے ہی اس متبرک مہینے کا آغاز ہوتا

از قلم: محمد کلام الدین نعمانی مصباحی امجدی بنوٹا، مہوتری، نیپال نائب ایڈیٹر: نیپال اردو ٹائمز

ہے، جس میں زمانہ جاہلیت سے لے کر اسلام کے بعد تک جنگ و جدل، خون خرابہ اور ظلم کو سخت ممنوع قرار دیا گیا ہے۔ یہ دن دنیا کو امن، سلامتی اور احترام کا پیغام دیتا ہے۔

احتسابِ نفس اور نئے روحانی سفر کا آغاز

روحانی نقطہ نظر سے یکم محرم مسلمانوں کے لیے ایک سنگِ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔

جیسے دنیاوی سال کے آغاز پر لوگ نئے منصوبے بناتے ہیں، ویسے ہی یکم محرم کو مسلمان گزرے ہوئے سال کے گناہوں اور کوتاہیوں پر استغفار کرتے ہیں اور آنے والے سال کو تقویٰ، عبادات اور انسانیت کی خدمت میں گزارنے کا نیا عزم کرتے ہیں۔

امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی شہادت

یکم محرم الحرام تاریخِ اسلام کے ایک انتہائی دردناک اور عظیم سانحے کی یادگار بھی ہے۔

مسلمانوں کے دوسرے خلیفہِ راشد، "حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ" پر ۲۶ ذوالحجہ کو نمازِ فجر کے دوران ابو لولو فیروز (مغیرہ بن شعبہ کے پارسی غلام) نے خنجر سے قاتلانہ حملہ کیا تھا۔

آپ شدید زخمی ہوئے اور تین دن بعد، یکم محرم الحرام کو جامِ شہادت نوش کر کے دنیا فانی سے رخصت ہو گئے۔ آپ کی شہادت نے اسلامی تاریخ پر گہرے اثرات چھوڑے اور آپ کا دورِ خلافت عدل و انصاف، شاندار فتوحات اور مثالی انتظامی نظام کا سنہری دور کہلاتا ہے۔

## فضائل و کمالات حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اسلام کی وہ عظیم ترین شخصیت ہیں جن کی عدل و انصاف، شجاعت، اور تدبر کی گواہی نہ صرف مسلم تاریخ بلکہ غیر مسلم مؤرخین بھی دیتے ہیں۔

آپ رضی اللہ عنہ کو رسول اللہ ﷺ نے "فاروق" (حق اور باطل میں فرق کرنے والا) کا لقب عطا فرمایا۔

قرآن، حدیث اور تاریخ کی روشنی میں آپ رضی اللہ عنہ کے چند نمایاں فضائل:

مرادِ رسول ﷺ

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی اسلام آوری خود رسول اللہ ﷺ کی دعا کا نتیجہ تھی۔ آپ ﷺ نے دعا فرمائی تھی:

"اے اللہ عمر بن خطاب یا عمرو بن ہشام (ابوجہل) میں سے جو تجھے زیادہ محبوب ہو، اس کے ذریعے اسلام کو عزت و قوت عطا فرما۔" (جامع ترمذی)

اللہ تعالیٰ نے یہ شرف حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو بخشا۔

آپ کی آمد سے اسلام کو تقویت

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ایمان لانے سے قبل مسلمان مکہ میں چھپ کر عبادت کرتے تھے۔ آپ کے اسلام لانے کے بعد مسلمانوں کو حوصلہ ملا۔، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

"جب سے عمر اسلام لائے، ہم برابر طاقتور رہے اور ہم بیت اللہ میں نماز پڑھنے کے قابل ہو گئے۔" قرآن کی تائیدات اور موافقاتِ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی بصیرت اور فہم کا یہ عالم تھا کہ متعدد مرتبہ انہوں نے جس رائے کا اظہار کیا، اللہ تعالیٰ نے وحی کے ذریعے اس کی تائید فرمائی۔ ان امور کو تاریخ میں "موافقاتِ عمر" کہا جاتا ہے۔ جیسے:

مقامِ ابراہیم کو جائے نماز بنانا۔

امہات المؤمنین (حضور ﷺ کی ازواج مطہرات) کے لیے پردے کے احکامات۔

بدر کے قیدیوں کے متعلق رائے۔

فرمانِ نبوی ﷺ کی روشنی میں مقام و مرتبہ

احادیثِ مبارکہ میں آپ کے فضائل بکثرت بیان ہوئے ہیں:

آپ ﷺ نے فرمایا: "اگر میری امت میں کوئی 'محدث' (جس کی زبان پر اللہ کی طرف سے حق جاری ہو) ہو سکتا ہے، تو وہ عمر ہیں۔" (صحیح بخاری)

آپ ﷺ نے فرمایا: "اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو وہ عمر بن خطاب ہوتے۔" (جامع ترمذی)

(واضح رہے کہ حضور ﷺ آخری نبی ہیں)۔

آپ ﷺ نے فرمایا: "اے عمر جس راستے پر تم چلتے ہو، شیطان وہ راستہ چھوڑ کر دوسرا راستہ اختیار کر لیتا ہے۔" (صحیح بخاری)

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی زندگی تقویٰ، سادگی اور غیرتِ ایمانی کا وہ اعلیٰ نمونہ ہے جو قیامت تک آنے والے حکمرانوں اور عام مسلمانوں کے لیے مشعلِ راہ رہے گا۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا دور خلافت اور جغرافیائی حدود

یکم محرم حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی شہادت کا دن بھی ہے، اس لیے اس موقع پر آپ کی خلافت کے ان کارناموں کو یاد کیا جاتا ہے جنہوں نے اسلامی دنیا کا نقشہ بدل دیا۔

حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے بعد آپ دوسرے خلیفہ راشد بنے۔

آپ کا ۱۰ سالہ دورِ حکومت (۶۳۴ء سے ۶۴۴ء) تاریخِ اسلام کا وہ سنہرا دور ہے جس



میں اسلامی سلطنت نے غیر معمولی وسعت اختیار کی۔ آپ کے دور میں دنیا کی دو بڑی سپر پاورز، یعنی سیسانی سلطنت (ایران) اور بازنطینی سلطنت (روم) کا ایک بڑا حصہ اسلامی قلمرو میں شامل ہوا۔

یہ سلطنت تین براعظموں (ایشیائے کوچک، افریقہ اور یورپ کے مضافات) تک پھیل گئی تھی۔

فتح ہونے والے اہم علاقے اور موجودہ ممالک

اگر موجودہ جغرافیے کے حساب سے دیکھا جائے، تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے دورِ حکومت میں مندرجہ ذیل ممالک یا ان کے بڑے حصے اسلامی سلطنت کا حصہ بنے:

سعودی عرب اور خلیجی ممالک: پورا جزیرہ نما عرب (بشمول یمن، عمان، متحدہ عرب امارات وغیرہ)۔

عراق اور ایران: پوری ساسانی سلطنت کا خاتمہ ہوا اور یہ دونوں ملک مکمل طور پر شامل ہوئے۔

شام، اردن، لبنان اور فلسطین: بازنطینی سلطنت کو شکست دے کر یہ پورا خطہ (جسے بلادِ شام کہا جاتا ہے) فتح ہوا، بشمول بیت المقدس۔

مصر: افریقہ کا دروازہ کھلا اور پورا مصر اسلامی سلطنت میں شامل ہوا۔

لیبیا: مصر کے ساتھ ساتھ شمالی افریقہ کے کچھ حصے بھی فتح ہوئے۔

آرمینیا اور آذربائیجان: قفقاز کے پہاڑی سلسلے تک سلطنت پھیل گئی۔ (وکیپیڈیا)

سلطنت کتنی دور تک پھیلی ہوئی تھی؟

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے ۱۰ سالہ دورِ خلافت میں اسلامی سلطنت کی وسعت کا اندازہ ان اعداد و شمار سے لگایا جا سکتا ہے:

کل رقبہ: تقریباً ۲۲ لاکھ مربع میل (موجودہ دور کے حساب سے کئی بڑے ممالک کے مجموعے سے بھی بڑا رقبہ)۔

جغرافیائی حدود:

یہ سلطنت مغرب میں لیبیا کے ریگستانوں سے لے کر، مشرق میں دریائے سندھ اور وسطی ایشیا کی حدود تک، اور شمال میں آرمینیا سے لے کر جنوب میں یمن تک پھیلی ہوئی تھی۔

آپ کے دور میں تقریباً ۱۰۳۶ شہر فتح ہوئے اور ایک ایسا عادلانہ نظام قائم ہوا جس کی مثال دنیا کی تاریخ میں نہیں ملتی۔

آپ نے دنیا کا پہلا منظم ڈاک کا نظام قائم کیا۔

بیت المال (پبلک ٹریژری) کا باقاعدہ محکمہ بنایا۔

راتوں کو گلیوں میں گشت کر کے رعایا کے احوال معلوم کرنے کی روایت قائم کی۔

ان کے علاوہ بہت سے فضائل و کمالات اور کارنامے ہیں جو کتب سیر میں بالتفصیل درج ہیں.

یکم محرم الحرام ۱۴۴۸ھ
۲۰۲۶/۰۶/۱۷ بروز بدھ

## منقبت

### امام عالی مقام
### رضی اللہ عنہ

خدا کی راہ میں پرچم اٹھا رہے ہیں حسین
قدم کو جنگ کی جانب بڑھا رہے ہیں حسین

وہ اپنا وعدہ نبھانے کو آ گئے کربل
رضائے حق کے لیے سر کٹا رہے ہیں حسین

یزیدی فوج کے لاشوں کے ڈھیر تھے ہر سو
حسینی فوج کو آگے بڑھا رہے ہیں حسین

کسی سے دیکھا نہ جاتا تھا ایسا تھا منظر
کہ اپنے بیٹے کا لاشہ اٹھا رہے ہیں حسین

ذرا سی فوج کے تحسین حوصلے تھے بہت
بڑی ہی شان سے کربل میں آ رہے ہیں حسین

فقط والسلام

محمد تحسین رضا قادری رفاعی سہروردی
خانقاہ قادریہ محمد نگر گنگا گھاٹ اناؤ
۹۸۳۸۰۹۹۷۸۶




# عالمی قرضوں کا بحران اور ترقی پذیر ممالک کی مشکلات

تحریر: اللہ نواز خان
allahnawazk012@gmail.com

قرضوں کی وجہ سے ترقی پذیر ممالک کی مشکلات میں بہت زیادہ اضافہ ہو رہا ہے۔ قرضوں کے جال میں پھنسا کر بہت سے ممالک کی معیشتوں پر قبضہ کرنے کے علاوہ انتظامی امور کو بھی کنٹرول کیا جا رہا ہے۔ قرضے ایک سنگین مسئلہ بن چکے ہیں۔ قرض تقریبا تمام ممالک لیتے ہیں لیکن مسائل کمزور ممالک کے لیے پیدا ہوتے ہیں۔ ترقی یافتہ ممالک معاشی طور پر مستحکم ہوتے ہیں، ان کے لیے قرضہ مسئلہ نہیں بنتا۔ غریب اور ترقی پذیر ممالک کے لیے قرض معاشی اور دیگر مسائل پیدا کر دیتا ہے۔ عالمی بینک، آئی ایم ایف اور دیگر مالیاتی اداروں کی رپورٹس کے مطابق ترقی پذیر ممالک قرضوں کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں۔ ترقی پزیر ممالک کو معیشتیں چلانے، ترقیاتی منصوبوں کو مکمل کرنے اور مالیاتی خسارے پر قابو پانے کے لیے مسلسل بیرونی قرضوں کا سہارا لینا پڑتا ہے۔ قرض پر چلنے والی معیشتیں ہمیشہ مسائل کا شکار رہتی ہیں۔ کوئی ملک اگر قرض حاصل کرتا ہے تو اس کو قرض دینے والی کی شرائط بھی تسلیم کرنا پڑتی ہیں۔ مقروض ممالک ٹیکسز میں اضافہ، مہنگائی میں اضافہ، فنڈز میں کٹوتی جیسی شرائط تسلیم کر کے ملک کی خود مختاری کو کمزور کرتے ہیں۔ اکثر اوقات اس قسم کی شرائط بھی تسلیم کر لی جاتی ہیں، جن کا عام حالات میں سوچنا بھی تصور نہیں کیا جاتا۔ سیاسی طور پر بھی مداخلت بڑھ جاتی ہے، جس کا نقصان مقروض ملک کو ہوتا ہے۔ من پسند حکمرانوں کو حکومت دے کر قرض دینے والے ممالک اپنی مرضی کی پالیسیاں بنوا کر نافذ کر دیتے ہیں۔ قرض لینے والے ممالک میں کرپشن، میرٹ کی پامالی سمیت کئی قسم کے مسائل پیدا ہو جاتے ہیں۔

کچھ ممالک صنعتوں کے لحاظ سے مضبوط ہوتے ہیں اور کچھ ممالک میں معدنیات موجود ہوتی ہیں۔ صنعتوں اور معدنیات سے ملک معاشی طور پر مضبوط ہوتا ہے۔ خلیجی ممالک میں تیل پایا جاتا ہے جس کی وجہ سے ان ممالک کی معیشت مضبوط ہے۔ جرمنی، جاپان کے علاوہ کئی ممالک میں صنعتی خوشحالی ہے۔ کئی ممالک میں سیاسی عدم استحکام کی وجہ سے مسائل پائے جاتے ہیں، حالانکہ معدنیات سمیت کئی قسم کے خزانے موجود ہوتے ہیں۔ جنگوں کی وجہ سے بھی معاشی دھچکا پہنچتا ہے۔ دیگر بھی کئی قسم کے مسائل ہیں جن کی وجہ سے ممالک معاشی کمزوری کا شکار ہو جاتے ہیں۔ مختلف مسائل کی وجہ سے ان ممالک کو قرض کی ضرورت ہوتی ہے۔ قرض دینے والے ان ممالک کی مجبوریوں کا فائدہ اٹھاتے ہیں۔ بھاری سود کے عوض قرض دیا جاتا ہے۔ مقروض ملک اکثر اوقات قرض کی قسط ادا کرنے کے لیے مزید قرض لیتا ہے۔ قرض در قرض کا سلسلہ دراز ہوتا جاتا ہے اور وہ ملک کبھی بھی معاشی صورتحال کو بہتر نہیں کر سکتا۔ قرض معاشی استحکام اور قومی خود مختاری کے لیے ایک بڑا خطرہ بن چکا ہے۔ قرض لینے والے ممالک اکثر اپنے ترقیاتی منصوبے پائیہ تکمیل تک نہیں پہنچا پاتے۔ رقم کی کمی صحت، تعلیم اور دیگر بنیادی ضروریات کے فنڈز میں کٹوتی کر کے پوری کی جاتی ہے۔ اس قسم کے مسائل سے مزید مسائل پیدا ہو جاتے ہیں۔ قرض لیا جائے لیکن بہتر منصوبہ بندی سے خرچ کیا جائے تو ملک ترقی کر سکتا ہے۔ دوسری صورت میں قرض لینے والا ملک ہمیشہ مقروض رہے گا اور معاشی کمزوری کا بھی سامنا کرتا رہے گا۔

ایک رپورٹ کے مطابق دنیا کے ۱۲۲ ممالک خطرناک حد تک قرضوں کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں۔ کئی ممالک کی تو معاشی حالت انتہائی خراب ہے۔ قرضے کی وجہ سے سرمایہ کاری متاثر ہوتی ہے، حالانکہ سرمایہ کاری سے کسی بھی ملک کی معیشت کو استحکام حاصل ہوتا ہے۔ قرض لے کر ملک کی معیشت کو مزید کمزور کیا جاتا ہے، جس کی وجہ سے عوامی زندگی متاثر ہوتی ہے۔ معاشی لحاظ سے کمزور ممالک جب تک قرض سے چھٹکارا نہیں پاتے، اس وقت تک معاشی استحکام کا حاصل ہونا مشکل ہے۔ بہتر پالیسیاں بنا کر قرض سے چھٹکارا حاصل کیا جا سکتا ہے۔ برآمدات میں اضافہ اور درآمدات میں کمی کی جائے۔ لوکل انڈسٹریز کا فروغ لازما کرنا چاہیے۔ ملک میں موجود فیکٹریوں کو سبسڈی اور دیگر سہولیات دے کر معیشت کو مضبوط کیا جا سکتا ہے۔ موبائل، گاڑیاں، الیکٹرانکس کا سامان اور دیگر مصنوعات ملکی طور پر تیار کی جائیں۔ مشینری بھی ملک کے اندر تیار کی جانی چاہیے اور مصنوعات کا معیار بھی بہتر ہو۔ اگر معیاری مصنوعات تیار کی جائیں گی تو ان کی عالمی منڈی میں بہتر قیمت مل سکے گی۔ ٹیکس کا نظام بہتر بنانا چاہیے اور ٹیکس نیٹ ورک کی توسیع بھی لازمی ہونی چاہیے۔ ٹیکس سسٹم کو ڈیجیٹل پر منتقل کیا جائے اور ٹیکس کی شفافیت کا خاص خیال رکھا جائے۔ امیر سے براہ راست ٹیکس وصولی کا انتظام کیا جائے۔ کمزور طبقات کے لیے سبسڈی کا نظام ہونا چاہیے۔ غیر ملکی سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کی جائے۔ ملکی سرمایہ کاروں کو بھی سہولیات دی جائیں، تاکہ ملک میں سرمایہ کاری سے خوشحالی پیدا ہو سکے۔ جن ممالک میں کرپشن زیادہ ہو وہ ملک بھی معاشی طور پر مضبوط نہیں ہو سکتے۔ کرپشن کا خاتمہ ضروری ہے ورنہ کوئی بھی ملک ترقی نہیں کر سکتا۔ جن ممالک کے پاس بہترین زرعی رقبے ہیں، اگر زراعت کے شعبے پر توجہ دی جائے تو معیشت مستحکم ہو سکتی ہے۔ معدنیات کو بھی استعمال میں لایا جائے۔ کئی ممالک میں قیمتی معدنیات کے ذخائر موجود ہوتے ہیں، لیکن ان کو استعمال میں نہ لا کر معاشی بدحالی برداشت کی جا رہی ہوتی ہے۔ بہت سے ذرائع ہیں جن کی وجہ سے کوئی بھی ملک اپنی معیشت کو مضبوط کر کے قرضوں کے جال سے نکل سکتا ہے۔

قرض کا بحران سنگین ہوتا جا رہا ہے۔ کرونا وبا نے بھی عالمی معاشی نظام کو زبردست نقصان پہنچایا۔ بہت سے ممالک اس وبا کی وجہ سے معاشی طور پر کمزور ہو گئے۔ قرضوں کا بحران بہت سے ممالک کی ترقی کو روک رہا ہے۔ معاشی لحاظ سے کمزور ممالک متحد ہو کر خود مختار ہو سکتے ہیں۔ قرض کی رقم بہتر منصوبوں پر استعمال کرنے سے فوائد حاصل ہو سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر تعلیم کا بجٹ زیادہ ہونا چاہیے۔ اگر تعلیم پر زیادہ رقم خرچ کی جائے تو مستقبل میں معاشی انقلاب آ سکتا ہے۔ تعلیم کے علاوہ دیگر بہتر منصوبوں پر سرمایہ خرچ کیا جائے، جس کا فائدہ لازما ہو گا۔ یہ کہنا ضروری ہے کہ فوری طور پر قرضوں سے نجات حاصل نہیں کی جا سکتی، آہستہ آہستہ اس بحران پر قابو پایا جا سکتا ہے۔ قرض کسی ایک ملک کا مسئلہ نہیں بلکہ بے شمار ممالک کا مسئلہ ہے۔ بہتری کے لیے کام نہ کرنے والے ممالک ہمیشہ ابتر صورتحال کا سامنا کرتے رہیں گے۔ قرض جیسے بحران کا مقابلہ کرنا آسان نہیں لیکن ناممکن نہیں۔ کوشش سے بہت کچھ حاصل ہوتا ہے۔

# فخر القرا حضرت علامہ قاری محمد یحییٰ اعظمی مبارک پوری ایک مایۂ ناز مدرس کی حیثیت سے

محمد معاذ قادری مصباحی
مبارک پوری

فخرُ القراء حضرت علامہ قاری محمد یحییٰ اعظمی مبارک پوری رحمۃ اللہ علیہ ایک مایۂ ناز مدرس، باوقار منتظم، بلند پایہ عالمِ دین اور فنِ قرأت و تجوید کے بے مثال امام تھے۔ اللہ رب العزت نے آپ کو ایسے گوناگوں اوصافِ حمیدہ سے نوازا تھا کہ آپ کی ذاتِ گرامی علم و عمل، درس و تدریس و تربیت، انتظام و انصرام اور اخلاص و للّٰہیت کا حسین مرقع بن گئی تھی۔ آپ نے اپنی پوری زندگی قرآنِ کریم کی خدمت، علومِ دینیہ کی اشاعت اور جامعہ اشرفیہ مبارک پور کی ترقی و استحکام کے لیے وقف کر رکھی تھی۔

جامعہ اشرفیہ مبارک پور کے قدیم اساتذہ میں آپ کا شمار نہایت ممتاز اور نمایاں حیثیت سے ہوتا ہے۔ آپ جہاں ایک بہترین مجوّدِ قرآن، سحر بیان مقرر اور نظم و نسق کے ماہر منتظم تھے، وہیں ایک باکمال، باصلاحیت اور ہمہ جہت مدرس بھی تھے۔ آپ کی درسگاہِ فیض سے ہزاروں طلبہ نے کسبِ فیض کیا اور آج دنیا کے مختلف خطوں میں دینِ متین اور مسلکِ اہلِ سنت کی خدمات انجام دے رہے ہیں۔

اگرچہ عوام و خواص کے درمیان آپ "قاری صاحب" کے لقب سے مشہور تھے، مگر حقیقت یہ ہے کہ آپ محض ایک قاری نہ تھے بلکہ علومِ اسلامیہ کے ایک جید عالم، صاحبِ نظر مدرس اور علمی و فکری رہنما تھے۔ دورِ حافظِ ملت حضرت علامہ شاہ عبدالعزیز محدث مرادآبادی رحمۃ اللہ علیہ میں تین شخصیات ایسی تھیں جنہیں مخصوص القابات سے یاد کیا جاتا تھا اور اہلِ جامعہ فوراً سمجھ جاتے تھے کہ کس بزرگ کا تذکرہ ہو رہا ہے۔ "حافظ جی" سے مراد رئیس المتکلمین حضرت علامہ حافظ عبدالرؤف بلیاوی رحمۃ اللہ علیہ، "مفتی صاحب" سے مراد بحر العلوم حضرت علامہ مفتی عبدالمنان اعظمی رحمۃ اللہ علیہ اور "قاری صاحب" سے مراد فخرُ القراء حضرت علامہ قاری محمد یحییٰ اعظمی رحمۃ اللہ علیہ ہوتے تھے۔ یہ تینوں حضرات اپنے عہد کے ممتاز علماء اور علمی دنیا کے درخشاں ستارے تھے۔

حضرت قاری صاحب جب تک مدرس رہے درس نظامی و شعبۂ قرأت کے ماہر مدرس رہے۔

اس وقت میرے سامنے نقشہ مظہر تعلیم جامعہ اشرفیہ مبارک پور ہے۔ ۱۳۶۶ سے ۱۳۶۷ھ میں درس نظامی کا درس دیتے رہے۔

حضرت قاری صاحب محض صرف قاری ہی نہیں بلکہ ادب، منطق، تفسیر، حدیث کے باقاعدہ ایک ماہر مدرس کی حیثیت رکھتے تھے۔ ۱۹۶۲ء تک درس و تدریس کا سلسلہ جاری رہا۔ پھر انتظامیہ نے آپ کو ناظم اعلیٰ کے منصب پر فائز کیا۔ اور درس و تدریس کا سلسلہ منقطع ہو گیا۔ پھر آپ جامعہ اشرفیہ مبارک پور کے نظم و نسق کو بہتر بنانے میں لگ گیے۔ آپ کے دور نظامت میں اشرفیہ کو خوب مالی فائدہ کرایا، آپ ہی کے دور نظامت میں زمین کی خریداری بھی خوب ہوئی۔ نظامت کا یہ سلسلہ ۱۹۶۲ء سے ۱۹۷۸ء (۱۶ سال) تک رہا۔ نہایت ہی ایمان داری کے ساتھ اس منصب کو نبھایا اور مدرسہ اشرفیہ سے جامعہ اشرفیہ تک پہنچانے میں کلیدی کردار ادا کیا۔

مختصراً یہ کہ فخرُ القراء حضرت علامہ قاری محمد یحییٰ اعظمی مبارک پوری رحمۃ اللہ علیہ کی حیاتِ طیبہ علم، عمل، اخلاص، تدریس، تربیت اور حسنِ انتظام کا روشن باب ہے۔ آپ نے ایک طرف ہزاروں تشنگانِ علم کو سیراب کیا اور دوسری طرف جامعہ اشرفیہ کی تعمیر و ترقی میں ایسی یادگار خدمات انجام دیں جنہیں تاریخِ اشرفیہ کبھی فراموش نہیں کر سکتی۔ آپ کی شخصیت اساتذۂ اشرفیہ کے لیے نمونۂ عمل اور آنے والی نسلوں کے لیے مشعلِ راہ ہے۔

اللہ تعالیٰ فخرُ القراء رحمۃ اللہ علیہ کی قبرِ انور کو نور سے بھر دے، درجات کو بلند فرمائے، ان کے علمی و روحانی فیوض و برکات کو تا قیامت جاری رکھے اور ہمیں ان کے نقشِ قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین بجاہ سید المرسلین ﷺ۔

از قلم ________ خاک پائے فخر القرا
محمد معاذ قادری مصباحی مبارک پوری
۲۵/ذی الحجہ ۱۴۴۷ھ
مطابق ۱۲/جون ۲۰۲۶ء

Published By: Ulama Foundation Nepal, Bhairahwa, Rupandehi Lumbini Pradesh Nepal, Reg: 372860
Email:- weeklynepalurdutimes@gmail.com, Web site: www.nepalurdutimes.com, Contact:- +91 8795979383, +977 9817619786, +9779821442810

# درودِ پاک: رحمتوں، برکتوں اور سکونِ قلب کا عظیم خزانہ



از قلم:
ڈاکٹر محمد عبدالسمیع ندوی
اسسٹنٹ پروفیسر مولانا آزاد کالج اورنگ آباد
حال مقیم: فندق صفاطیبہ روبرو
مسجد نبوی مدینہ منورہ

انسانی زندگی آج بے شمار پریشانیوں، ذہنی دباؤ، بے سکونی اور روحانی خلا کا شکار ہے۔ ترقی کی چمکتی ہوئی دنیا میں دلوں کا سکون کہیں گم سا ہو گیا ہے۔ لوگ مال و دولت کے انبار رکھنے کے باوجود اطمینانِ قلب سے محروم ہیں۔ ایسے نازک دور میں اسلام انسان کو ایک ایسا عظیم روحانی نسخہ عطا کرتا ہے جو دلوں کو سکون، زندگی کو برکت اور روح کو نور بخشتا ہے، اور وہ ہے: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر کثرت سے درود شریف پڑھنا۔

درودِ پاک صرف چند الفاظ کا مجموعہ نہیں بلکہ یہ بندۂ مؤمن اور اس کے محبوب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان محبت، عقیدت اور وفاداری کا حسین ترین رشتہ ہے۔ یہی وہ عبادت ہے جس میں اللہ تعالیٰ خود اپنے فرشتوں کے ساتھ شامل ہوتا ہے۔ قرآن مجید میں ارشادِ ربانی ہے:

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوۡنَ عَلَی النَّبِیِّ ؕ یٰۤاَیُّہَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا صَلُّوۡا عَلَیۡہِ وَسَلِّمُوۡا تَسۡلِیۡمًا

یعنی بے شک اللہ اور اس کے فرشتے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتے ہیں، اے ایمان والو! تم بھی ان پر درود و سلام بھیجا کرو۔

یہ آیت اس عبادت کی عظمت کے لیے کافی ہے کہ جس عمل میں ربّ کائنات اور فرشتے شریک ہوں، وہ عمل کس قدر عظیم ہوگا۔

احادیثِ مبارکہ میں آتا ہے کہ جب بندہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھتا ہے تو فرشتے اس کے لیے رحمت، مغفرت اور خیر کی دعائیں کرتے ہیں۔

گویا درود پڑھنے والا انسان تنہا نہیں رہتا بلکہ آسمانوں کی پاکیزہ مخلوق اس کے لیے دعا گو بن جاتی ہے۔

آج انسان ہر طرف سفارش اور تعلقات تلاش کرتا ہے، مگر وہ اس حقیقت سے غافل ہے کہ اگر وہ درود شریف کو اپنی زندگی کا معمول بنا لے تو فرشتوں کی دعائیں اس کے ساتھ ہو جاتی ہیں۔ یہ دعائیں رزق میں وسعت، بیماریوں سے حفاظت اور دل کے سکون کا سبب بنتی ہیں۔

اکثر لوگ شکایت کرتے ہیں کہ دعائیں قبول نہیں ہوتیں، پریشانیاں ختم نہیں ہوتیں اور زندگی میں آسانیاں پیدا نہیں ہوتیں۔ اسلامی تعلیمات ہمیں بتاتی ہیں کہ درود شریف دعاؤں کی قبولیت کا بہترین ذریعہ ہے۔

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ دعا زمین و آسمان کے درمیان معلق رہتی ہے جب تک کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود نہ بھیجا جائے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ درودِ پاک دعا کو بارگاہِ الٰہی تک پہنچانے کا وسیلہ بنتا ہے۔

کتنے ہی لوگ ایسے ہیں جنہوں نے درود شریف کو اپنا معمول بنایا اور ان کی بگڑی ہوئی زندگیاں سنور گئیں۔ پریشانیاں دور ہوئیں، راستے کھل گئے اور دلوں میں عجب سکون اتر آیا۔

درود شریف صرف روحانی سکون ہی نہیں دیتا بلکہ دنیاوی زندگی میں بھی برکتوں کا سبب بنتا ہے۔ بزرگانِ دین فرماتے ہیں کہ جو شخص اخلاص کے ساتھ درود شریف پڑھتا ہے، اللہ تعالیٰ اس کے رزق میں وسعت عطا فرماتا ہے۔

آج معاشرہ معاشی تنگی، بے روزگاری اور گھریلو پریشانیوں سے دوچار ہے۔ لوگ مختلف تدبیریں اختیار کرتے ہیں مگر روحانی اسباب سے غافل رہتے ہیں۔ درود شریف اللہ کی رحمتوں کو متوجہ کرتا ہے اور زندگی میں خیر و برکت پیدا کرتا ہے۔

اسی طرح نیک اور صالح اولاد کی دعا کرنے والوں کے لیے بھی درود شریف ایک عظیم روحانی تحفہ ہے۔ اللہ تعالیٰ کے مبارک نام "الحمید المجید" جو درودِ ابراہیمی میں وارد ہوئے ہیں، ان میں بڑی برکت پوشیدہ ہے۔

اسلام نے والدین کے حقوق کو بے حد اہمیت دی ہے۔ درود شریف ایک ایسا عمل ہے جس کے ذریعے انسان اپنے والدین کے لیے بھی خیر و برکت کا سامان کر سکتا ہے۔ بعض اہلِ علم نے لکھا ہے کہ جب اولاد درود شریف پڑھتی ہے اور اپنے والدین کو ایصالِ ثواب کرتی ہے تو یہ ان کے لیے عظیم تحفہ بنتا ہے۔

کتنے افسوس کی بات ہے کہ لوگ دنیاوی تحائف پر ہزاروں روپے خرچ کر دیتے ہیں مگر اپنے والدین کو وہ تحفہ نہیں دیتے جو قبر میں ان کے لیے روشنی بن سکے۔ درود شریف ایسی نیکی ہے جس کا اجر زندہ اور وفات یافتہ دونوں کو پہنچتا ہے۔

درودِ پاک وفات یافتہ عزیزوں کے لیے بھی باعثِ رحمت ہے۔ انسان دنیا سے چلا جاتا ہے مگر اس کے اعمال ختم ہو جاتے ہیں۔ ایسے میں اولاد یا متعلقین کا پڑھا ہوا درود اس کے لیے رحمت، مغفرت اور درجات کی بلندی کا ذریعہ بن سکتا ہے۔

آج ہمارے قبرستان خاموش ضرور ہیں مگر وہاں سوئے ہوئے لوگ ہماری دعاؤں کے محتاج ہیں۔ اگر ہم روزانہ کچھ وقت درود شریف اور دعا کے لیے مخصوص کر لیں تو یقیناً یہ ہمارے مرحومین کے لیے عظیم سرمایہ ہوگا۔

نماز اسلام کا ستون ہے اور درود شریف نماز کی خوبصورتی۔ فقہائے امت نے لکھا ہے کہ نماز میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا نہایت اہم ہے۔ درود کے بغیر نماز کی روح ادھوری محسوس ہوتی ہے۔

درحقیقت جو دل حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت سے خالی ہو، وہ عبادت کی حقیقی لذت سے بھی محروم رہتا ہے۔ درود شریف انسان کے اندر عشقِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو تازہ کرتا ہے، اور یہی عشق ایمان کی اصل روح ہے۔

آج سوشل میڈیا، مادہ پرستی اور دنیا کی دوڑ نے انسان کے دل کو سخت کر دیا ہے۔ غصہ، نفرت، حسد اور بے چینی عام ہو چکی ہے۔ ایسے ماحول میں درود شریف دل کے لیے نور اور روح کے لیے غذا ہے۔

جو شخص کثرت سے درود پڑھتا ہے، اس کے اخلاق میں نرمی، زبان میں مٹھاس اور دل میں سکون پیدا ہوتا ہے۔ وہ دوسروں کے لیے رحمت بن جاتا ہے کیونکہ وہ اس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کرتا رہتا ہے جو پوری انسانیت کے لیے رحمت بنا کر بھیجے گئے۔

ہر مسلمان اگر روزانہ چند منٹ نکال کر درود شریف کا معمول بنا لے تو اس کی زندگی بدل سکتی ہے۔ چلتے پھرتے، سفر میں، کام کے دوران، مسجد میں، گھر میں، صبح و شام، ہر وقت زبان کو درود سے تر رکھا جا سکتا ہے۔

خصوصاً جمعہ کے دن کثرت سے درود شریف پڑھنے کی بڑی فضیلت بیان کی گئی ہے۔ یہ ایسا عمل ہے جس میں نہ مال خرچ ہوتا ہے، نہ جسمانی مشقت، مگر اجر اتنا عظیم ہے کہ عقل حیران رہ جاتی ہے۔ درودِ پاک محض ایک وظیفہ نہیں بلکہ محبت، وفاداری، سکون، رحمت اور نجات کا عظیم پیغام ہے۔ یہ وہ نور ہے جو زندگی کے اندھیروں کو روشنی میں بدل دیتا ہے۔

آج ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم اپنی مصروف اور بے سکون زندگیوں میں درود شریف کو جگہ دیں۔ اپنے گھروں، اپنی اولاد، اپنی دعاؤں، اپنی نمازوں اور اپنی محفلوں کو درودِ پاک سے معطر کریں۔ یقین جانیے، جس دل میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت اور زبان پر درود شریف ہو، وہاں مایوسی زیادہ دیر ٹھہر نہیں سکتی۔

اللہ تعالیٰ ہمیں کثرت سے درود شریف پڑھنے کی توفیق عطا فرمائے اور اس کی برکت سے ہماری دنیا و آخرت سنوار دے۔ آمین۔

موبائل: ۹۳۲۵۲۱۷۳۰۶

# اسلامی ماہ و سال ایثار کے آئینہ دار

## سالِ نو ۱۴۴۸ء عزم و یقین کا پیغام

غلام مصطفیٰ رضوی
[نوری مشن مالیگاؤں]

اسلام عظیم دین ہے۔ فطرت کے عین مطابق ہے۔ آسمانی مذہب ہے۔ سب سے بہتر، پسندیدہ اور چُنا ہوا دین ہے۔ اسی کی تبلیغ انبیاے کرام علیہم السلام نے کی۔ رسولانِ عظام علیہم الصلوٰۃ والسلام نے قوموں کو اسی کی طرف بلایا۔ اسی دین کی تکمیل خاتم الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی آمد آمد اور نزولِ قرآن سے ہوئی۔

تمام باطل قومیں دینِ اسلام سے خوف زدہ ہیں۔ صلیبی جنگوں کی پشت پر بھی یہی پہلو نمایاں تھا کہ: اگر اسلام غالب آگیا تو عیسائیت کا مستقبل کیا ہوگا؟ کیا دیگر مذاہب جو اپنی اصل شکل کھو چکے ہیں ان کا وجود باقی رہے گا؟ غلبۂ اسلام کے خوف سے تمام باطل قوتیں یکجا ہو گئیں۔ سب متحد ہو گئے۔ اسلام کے خلاف صَف آرا ہو گئے۔ سب نے صرف اسلام کے قصرِ رفیع کو ہدف بنایا۔ ہر طرح سے اسلام کے خلاف محاذ آرائی کی۔ فکری اعتبار سے۔ تمدنی و تہذیبی لحاظ سے۔ معاشرتی و تعلیمی رُخ سے۔ لیکن تمام کوششیں ان معنوں میں شکست سے دوچار ہوئیں کہ اسلام اپنی اصل شکل میں باقی رہا اور اس کا حق ہونا مثلِ آفتاب پورے عالم پر واضح ہے۔

دین کی سچائی سے تمام باطل طاقتیں خوف زدہ رہیں۔ اور ان کی سازشیں روز بروز بڑھتی رہیں۔ دین کی حفاظت کے لیے قربانیوں کی بزم آراستہ کی گئی۔ اس رُخ سے ہم دیکھتے ہیں تو ہمارے اسلامی سال کا آغاز بھی قربانیوں سے ہوتا ہے اور اختتام بھی قربانیوں پر۔ لیکن افسوس کہ ہم سے جذبۂ قربانی و ایثار رُخصت ہو گیا۔ ہمیں دیگر اہم پہلو تو یاد رہے؛ جذبۂ ایثار بھول گئے؛ ضروری چیزیں توجہ میں رہیں لیکن جدوجہد کا حکم و اَمر فراموش کر بیٹھے۔ دین کی بقا و اقامت کے لیے عائد ذمہ داریاں فراموش کر بیٹھے۔

[۱] ماہِ محرم الحرام پہلا اسلامی مہینہ ہے۔ نئے اسلامی سال ۱۴۴۸ھ کی آمد آمد ہے۔ جس کا آغاز ہی شریعتِ اسلامی کے تحفظ کے لیے میدانِ کربلا میں پروردۂ آغوشِ مصطفیٰ؛ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی بے مثل قربانی سے ہوتا ہے۔ گویا یہ درسِ جمیل ہے کہ شریعت کا اصل چہرہ مسخ کرنے کی جہاں کوشش ہو وہاں ہر طرح کی قربانی دے کر شریعت کے تحفظ کو فائق رکھا جائے۔ یزید نے شریعت پر کربلا میں حملہ کیا اور ہند میں مشرکین شریعت پر حملے کر رہے ہیں؛ ہمیں کسی ایسے قانون سے اتفاق نہیں جو قانونِ اسلامی سے متصادم ہو۔ جو طبیعت کی اختراع ہو؛ ہم خدائی قوانین کے پابند ہیں؛ شریعت پر یقینِ کامل رکھتے ہیں۔

عجمی خم ہے تو کیا مے تو حجازی ہے مِری
نغمہ ہندی ہے تو کیا لَے تو حجازی ہے مِری

[۲] اسلامی سال کا اختتام حضرت ابراہیم علیہ السلام کی طرف سے راہِ خدا میں حضرت اسماعیل علیہ السلام کی عظیم قربانی سے ہوتا ہے؛ جس کی یاد ہر سال تازہ کی جاتی ہے؛ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس قربانی کی یادگار کو باقی رکھ کر ہمیں دین کے لیے قربانیوں کی فکر عطا کی؛ کہ جب بھی دین پر وقت آئے ایثار کی مثالیں پیش کر دی جائیں۔

[۳] وہ مردِ جلیل جس کی شجاعت نے قیصر و کسریٰ کو سرنگوں کر دیا۔ جس کے عدل و انصاف نے دُنیا کو ستم کی آندھیوں سے بچایا اور ایوانِ کفر میں زلزلہ برپا کیا۔ خلیفۂ دوم حضرت سیدنا فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ۔ جن کی رہ گزر سے شیطان بھی دور بھاگتا ہے۔ جن کی شوکت کا رعب آج بھی اہلِ کلیسا پر طاری ہے۔ جن کی شہنشاہیت کا دبدبہ پوری یہودی و عیسائی سوسائٹی پر ہے۔ جن کے کارہائے نمایاں نے اسلام کے قصرِ رفیع کو استحکام بخشا؛ ان کی شہادت بھی ماہ ذی الحجہ میں ہوئی۔ ایسے مردِ جلیل کے لہو کی بہاروں سے اسلام کا گلشن مہک رہا ہے۔ ان کے نظام کی تمکنت آج بھی باقی ہے اور مشعلِ راہ۔

[۴] اسی اختتامی ماہ ذی الحجہ میں حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی شہادت واقع ہوئی۔ شہید کرنے والے وہی لوگ تھے جو بظاہر کلمہ گو تھے؛ لیکن نظامِ اسلام سے منحرف تھے؛ وہ یہود و نصاریٰ کے ایجنٹ تھے؛ جنھوں نے عظیم صحابی خلیفۂ سوم حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو شہید کر کے اسلام مخالف قوتوں کو فائدہ پہنچایا۔ جب کہ ایثارِ عثمانی نے یہ واضح کر دیا کہ دین کے نظام میں کسی بھی سمجھوتہ کی گنجائش نہیں۔ دین کی بہاریں لہو خیزی سے قائم رہیں گی۔

ان تمام واقعات میں ایک ہی درس ہے؛ اسلام و شریعت کے تحفظ کے لیے ایثار کے دیپ جلائے جائیں۔ قربانیوں کی بزم آراستہ کی جائے۔ جان وار دی جائے لیکن خلافِ شریعت کسی بھی طرح کا سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ باطل سے خوف زَدہ ہونا مومن کی شان نہیں۔ اور جذباتی فیصلوں سے بھی گریز کیا جائے؛ بلکہ اپنا آئیڈیل اپنے اسلاف کو بنایا جائے جن کی قربانیوں نے چمنِ اسلام کو شاداب رکھا؛ جن کے طرزِ حکمرانی نے قیصر و کسریٰ کو گھٹنوں بٹھایا۔ اپنے اندر جو کمیاں ہیں وہ اسلاف کی مبارک زندگیوں سے درس لے کر دور کی جائیں اور ایثار کے جذبۂ صالح کو تازہ کر کے قوم کے مضمحل جسم میں ایمان کی حرارت و توانائی دوڑا دی جائے۔

اپنی ملت پہ قیاس اقوامِ مغرب سے نہ کر
خاص ہے ترکیب میں قومِ رسولِ ہاشمی

٭٭٭

# "اسلام نے دنیا کو خواتین کے تحفظ، کفالت اور سرپرستی کا جامع نظام عطا فرمایا"

نمائندہ، نیپال اردو ٹائمز
سید ظہیر احمد فنا



اسلام نے عورت کو محض ایک سماجی اکائی کے طور پر نہیں بلکہ انسانی معاشرے کے باوقار اور بنیادی ستون کی حیثیت عطا فرمائی۔ دینِ اسلام نے عورت کی زندگی کے ہر مرحلے میں اس کی حفاظت اور نگہداشت کے لیے واضح اصول مقرر کیے ہیں۔ یہ نظام کسی غیر تسلی بخش آزادی کی سلب و تعمیر پر مبنی نہیں بلکہ ذمہ داری، کفالت، رحمت اور جواب دہی کے اعلیٰ اسلامی تصورات پر استوار ہے۔

### خاندانی نظام کی اہمیت:

موجودہ دور میں جب خاندانی نظام کمزور ہو رہا ہے، بزرگ خواتین تنہائی کا شکار ہو رہی ہیں اور سماجی عدم تحفظ کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، ایسے سنگین حالات میں دینِ اسلام کا معتدل اور فطری نظامِ خواتین کے لیے نعمتِ غیر مترقبہ ہے۔ اسلام خاندان کو صالح معاشرے کا بنیادی اکائی قرار دیتا ہے جہاں ہر فرد کے حقوق و فرائض متعین ہیں۔

### مرد کی قوامیت (سرپرستی):

اسلام میں سرپرستی (قوامیت و ولایت) کا تصور استبداد یا مغلوبیت کا نام نہیں بلکہ ایک ایسی اخلاقی اور قانونی ذمہ داری ہے جس کے ذریعے مرد کو عورت کی کفالت، حفاظت اور ضروریات کی تکمیل کا پابند بنایا گیا ہے۔ قرآنِ کریم کی رو سے مردوں کو عورتوں پر "قوام" اس لیے بنایا گیا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے انہیں جسمانی اور معاشی کفالت کی صلاحیتوں میں فضیلت دی ہے اور وہ اپنے مال خرچ کرتے ہیں۔

### مختلف رشتوں میں عورت کا تحفظ:

بیٹی کی حیثیت سے: شریعتِ مطہرہ نے باپ کو اس امر کا مکلف قرار دیا ہے کہ وہ اپنی بیٹی کی جسمانی، اخلاقی، دینی اور معاشرتی پرورش بہترین انداز میں کرے اور اس کے حقوق کی حفاظت کرے۔ حدیثِ مبارکہ کے مطابق جس نے دو بیٹیوں کی پرورش کی یہاں تک کہ وہ بالغ ہو گئیں، وہ قیامت کے دن رسول اللہ ﷺ کے ساتھ (قریب) ہوگا۔

بہن کی حیثیت سے: اگر والد کی وفات ہو جائے تو دینِ اسلام خاندان کے قوام مرد (بھائی) کو اپنی بہنوں کی کفالت اور حفاظت کا مکلف قرار دیتا ہے۔

بیوی کی حیثیت سے: نکاح کے بعد لڑکی کی ذمہ داری شوہر کو منتقل ہو جاتی ہے۔ قرآنِ کریم فرماتا ہے کہ عورتوں کے بارے میں اللہ سے ڈرو کیونکہ تم نے انہیں اللہ کے امان کے ساتھ اپنے نکاح میں لیا ہے۔

ماں کی حیثیت سے: ماں کی خدمت کو جنت کے حصول کا مؤثر ذریعہ قرار دیا گیا ہے۔ اولڈ ایج ہومز (Old Age Homes) میں والدین کو چھوڑ دینا اسلامی تعلیمات سے انحراف ہے۔ اولاد پر لازم ہے کہ وہ عمر رسیدہ ہونے پر والدین کی جسمانی، معاشی، نفسیاتی اور جذباتی ضروریات کا بھرپور خیال رکھیں۔

### خلاصہ کلام:

یہ مضمون اس بات پر زور دیتا ہے کہ اسلام کا نظامِ قوامیت مرد کی برتری کا اعلان نہیں بلکہ اس پر عائد ہونے والی شرعی، اخلاقی اور سماجی ذمہ داریوں کا عہد نامہ ہے۔ آخر میں دعا کی گئی ہے کہ اللہ تعالیٰ تمام مسلمانوں کو اسلامی تعلیمات کے مطابق عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے

# ٭ عظمت محرم، اہل بیت اور پیغام کربلا ٭

محمد علی شیر قادری نظامی
سکونت: روضہ شریف، مہوتری نیپال

اللہ رب العزت نے زمان و مکان کی تخلیق کے ساتھ بعض اوقات اور بعض مقامات کو خصوصی فضیلت، برکت اور تقدس عطا فرمایا ہے۔ سال کے بارہ مہینوں میں چند مہینے ایسے ہیں جنہیں شریعتِ مطہرہ میں غیر معمولی عظمت اور حرمت حاصل ہے۔ انہی مبارک مہینوں میں محرم الحرام بھی شامل ہے، جو اسلامی سال کا پہلا مہینہ ہونے کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ کے نزدیک خصوصی احترام اور تقدس کا حامل ہے۔ اس مہینے کی آمد دراصل ایک نئے سال کا آغاز ہی نہیں بلکہ ایمان، احتساب، قربانی، وفاداری اور اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے ہر طرح کی آزمائش کو قبول کرنے کے عزم کی تجدید کا پیغام بھی ہے۔ قرآنِ کریم نے جن چار مہینوں کو حرمت والا قرار دیا ہے ان میں محرم الحرام نمایاں مقام رکھتا ہے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس مہینے کو "شہر اللہ" یعنی اللہ کا مہینہ فرمایا۔ یہ نسبت ہی اس مہینے کی عظمت کو سمجھنے کے لیے کافی ہے، کیونکہ جس چیز کو اللہ تعالیٰ اپنی طرف منسوب فرما دے اس کا شرف اور بڑھ جاتا ہے۔ اس مہینے میں عبادات، ذکر و اذکار، توبہ و استغفار اور نفلی روزوں کی خصوصی اہمیت بیان کی گئی ہے۔ خصوصاً دسویں محرم یعنی یومِ عاشورہ ایسا دن ہے جس سے انبیائے کرام علیہم السلام کی تاریخ، امتوں کے عروج و زوال اور اللہ تعالیٰ کی نصرت و مدد کی بے شمار یادیں وابستہ ہیں۔ روایات میں مذکور ہے کہ اسی دن حضرت آدم علیہ السلام کی توبہ قبول ہوئی، حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی طوفان کے بعد کنارۂ نجات پر پہنچی، حضرت ابراہیم علیہ السلام آگ سے محفوظ رکھے گئے، حضرت یوسف علیہ السلام کو قید سے رہائی نصیب ہوئی اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کو فرعون کے ظلم و استبداد سے نجات ملی۔ ان تمام واقعات پر غور کیا جائے تو ایک حقیقت نمایاں ہوتی ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے وفادار بندوں کو کبھی تنہا نہیں چھوڑتا۔ آزمائشیں آتی ہیں، مشکلات بڑھتی ہیں، ظاہری اسباب ختم ہوتے دکھائی دیتے ہیں مگر آخرکار نصرتِ الٰہی حق والوں ہی کے حصے میں آتی ہے۔ اسی نسبت سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یومِ عاشورہ کے روزے کی ترغیب دی اور فرمایا کہ مجھے اللہ تعالیٰ سے امید ہے کہ عاشورہ کا روزہ گزشتہ ایک سال کے صغیرہ گناہوں کا کفارہ بن جائے گا۔ یہ روزہ دراصل بندۂ مومن کو صبر، شکر اور اطاعتِ الٰہی کی یاد دلاتا ہے۔ اہلِ ایمان اس دن کو صرف ایک تاریخی واقعے کے طور پر نہیں بلکہ اپنے رب کے ساتھ تعلق کی تجدید اور روحانی پاکیزگی کے موقع کے طور پر مناتے ہیں۔ محرم الحرام کا ذکر آتے ہی دلوں میں اہلِ بیتِ اطہار رضی اللہ عنہم کی محبت کی خوشبو مہکنے لگتی ہے۔ وہ اہلِ بیت جن کے بارے میں قرآنِ کریم نے طہارت و پاکیزگی کی گواہی دی، جن سے محبت کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت قرار دیا گیا اور جن کی عظمت و شان قیامت تک امتِ مسلمہ کے لیے سرمایۂ افتخار رہے گی۔ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی شجاعت، حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کی پاکیزگی، حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کی حلم و بردباری اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی عظیم قربانی اسلام کے درخشاں ابواب ہیں۔

حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وہ محبوب نواسے ہیں جنہیں آغوشِ نبوت میں تربیت ملی، جن کے لیے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کھڑے ہو جاتے، انہیں اپنے کندھوں پر بٹھاتے اور ان کے حق میں دعائیں فرماتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ فرمان کہ "حسین مجھ سے ہے اور میں حسین سے ہوں" امام حسین رضی اللہ عنہ کے مقام و مرتبہ کو سمجھنے کے لیے کافی ہے۔ یہ صرف نسبی تعلق کا اظہار نہیں بلکہ اس حقیقت کا اعلان ہے کہ حسین رضی اللہ عنہ کا مشن دراصل محمد عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مشن کا تسلسل ہے۔ جب اسلامی تاریخ کا وہ نازک مرحلہ آیا جس میں دین کی اصل روح اور اسلامی اقدار کو خطرات لاحق ہو گئے تو حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے حق و صداقت کا عَلَم بلند کیا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے دنیا کو یہ سبق دیا کہ ایک مومن کا سر کٹ سکتا ہے مگر حق کے سامنے جھک نہیں سکتا۔ کربلا کا میدان بظاہر ایک صحرا تھا مگر حقیقت میں وہ حق و باطل کے درمیان ایک ایسا معرکہ تھا جس نے قیامت تک آنے والی نسلوں کو حریت، عزت اور استقامت کا درس دے دیا۔ جب دریائے فرات کنارے موجود تھا مگر اہلِ بیتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے خیموں پر پانی بند کر دیا گیا، جب معصوم بچوں کی پیاس آسمان سے فریاد کر رہی تھی، جب چند نفوسِ قدسیہ ہزاروں کے لشکر کے سامنے ڈٹے ہوئے تھے، تب بھی امام حسین رضی اللہ عنہ کے چہرے پر صبر، یقین اور رضا کی روشنی نمایاں تھی۔ آپ رضی اللہ عنہ جانتے تھے کہ مقصد صرف اپنی جان بچانا نہیں بلکہ دینِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حفاظت کرنا ہے۔ اسی لیے آپ رضی اللہ عنہ نے اپنے اہلِ خانہ، نوجوان بیٹوں، بھتیجوں اور جانثار ساتھیوں کو راہِ حق میں قربان کر دیا مگر باطل کے سامنے سمجھوتہ نہ کیا۔ اہلِ تصوف فرماتے ہیں کہ کربلا دراصل عشقِ الٰہی کی معراج ہے۔ یہاں انسان اپنے رب کی رضا کے لیے اپنی خواہشات، اپنے مفادات اور یہاں تک کہ اپنی جان تک قربان کر دیتا ہے۔ امام حسین رضی اللہ عنہ نے ثابت کیا کہ جب بندہ اللہ کی محبت میں فنا ہو جاتا ہے تو پھر اس کے نزدیک دنیا کی کوئی طاقت، کوئی لالچ اور کوئی خوف باقی نہیں رہتا۔ یہی وجہ ہے کہ کربلا محض ایک جنگ کا نام نہیں بلکہ روحانیت، وفاداری، اخلاص، رضا اور عشق کی ایک زندہ تفسیر ہے۔ آج بھی جب محرم الحرام آتا ہے تو کربلا کی سرزمین سے ایک صدا بلند ہوتی ہے کہ حق کا ساتھ دو، ظلم کے خلاف کھڑے ہو جاؤ، اپنے ضمیر کا سودا مت کرو، دین کو دنیا پر مقدم رکھو اور ہر حال میں اللہ تعالیٰ کی رضا کو اپنا مقصد بنا لو۔ امام حسین رضی اللہ عنہ کا پیغام کسی ایک فرقے، قوم یا خطے کے لیے نہیں بلکہ پوری امتِ مسلمہ اور تمام انسانیت کے لیے ہے۔ آپ رضی اللہ عنہ کی زندگی ہمیں سکھاتی ہے کہ عزت اطاعتِ الٰہی میں ہے، کامیابی صبر و استقامت میں ہے اور بقا صرف حق کے ساتھ وابستگی میں ہے۔ محرم الحرام کا اصل تقاضا یہی ہے کہ ہم اس کے روحانی پیغام کو اپنی زندگیوں میں نافذ کریں۔ ہم اپنے اندر صبر، تقویٰ، اخلاص، وفاداری اور حق پسندی پیدا کریں۔ ہم اہلِ بیتِ اطہار رضی اللہ عنہم کی محبت کو اپنے ایمان کا حصہ بنائیں اور ان کی تعلیمات کو اپنے کردار میں جگہ دیں۔ اگر امتِ مسلمہ کربلا کے پیغام کو سمجھ لے تو باہمی نفرتیں ختم ہو سکتی ہیں، اتحاد و اخوت مضبوط ہو سکتی ہے اور دینِ اسلام کی حقیقی روح دوبارہ زندہ ہو سکتی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں محرم الحرام کی برکتوں سے فیض یاب فرمائے، اہلِ بیتِ اطہار رضی اللہ عنہم کی سچی محبت نصیب فرمائے، حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے نقشِ قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے اور ہمیں حق، صداقت، صبر اور استقامت کی راہوں پر ثابت قدم رکھے۔

آمین یارب العالمین۔

محمد علی شیر قادری نظامی
سکونت: روضہ شریف، مہوتری نیپال

Published By: Ulama Foundation Nepal, Bhairahwa, Rupandehi Lumbini Pradesh Nepal, Reg: 372860
Email:- weeklynepalurdutimes@gmail.com, Web site: www.nepalurdutimes.com, Contact:- +91 8795979383, +977 9817619786, +9779821442810

# امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی مختصر سیرت مع بے مثال حکمرانی و عظیم شہادت



محمد بن عبد الرزاق پالن پوری

سناتا ہوں اب میں باتیں حسین فاروق اعظم کی
نبی کے ساتھ روضے میں مکیں فاروق اعظم کی

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی سیرت ایسی درخشاں شاہراہ ہے جس پر چل کر انسان عدل سیکھتا ہے، تقویٰ کی خوشبو محسوس کرتا ہے، شجاعت کا مفہوم سمجھتا ہے، عاجزی کا ذوق پاتا ہے اور خدمتِ خلق کا حقیقی سبق حاصل کرتا ہے۔ آپ وہ عظیم شخصیت ہیں جن کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے متعدد فضائل بیان فرمائے ہیں اور جن کی زندگی اسلام کی قوت اور حق کی سربلندی کا روشن عنوان بن گئی۔ قبولِ اسلام سے پہلے اپنی جلالت اور سخت مزاجی کے لئے معروف تھے لیکن جب نورِ ایمان دل میں اترا تو یہی سختی باطل کے خلاف آہنی دیوار اور حق کے لئے غیر متزلزل استقامت میں بدل گئی اسی بے مثال حق گوئی کی بنا پر آپ کو 'فاروق' کا لقب ملا یعنی حق اور باطل کے درمیان واضح فرق کرنے والے۔۔۔۔

آپ کی سیرت کا ہر پہلو حیرت انگیز توازن کا آئینہ دار ہے۔ میدانِ جہاد میں شیر کی مانند بے خوف نظر آتے مگر یتیم کے سر پر ہاتھ رکھتے وقت نہایت نرم دل، دشمن کے سامنے پہاڑ کی طرح مضبوط مگر اللہ کے خوف سے راتوں کو آنسو بہانے والے، ایک طرف وسیع سلطنت کے فرمانروا تو دوسری طرف اپنے لباس پر پیوند لگانے میں عار محسوس نہ کرنے والے۔ آپ کی زندگی یہ اعلان کرتی ہے کہ عظمت کردار کی بلندی میں پوشیدہ ہے۔۔۔

علم و حکمت آپ کی شخصیت کا نمایاں وصف تھا۔ قرآن و سنت کی گہری سمجھ، دور اندیشی، معاملہ فہمی، بروقت فیصلوں نے آپ کو امت کا قابلِ اعتماد رہنما بنا دیا۔ بہت سے مواقع پر آپ کی رائے بعد میں نازل ہونے والی وحی کے مطابق ثابت ہوئی جو آپ کی بصیرت اور اخلاص کی روشن دلیل ہے (ان شاء اللہ اس پر عمر فاروق اور موافقت قرآن کے عنوان سے مضمون لکھا جائے گا)۔ فیصلے کرتے وقت نہ کسی رشتہ داری کا لحاظ کرتے، نہ کسی منصب کا صرف اور صرف اللہ کی رضا اور انصاف کو معیار بناتے تھے۔۔

عبادت، زہد اور خشیتِ الٰہی آپ کی روح کا حصہ تھے۔ راتوں کی تنہائیوں میں رب کے حضور کھڑے ہو کر گریہ کرنا، دن میں روزہ رکھنا، دنیا کی چمک دمک سے بے رغبت رہنا اور ہر لمحہ آخرت کی جوابدہی کو یاد رکھنا آپ کی مستقل عادت تھی۔ اقتدار نے آپ کے دل میں ذرہ برابر تکبر پیدا نہیں کیا بلکہ ذمہ داری کا احساس مزید بڑھا دیا اسی لئے آپ خود کو رعایا کا خادم سمجھتے تھے نہ کہ حاکم۔۔۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا اخلاق بھی بے مثال تھا۔ وہ کمزوروں کا سہارا، مظلوموں کی امید، مسافروں کے مددگار، بیواؤں کے محافظ، یتیموں کے سرپرست اور محتاجوں کے خیر خواہ تھے۔ آپ کی مجلس میں امیر و غریب، عرب و عجم، آزاد و غلام سب کو یکساں عزت ملتی تھی۔ آپ کا یقین تھا کہ انسان کی اصل قدر اس کے نسب و دولت سے نہیں ہوتی ہے بلکہ تقویٰ اور کردار سے ہوتی ہے۔۔۔۔

آپ کی سیرت کا ایک اور روشن باب علم دوستی اور مشاورت ہے۔ بڑے سے بڑا فیصلہ بھی اہلِ علم اور اصحابِ رائے سے مشورے کے بعد کرتے اور اگر اپنی رائے سے بہتر بات سامنے آتی تو اسے قبول کرنے میں کوئی جھجک محسوس نہ کرتے۔ یہی انکساری ایک عظیم قائد کی حقیقی پہچان ہے۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی سیرت کے بے شمار تابناک پہلو ہیں جن میں ہر ایک اپنے اندر ایک مکمل درسگاہ کی حیثیت رکھتا ہے تاہم ان تمام اوصاف میں ان کی بے مثال حکمرانی کو ایک منفرد مقام حاصل ہے جس نے اسلامی تاریخ ہی نہیں بلکہ عالمی تاریخ پر بھی گہرے نقوش چھوڑے ہے۔ ان کے نظامِ عدل، احساسِ ذمہ داری، رعایا پروری، سادگی اور جوابدہی کا ذکر کئے بغیر ان کی سیرت کا تذکرہ ادھورا رہ جاتا ہے اسی لئے ضروری سمجھتا ہوں کہ اس روشن اور درخشاں پہلو پر الگ سے روشنی ڈالی جائے تاکہ اندازہ ہو سکے کہ ایک حقیقی اسلامی حکمران اپنی رعایا کے ساتھ کس طرح کا تعلق رکھتا ہے اور اقتدار کو کس طرح عبادت اور امانت میں تبدیل کر دیتا ہے۔۔۔۔

امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی زندگی اس حقیقت کی روشن دلیل ہے کہ اقتدار تقویٰ کے ہاتھوں میں آجائے تو سلطنتیں انصاف، رحم، دیانت اور خدمتِ خلق سے پہچانی جاتی ہیں۔ آپ نے خلافت کو بادشاہت کی بجائے امانت سمجھا اور تخت کو عیش و عشرت کا وسیلہ نہیں بننے دیا بلکہ اللہ کے سامنے جوابدہی کا میدان تصور کیا اسی لئے تاریخ کا ہر انصاف پسند قلم یہ ماننے پر مجبور ہے کہ دنیا نے بہت سے حکمران دیکھے ہے لیکن حضرت عمر فاروق جیسا حکمران صدیوں میں ایک ہی پیدا ہوتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آپ کی حکومت کی بنیاد عدل پر تھی۔ درباروں کی اونچی دیواروں اور پہرے داروں کے حصار کے بجائے آپ رات کی تاریکی میں گلیوں اور بازاروں کا رخ کرتے تھے، لوگوں کے گھروں کے دروازوں تک پہنچتے، بھوکوں کی بھوک محسوس کرتے، یتیموں کے آنسو پونچھتے اور بیواؤں کی ضروریات اپنے ہاتھوں سے پوری کرتے۔ آپ کے نزدیک حکمران وہ نہیں تھا جو رعایا سے دور محلوں میں بیٹھا رہے بلکہ وہ تھا جو اپنی قوم کے دکھ درد کو اپنا دکھ درد سمجھ لے یہی وجہ ہے کہ آپ کے عدل کی مثالیں آج بھی دنیا کی سیاسی اور انتظامی تاریخ میں سنہری حروف سے لکھی جاتی ہیں۔۔۔۔۔۔

حضرت عمر کی شخصیت کا سب سے حیرت انگیز پہلو یہ تھا کہ ایک طرف ایران و روم جیسی عظیم سلطنتیں آپ کے نام سے لرزتی تھیں اور دوسری طرف آپ کے جسم پر پیوند لگا لباس ہوتا، کھانے میں سادگی ہوتی اور زندگی میں بے نفسی نمایاں ہوتی، بیت المال کو عوام کی امانت سمجھتے، اپنے اہل و عیال کے لئے بھی اس میں ناجائز تصرف گوارا نہ کرتے اور اس قدر احتیاط برتتے کہ اگر کسی جانور پر بھی ظلم ہوتا تو اس کی جوابدہی سے خوفزدہ ہو جاتے۔ آپ کا مشہور احساسِ ذمہ داری اس جملے میں سمٹ آتا ہے کہ اگر فرات کے کنارے ایک بکری کا بچہ بھی بھوک یا غفلت سے مر جائے تو عمر کو ڈر ہے کہ اللہ اس سے سوال کرے گا۔۔۔۔۔۔

آپ کی نگاہ غلاموں، خادموں، مسافروں، غیر مسلم رعایا اور یہاں تک کہ جانوروں کے حقوق کی بھی غیر معمولی خیال رکھتی تھی۔ کسی محتاج کی مدد کرنا، کسی نابینا کی خدمت کرنا، کسی اجنبی عورت کے لئے اپنی زوجہ محترمہ کو مدد کے لئے بھیجنا اور خود چولہا جلا کر کھانا تیار کرنا آپ کے نزدیک حکمرانی سے کم تر کام نہیں تھے بلکہ یہی اصل خلافت تھی اسی عملی نمونے نے دنیا کو بتایا کہ اسلام میں اقتدار کا مفہوم خدمت ہے نہ کہ برتری۔۔۔۔۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے عدل و انصاف کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ ریاستی نظم و نسق، بیت المال، عدالتی نظام، مالیاتی انتظام، عوامی فلاح اور انتظامی اصلاحات میں ایسے اصول قائم کئے جن سے بعد کی کئی تہذیبوں نے بھی رہنمائی حاصل کی۔ ان کی حکمت عملی نے ایک وسیع اسلامی سلطنت کو نظم و ضبط کے ساتھ چلایا اور امت کو یہ سبق دیا کہ مضبوط ریاستیں دیانت دار قیادت سے قائم ہوتی ہیں۔۔

ان کی شہادت بھی ان کی زندگی ہی کی طرح اخلاص اور اللہ سے تعلق کا آئینہ دار تھی۔ وہ بارگاہِ الٰہی میں دعا کرتے تھے کہ انہیں اللہ کی راہ میں شہادت نصیب ہو اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے شہر میں وفات ملے۔ قدرت نے اس دعا کو اس شان سے قبول کیا کہ نمازِ فجر کی امامت کے دوران ایک مجوسی غلام ابولؤلؤ نے خنجر سے حملہ کر دیا۔ شدید زخمی ہونے کے باوجود حضرت عمر کی پہلی فکر اپنی جان نہیں تھی بلکہ نماز اور امت کا نظم تھا چنانچہ فوراً حضرت عبد الرحمن بن عوف کو آگے بڑھا کر نماز مکمل کرائی۔ چند روز بعد یکم محرم ۲۴ ہجری کو آپ نے جامِ شہادت نوش فرمایا اور وہ سعادت بھی حاصل کی جس کی تمنا رکھتے تھے، یعنی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پہلو میں دفن ہونے کا شرف۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی پوری زندگی ایک ایسا روشن مینار ہے جو ہر دور کے حکمرانوں، قائدین، علماء، دانشوروں اور عام انسانوں کو یہ پیغام دیتی ہے کہ حقیقی عظمت کو دولت اور جاہ و منصب میں تلاش نہ کرو بلکہ یہ عظمت تو انصاف، خوفِ خدا، خدمتِ خلق، عاجزی اور حق پر ثابت قدمی میں پوشیدہ ہے۔ اگر آج بھی دنیا امن و مساوات کی متلاشی ہے تو اسے تاریخ کے اوراق میں حضرت عمر فاروق کی سیرت کا مطالعہ ضرور کرنا چاہئے کیونکہ حضرت کی سیرت میں اقتدار کا وہ نمونہ ملتا ہے جس میں رعایا کی خوش حالی حکمران کی کامیابی کا معیار تھی اور اللہ کی رضا ہر فیصلے کا اصل مقصد تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اگر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی پوری زندگی کو ایک جملے میں سمیٹا جائے تو کہا جا سکتا ہے کہ وہ عدل کی چلتی پھرتی تصویر، تقویٰ کا زندہ نمونہ، شجاعت کا استعارہ، خدمتِ خلق کا روشن مینار اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تربیت کا ایسا معجزہ تھے جس نے تاریخ کا رخ بدل دیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

رضی اللہ عنہ ورضی عنہ

# وہ مدارس ہی ہیں جو ملکی کرپشن اور بدانتظامی کا خاتمہ کر سکتے ہیں

اسد الرحمان بیگ



ہمارے معاشرے میں ایک عام تصور یہ پایا جاتا ہے کہ مدارس صرف امام، خطیب یا مدرس تیار کرنے کے لیے ہیں، جبکہ ڈاکٹر، انجینئر، پائلٹ، سائنس دان، جج، بیوروکریٹ اور سیاست دان دوسرے تعلیمی اداروں کی ذمہ داری ہیں۔ یہ سوچ نہ صرف محدود ہے بلکہ امت کی اس علمی روایت کے بھی خلاف ہے جس نے ایک ہی شخصیت میں دینی بصیرت اور دنیاوی مہارت کو جمع کیا تھا۔ مدارس صدیوں سے قرآن، حدیث، فقہ، تفسیر اور اخلاقیات کی تعلیم کے مراکز رہے ہیں۔ ان اداروں کی ایک نمایاں خصوصیت نظم و ضبط، صبر، سخت محنت، سادگی، وقت کی پابندی، اخلاقی تربیت اور استاد و شاگرد کے مضبوط تعلقات ہیں۔ یہی وہ صفات ہیں جو کسی بھی معاشرے میں دیانت دار اور ذمہ دار قیادت پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔

اگر مدارس اپنے روایتی دینی نصاب کے ساتھ جدید سائنس، کمپیوٹر ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت، انجینئرنگ، طب، قانون، معاشیات، بین الاقوامی تعلقات، انتظامی علوم اور سول سروس کی تعلیم بھی فراہم کریں تو وہ صرف علماء نہیں بلکہ ایسے باکردار ڈاکٹر، انجینئر، جج، پائلٹ، سائنس دان، سیاست دان اور سی ایس ایس افسر پیدا کر سکتے ہیں ایسے طالب علم، علم کے ساتھ کردار اور امانت داری کی دولت بھی رکھتے ہیں۔

مدارس کی اخلاقی تربیت، نظم و ضبط اور دینی ماحول ایسے افراد کی تیاری میں مددگار ہو سکتے ہیں جو عوامی ذمہ داریوں کو زیادہ دیانت داری سے انجام دیں۔ انھیں اگر دینی تعلیم کے ساتھ جدید پیشہ ورانہ تعلیم بھی دی جائے تو ایسے افراد ملک میں شفافیت، انصاف اور بدعنوانی کے خاتمے میں مؤثر کردار ادا کر سکتے ہیں۔ بدقسمتی سے مدارس ہی کے کچھ حلقوں میں یہ سوچ پنپ رہی ہے کہ مدارس سے فارغ ہونے والے طلبہ کا دائرۂ کار صرف مسجد، مدرسہ یا فتویٰ نویسی تک محدود ہونا چاہیے۔ یہ تصور اسلام کے وسیع تعلیمی دائرہ کار اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے تعلیمات اور قرآن کے اصولوں کے خلاف ہے ایسا سوچ نوجوانوں کی صلاحیتوں کو محدود کرنے والا اور ان کی حوصلہ شکنی کا سبب بن سکتا ہے۔ اگر ایک طالب علم قرآن و سنت کا عالم ہونے کے ساتھ ساتھ جدید سائنس، قانون، ٹیکنالوجی اور انتظامی امور میں بھی مہارت حاصل کرنا چاہتا ہے تو اسے اس کی بھرپور حوصلہ افزائی ملنی چاہیے۔

اسلام کی تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ مسلمانوں نے صرف عبادات ہی نہیں بلکہ حکومت، عدل، تجارت، طب، فلکیات، ریاضی اور سائنس کے میدانوں میں بھی دنیا کی رہنمائی کی۔ اسلامی نظامِ حکمرانی کا تصور بھی یہی ہے کہ ریاست کے عدالتی، انتظامی، سیاسی اور معاشی معاملات ایسے افراد کے ہاتھ میں ہوں جو علم، تقویٰ، دیانت اور اہلیت کا امتزاج ہوں۔ اس لیے وقت کا تقاضا ہے کہ مدارس اپنی عظیم دینی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے جدید ترین کمپیوٹر لیبز، ٹیکنالوجی سینٹرز، سائنسی تحقیق، انگریزی زبان، ریاضی، معاشیات، قانون اور پیشہ ورانہ تعلیم کو بھی اپنے نصاب کا حصہ بنائیں۔ اسی طرح دینی سطح پر بھی ایسے ہدایات کو عام بنالی جاے کہ مدارس کے طلبہ ہر شعبے میں اپنی صلاحیتوں کا اظہار کرنے پر زور دیں۔

جب ایک ہی ادارے سے قرآن کا حافظ، حدیث کا عالم، جدید ٹیکنالوجی کا ماہر، ڈاکٹر، انجینئر، جج، پائلٹ، بیوروکریٹ اور سیاست دان تیار ہو گا تو علم اور کردار کا ایسا امتزاج وجود میں آئے گا جو ایک مضبوط، باوقار اور ترقی یافتہ معاشرے کی بنیاد بن سکتا ہے۔

مدارس کو محدود نہیں بلکہ قومی تعمیر کے مرکز کے طور پر دیکھنے کی ضرورت ہے۔ اگر وہ دینی علوم کے ساتھ جدید علوم کو بھی اپنالیں تو وہ نہ صرف اپنے اسلاف کی جامع علمی روایت کو زندہ کریں گے بلکہ ایک ایسی قیادت بھی تیار کریں گے جو انصاف، امانت، خدمتِ خلق اور اعلیٰ اخلاق کی بنیاد پر ملک کو ترقی اور استحکام کی نئی منزلوں تک پہنچا سکے۔

www.nepalurdutimes.com

# اولاد: رب کی امانت۔



محمد ہاشم القاسمی
(خادم دارالعلوم پاڑا ضلع پرولیا مغربی بنگال)

اولاد اللہ رب العزت کا نہایت ہی قیمتی انعام اور انمول تحفہ ہے۔ شریعت میں اولاد کی تربیت ایک فریضہ کی حیثیت رکھتی ہے۔ کیونکہ جس طرح والدین کے اوپر اولاد کے حقوق ہیں ٹھیک اسی طرح اولاد کے اوپر والدین کے حقوق بھی وابستہ ہوتے ہیں اور جیسے اللہ تعالیٰ نے ہمیں والدین کے ساتھ نیکی اور حسن سلوک کرنے کا حکم دیا ہے ایسے ہی اس نے ہمیں اولاد کے ساتھ احسان کرنے کا بھی حکم دیا ہے، اولاد کے ساتھ احسان اور ان کی بہترین تربیت کرنا دراصل اللہ تعالیٰ کی امانت اور عطا کردہ انعام کا صحیح طریقے سے حق ادا کرنا ہے اور اولاد کو یونہی آزاد چھوڑ دینا اور ان کے حقوق ادا کرنے میں کوتاہی کرنا بہت بڑا دھوکہ اور خیانت ہے۔ کتاب و سنت میں اس بات کا واضح حکم ہے، کہ اولاد کے ساتھ احسان کیا جائے۔ ان کی امانت کو ادا کیا جائے، ان کو آزاد چھوڑنے اور ان کے حقوق کی ادائیگی میں کتاہیوں سے بچا جائے۔ کیونکہ دنیا میں کسی بھی انسان کے اوپر اللہ تعالیٰ کی بے شمار نعمتوں میں سے ایک بہت بڑی نعمت اولاد ہے۔ اور اس بات میں کوئی شک نہیں کہ اگر اولاد کی صحیح پرورش اور تربیت کی جائے تو دنیا ہی میں وہ آنکھوں کا نور اور دل کا سرور بھی ہوتی ہے۔ لیکن اگر خدانخواستہ اولاد بگڑ جائے اور اس کی صحیح پرورش اور تربیت نہ کی جائے تو وہی اولاد دنیا ہی میں سخت آزمائش اور جہنم بن جاتی ہے۔ اولاد کی تربیت کے بارے میں حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے کہ "کسی باپ کی طرف سے اس کے بیٹے کے لیے سب سے بہتر تحفہ یہ ہے کہ وہ اس کی اچھی تربیت کرے"۔ (سنن ترمذی) چھوٹے بچوں کا ذہن آئینہ کی طرح صاف وشفاف اور کورہ کاغذ کی طرح خالی ہوتا ہے اب اس میں ان کے والدین جو چیز بھی نقش کر دیتے ہیں وہ نقش علی الحجر کی طرح مضبوط وپائیدار ہو جاتی ہیں، بچے کی یہ فطرت میں شامل ہے کہ وہ اپنے ماں باپ اور بڑوں کے نقال ہوتے ہیں۔ وہ ان کی تمام حرکات وسکنات کا بغور مشاہدہ کرتے ہیں اور اسی کے مطابق اپنے آپ کو ڈھالنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اس لئے والدین کے لیے ضروری ہے کہ زندگی کے ہر معاملہ میں اپنے بچوں کے لیے بہترین نمونہ آئیڈیل بنیں. قرآن وحدیث میں یہ حقیقت واشگاف انداز میں بیان کی گئی کہ ہر بچہ توحید خالص کی فطرت پر پیدا ہوتا ہے اصل کے اعتبار سے اس میں طہارت، پاکیزگی، برائیوں سے دوری اور ایمان کی روشنی ہوتی ہے۔ پھر اسے اگر اپنے گھر میں اچھی تربیت اور معاشرہ میں اچھے ساتھی میسر آجائیں تو وہ ایمان و اخلاقمیں اسوہ، نمونہ اور کامل انسان بن جاتا ہے۔ شریعت مطہرہ کی رو سے والدین پر اولاد کے سلسلہ میں جو حقوق عائد ہوتے ہیں، ان میں سب سے اہم اور مقدم حق اُن کی تعلیم وتربیت ہے۔ دین کی بنیادی تعلیم کا حصول اور اسلام کے مبادیات وارکان کا جاننا تو ہر مسلمان پر فرض ہے اور اسی پر اخروی زندگی میں فلاح وکامیابی کا دار و مدار ہے. امام غزالی رحمتہ اللہ علیہ نے والدین کو یہ وصیت کی ہے کہ بچوں کو قرآن پاک، احادیث مبارکہ اور نیک لوگوں کے واقعات اور ضروری دینی احکام کی تعلیم دیں، بچہ والدین کے پاس امانت ہوتا ہے، اور اس کا پاکیزہ دل ایک نفیس جوہر اور موتی کی طرح ہے، اگر اسے خیر اور بھلائی کا عادی بنایا جائے اور بھلے کام سکھائے جائیں تو وہ انہیں سیکھتا ہوا بڑھتا اور پلتا ہے پھر دنیا و آخرت دونوں جگہ خوش نصیب رہتا ہے اور اگر اسے برے کاموں کا عادی بنایا جائے یا بیکار چھوڑ دیا جائے تو بدبختی و ہلاکت اس کا مقدر بن جاتی ہے، اس لیے اسکی حفاظت کا طریقہ یہی ہے کے اسے علم وادب سکھایا جائے، اچھے اخلاق سکھائے جائیں، اور مہذب بنایا جائے. والدین کو اپنے بچوں کی تربیت میں تدریجی انداز اختیار کرنے چاہیے، چنانچہ غلطی پر تنبیہ کی ترتیب یوں ہونی چاہیے (۱) سمجھانا۔ (۲) ڈانٹ ڈپٹ کرنا۔ (۳) مار کے علاوہ کوئی سزا دینا۔ (۴) بقدر ضرورت مارنا۔ (۵) قطع تعلق کرنا۔ یعنی غلطی ہو جانے پر بچوں کی تربیت حکمت کے ساتھ کی جائے، اگر پہلی مرتبہ غلطی ہو تو اولاً اسے اشاروں اور کنایوں سے سمجھایا جائے، صراحتاً برائی کا ذکر کرنا ضروری نہیں۔ اگر بچہ بار بار ایک ہی غلطی کرتا ہے تو اس کے دل میں یہ بات بٹھائیں کہ اگر دوبارہ ایسا کیا تو اس کے ساتھ سختی برتی جائے گی، اس وقت بھی ڈانٹ ڈپٹ کی ضرورت نہیں ہے، نصیحت اور پیار سے اُسے غلطی کا احساس دلایا جائے۔ بچہ کی پیار و محبت سے تربیت و اصلاح کا ایک واقعہ حضرت عمر بن ابی سلمہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے، فرماتے ہیں کہ: میں بچپن میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیر تربیت اور زیر کفالت تھا، ایک مرتبہ میرا ہاتھ کھانے کے برتن میں اِدھر اُدھر گھوم رہا تھا، یہ دیکھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: "یا غلام سَمِّ اللہ! وَکُلْ بِیَمِینِکَ وَکُلْ مِمَّا یَلِیکَ"۔ یعنی اے لڑکے! اللہ کا نام لے کر کھانا شروع کرو اور دائیں ہاتھ سے کھاؤ اور اپنی طرف سے کھاؤ۔" اگر نصیحت اور آرام سے سمجھانے کے بعد بھی بچہ غلطی کرے تو اُسے تنہائی میں ڈانٹا جائے اور اس کام کی برائی بتائی جائے اور آئندہ ایسا نہ کرنے کا کہا جائے۔

پھر بھی اگر باز نہ آئے تو تھوڑی بہت مار پیٹ بھی کی جاسکتی ہے۔ واضح رہے کہ تربیت کے یہ طریقے نو عمر بچوں کے لیے ہیں، لیکن بلوغت کے بعد تربیت کے طریقے اس سے مختلف ہیں، اگر اس وقت نصیحت سے نہ سمجھے تو جب تک وہ اپنی برائی سے باز نہ آئے اس سے قطع تعلق بھی کیا جاسکتا ہے، جو شرعاً درست ہے اور کئی صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے عمل سے ثابت ہے۔ حضرت عبد اللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ کے ایک رشتہ دار تھے جو ابھی بالغ نہ ہوئے تھے، انہوں نے کنکر پھینکا تو حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ نے منع کیا اور فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کنکر مارنے سے منع فرمایا ہے اور وہ حدیث سنایا کہ "إِنَّهَا لَا تَصِيدُ صَيْدًا" اس سے کوئی جانور شکار نہیں ہو سکتا، مگر اس نے پھر کنکر پھینکا تو انہوں نے غصہ سے فرمایا کہ میں تمہیں بتلا رہا ہوں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا ہے اور تم پھر دوبارہ ایسا ہی کر رہے ہو؟ میں تم سے ہرگز بات نہیں کروں گا۔ اسی طرح حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے بیٹے (بلال) سے حدیث کے مقابلہ میں اپنی رائے پیش کرنے کی بنا پر قطع تعلق کیا تھا اور مرتے دم تک اس سے بات نہ کی۔ بچوں کی تربیت کے لیے ماں باپ یا استاد کا اُنہیں تھوڑا بہت، ہلکا پھلکا مارنا نہ صرف یہ کہ جائز ہے، بلکہ بعض اوقات ضروری ہو جاتا ہے۔ اس معاملہ میں افراط و تفریط کا شکار نہیں ہونا چاہیے۔ غصہ میں بے قابو ہو جانا اور حد سے زیادہ مار کٹائی کرنا یا بچوں کے مارنے ہی کو غلط سمجھنا دونوں باتیں غلط ہیں۔ پہلی صورت میں افراط ہے اور دوسری میں تفریط ہے۔ اعتدال کا راستہ وہ ہے جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک حدیث میں بیان فرمایا کہ: "اپنے بچوں کو نماز کا حکم دو، جبکہ وہ سات سال کے ہو جائیں اور ان کو نماز نہ پڑھنے پر مارو، جبکہ وہ دس سال کے ہو جائیں"۔ (مشکوٰۃ) ماہرین نفسیات کے مطابق بچپن میں اولاد کی تربیت جوانی کے بالمقابل بہت آسان ہے، جس طرح زمین سے اُگنے والے نرم و نازک پودوں کو بہ سہولت کہیں بھی موڑا جاسکتا ہے اسی طرح بچوں کے خیالات، افکار اور طرز زندگی کو جس رخ پر چاہے بہ آسانی لایا جاسکتا ہے اور جب وہ بڑے ہو جائیں اور اُن کی عقل پختہ ہو جائے تو ان میں تبدیلی ناممکن نہ سہی مگر مشکل ضرور ہوتی ہے، اس لیے ابتدائی عمر میں بچوں کی نگرانی اور ان کی صحیح تعلیم و تربیت والدین اور سرپرستوں کی اہم ذمہ داری ہے۔ لہذا وہ والدین جو اپنی اولاد کو صرف عصری علوم کے حوالے کر دیتے ہیں، ان کی دینی تعلیم وتربیت کی طرف یا تو بالکل توجہ نہیں کرتے یا معمولی سی توجہ کو کافی اور مفید مطلب سمجھ بیٹھتے ہیں۔ ان کی ذمہ داری ہے کہ جس طرح عصری علوم پر خاطر خواہ محنت کو ضروری سمجھیں اتنا ہی یا اس سے زیادہ بنیادی دینی تعلیم یعنی عقائد و اعمال، معاشرت و اخلاق، معاملات و آداب سے متعلق ضروری امور ان کے قلب و دماغ میں راسخ کریں؛ تاکہ فتنوں کے اس دور میں الحاد وارتداد کی کوئی لپیٹ انھیں متاع ایمان سے محروم نہ کر دے، دوسری جانب والدین جو اپنی اولاد کو صرف دینی تعلیم کے لیے وقف کر دیتے ہیں اور انھیں دانستہ یا نادانستہ طور پر عصری تعلیم سے نابلد رکھتے ہیں۔ ان کی ذمہ داری ہے کہ وہ بدلتے حالات کے پیش نظر بہ قدر ضرورت عصری علوم سے واقف کرانے کا انتظام و اہتمام کریں تاکہ مستقبل میں ان کی اولاد کسی بھی موقع پر دوسروں کی محتاج نہ رہے۔ اولاد کی صحیح تعلیم وتربیت ہی وہ سرمایہ ہے جو دنیا میں سکون اور آخرت میں نجات کا ذریعہ ہے۔

Published By: Ulama Foundation Nepal, Bhairahwa, Rupandehi Lumbini Pradesh Nepal, Reg: 372860
Email:- weeklynepalurdutimes@gmail.com,
Web site: www.nepalurdutimes.com, Contact:- +91 8795979383, +977 9817619786, +9779821442810

# *کشمیر کی خوبصورتی، موسمِ گرما اور جون کی دلکش رعنائیاں*

ابو الخالد محمد اظہر الدین علیمی
پرنسپل دارالعلوم حسینیہ نظامیہ رضا
نگر بھٹنڈی نالا جموں



قدرتِ الٰہی نے اس کائنات میں بے شمار ایسے مقامات پیدا فرمائے ہیں جو اپنے حسن و جمال، دلکشی و رعنائی اور دل فریبی و سحر انگیزی کے باعث دنیا بھر کے انسانوں کو اپنی جانب متوجہ کرتے ہیں، مگر ان تمام حسین خطوں میں اگر کسی سرزمین کو جنتِ ارضی، فردوسِ بریں اور قدرت کی مصوری کا شاہکار کہا جائے تو وہ بلاشبہ کشمیر ہے۔ برف پوش پہاڑوں، سرسبز وادیوں، شفاف جھیلوں، رواں دواں آبشاروں، معطر باغات، لہلہاتے مرغزاروں اور دل نواز فضاؤں سے آراستہ یہ خطہ صدیوں سے سیاحوں، شاعروں، ادیبوں اور اہلِ ذوق کے دلوں کی دھڑکن بنا ہوا ہے۔ یہاں کا ہر منظر حسن کا ایک نیا باب، فطرت کا ایک نیا شاہکار اور قدرت کی صناعی کا ایک نیا نمونہ پیش کرتا ہے۔

کشمیر کو اللہ تعالیٰ نے ایسی بے مثال خوبصورتی عطا فرمائی ہے کہ یہاں کا ہر گوشہ دل موہ لینے والی دلکشی، مسحور کن کشش اور روح پرور لطافت کا آئینہ دار نظر آتا ہے۔ فلک بوس پہاڑ آسمان سے ہم کلام دکھائی دیتے ہیں، برف سے ڈھکی چوٹیاں چاندی کے تاجوں کی مانند چمکتی ہیں، سرسبز میدان زمرد کے فرش کا گمان دلاتے ہیں، جبکہ جھیلوں کا شفاف پانی آئینے کی طرح اردگرد کے مناظر کو اپنے اندر سمو لیتا ہے۔

خصوصاً جون کا مہینہ کشمیر میں حسن و جمال کی ایک نئی داستان رقم کرتا ہے۔ جب ہندوستان اور برصغیر کے بیشتر علاقے شدید گرمی، حبس اور تپش کی لپیٹ میں ہوتے ہیں، تب کشمیر کی فضائیں خنکی، تازگی، شگفتگی اور فرحت کا پیغام لے کر آتی ہیں۔ جون میں موسم نہایت معتدل، خوشگوار اور دلکش ہوتا ہے۔ نہ سردی کی سختی باقی رہتی ہے اور نہ گرمی کی شدت محسوس ہوتی ہے، بلکہ فضا میں ایک ایسی لطافت اور نرمی ہوتی ہے جو ہر آنے والے کے دل کو مسرور اور روح کو شاداب کر دیتی ہے۔

جون کی صبحیں کشمیر میں خاص طور پر دلکش ہوتی ہیں۔ جب سورج کی پہلی سنہری کرن برف پوش چوٹیوں پر پڑتی ہے تو یوں محسوس ہوتا ہے جیسے کسی مصور نے سفید کینوس پر سنہری رنگ بکھیر دیا ہو۔ شبنم کے قطرے پھولوں اور پتوں پر موتیوں کی مانند جگمگاتے ہیں۔ نرم و ملائم ہوائیں پھولوں کی خوشبو اپنے دامن میں سمیٹے ہر سو بکھیرتی پھرتی ہیں۔ پرندوں کی دلنشیں چہچہاہٹ اور چشموں کی مترنم آوازیں فطرت کے ایک خوبصورت نغمے کا سماں پیدا کر دیتی ہیں۔

کشمیر کی خوبصورتی کا ذکر ڈل جھیل کے بغیر نامکمل ہے۔ سری نگر کے قلب میں واقع یہ جھیل قدرت کا ایک بے مثال شاہکار ہے۔ جون کے مہینے میں اس کے پانی نہایت شفاف، پرسکون اور دلکش دکھائی دیتے ہیں۔ جھیل میں تیرتے ہوئے رنگ برنگے شکارے، پانی پر جھلملاتی سورج کی کرنیں اور اردگرد کے سرسبز مناظر دیکھنے والوں کو مبہوت کر دیتے ہیں۔ شام کے وقت جب سورج مغرب کی جانب جھکنے لگتا ہے تو اس کی سنہری شعاعیں جھیل کے پانی پر بکھر کر ایک ایسا منظر پیش کرتی ہیں جسے الفاظ میں بیان کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔

حسین اور دلکش ہوتی ہیں۔ آسمان پر بکھرے ڈل جھیل کے کنارے واقع نشیات باغ، شالیمار باغ اور چشمۂ شاہی بھی اپنی دلکشی اور خوبصورتی میں بے مثال ہیں۔ ان باغات میں جون کے مہینے میں رنگارنگ پھول اپنی پوری آب و تاب کے ساتھ کھلتے ہیں۔ سرخ، زرد، سفید، گلابی اور بنفشی رنگوں کے پھول زمین پر بکھرے ہوئے رنگوں کی ایسی تصویر پیش کرتے ہیں جو ہر دل کو اپنی طرف کھینچ لیتی ہے۔

گلمرگ کشمیر کا ایک ایسا تفریحی مقام ہے جو دنیا بھر میں اپنی خوبصورتی اور دلکشی کے لیے مشہور ہے۔ گلمرگ کے معنی ہی "پھولوں کا میدان" ہیں۔ جون کے مہینے میں یہاں کے وسیع و عریض سبزہ زار رنگ برنگے پھولوں سے بھر جاتے ہیں۔ یوں محسوس ہوتا ہے جیسے زمین نے رنگوں کی چادر اوڑھ لی ہو۔ ٹھنڈی اور خوشگوار ہوائیں، سرسبز میدان، بلند پہاڑ اور نیلا آسمان مل کر ایک ایسا دلکش منظر تخلیق کرتے ہیں جو سیاحوں کے ذہنوں پر ہمیشہ کے لیے نقش ہو جاتا ہے۔

گلمرگ کی چراگاہیں اپنی شادابی، سرسبزی اور تازگی کے باعث بے حد دلکش معلوم ہوتی ہیں۔ گھوڑوں کے ریوڑ، چرواہوں کے گیت، پھولوں کی خوشبو اور فطرت کی خاموشی ایک ایسی روحانی کیفیت پیدا کرتی ہے جس سے انسان دنیاوی ہنگاموں اور مصروفیات کو بھول جاتا ہے۔

پہلگام بھی کشمیر کے حسین ترین مقامات میں شمار ہوتا ہے۔ اسے وادیوں کی دلہن کہا جاتا ہے۔ جون میں یہاں کے سرسبز میدان، بل کھاتی ندیاں، گھنے جنگلات اور بلند پہاڑ حسن و جمال کی نئی داستانیں سناتے ہیں۔ دریائے لیدر کا شفاف پانی جب پتھروں سے ٹکراتا ہے تو ایک دلنشیں نغمہ پیدا ہوتا ہے جو سیاحوں کے دلوں کو سکون اور راحت بخشتا ہے۔

پہلگام کی فضا میں ایک عجیب سی پاکیزگی اور طہارت محسوس ہوتی ہے۔ یہاں کی خاموش وادیاں، سرگوشیاں کرتی ہوائیں اور فطرت کی حسین جلوہ گری انسان کے اندر سکون اور اطمینان پیدا کرتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ یہاں آنے والے سیاح بار بار اس جنت نظیر مقام کا رخ کرنے کی خواہش رکھتے ہیں۔

سونمرگ یعنی "سنہری وادی" بھی اپنی بے مثال خوبصورتی کے باعث دنیا بھر میں معروف ہے۔ جون کے مہینے میں جب سورج کی شعاعیں برفانی چوٹیوں پر پڑتی ہیں تو وہ سونے کی مانند چمکنے لگتی ہیں اور اسی نسبت سے اس مقام کا نام سونمرگ رکھا گیا ہے۔ یہاں کے برفانی گلیشیئر، سرسبز میدان، شفاف ندی نالے اور فلک بوس پہاڑ فطرت کے حسن کا ایسا مرقع پیش کرتے ہیں جو ہر آنے والے کو مسحور کر دیتا ہے۔ کشمیر کے باغات اپنی خوشبو، لطافت اور رنگارنگی کے اعتبار سے بھی منفرد حیثیت رکھتے ہیں۔ جون کے مہینے میں سیب، ناشپاتی، آلو بخارا، چیری اور خوبانی کے درخت پھلوں سے لدے ہوئے نظر آتے ہیں۔ باغات میں کھلے ہوئے پھول اور درختوں پر لہلہاتے پھل قدرت کی فیاضی اور رحمت کی گواہی دیتے ہیں۔

کشمیر کی آبشاریں بھی سیاحوں کی توجہ کا مرکز ہوتی ہیں۔ بلند پہاڑوں سے گرتا ہوا پانی جب سفید دودھ کی مانند جھاگ بناتا ہے تو اس کا منظر نہایت دلکش معلوم ہوتا ہے۔ آبشاروں کے قریب ٹھنڈی ہوائیں اور پانی کی مدھر آواز دل و دماغ کو تازگی اور سکون عطا کرتی ہے۔

جون کے مہینے میں کشمیر کی راتیں بھی نہایت ہوئے ستارے، چاندنی کی نرم روشنی اور ٹھنڈی ہوائیں رات کے حسن کو دوبالا کر دیتی ہیں۔ جھیلوں میں چاند کا عکس اور پہاڑوں کی خاموشی ایک ایسا روح پرور منظر پیش کرتی ہے جسے دیکھ کر انسان قدرتِ الٰہی کی عظمت کا اعتراف کیے بغیر نہیں رہ سکتا۔

کشمیر صرف قدرتی حسن ہی کا گہوارہ نہیں بلکہ تہذیب، ثقافت، محبت، خلوص اور مہمان نوازی کا بھی مرکز ہے۔ یہاں کے لوگ اپنی سادگی، شرافت، خوش اخلاقی اور مہمان نوازی کے باعث مشہور ہیں۔ سیاح جب یہاں آتے ہیں تو نہ صرف قدرتی مناظر سے لطف اندوز ہوتے ہیں بلکہ مقامی لوگوں کے حسنِ سلوک سے بھی بے حد متاثر ہوتے ہیں۔

شاعروں اور ادیبوں نے کشمیر کی خوبصورتی کو مختلف انداز میں بیان کیا ہے۔ کسی نے اسے زمین کا جنت قرار دیا، کسی نے اسے فطرت کا شاہکار کہا، کسی نے اسے حسن کا دیس کہا اور کسی نے اسے قدرت کی مصوری کا زندہ نمونہ قرار دیا۔ حقیقت یہ ہے کہ کشمیر کی خوبصورتی کو الفاظ کے محدود دائرے میں قید کرنا ممکن نہیں۔ یہاں کا ہر منظر، ہر وادی، ہر جھیل، ہر باغ اور ہر پہاڑ اپنے اندر ایک الگ داستانِ حسن رکھتا ہے۔

مختصر یہ کہ کشمیر اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمتوں میں سے ایک بے مثال نعمت ہے۔ جون کے مہینے میں اس کی خوبصورتی اپنے شباب، رعنائی اپنے عروج، شادابی اپنی انتہا اور دلکشی اپنی معراج پر ہوتی ہے۔ یہاں کی فضائیں سکون بخش، مناظر دل فریب، وادیاں روح پرور، جھیلیں سحر انگیز اور پہاڑ عظمت و جلال کا مظہر نظر آتے ہیں۔ کشمیر کا سفر محض ایک سیاحت نہیں بلکہ حسنِ فطرت، عظمتِ قدرت اور جمالِ کائنات کے مشاہدے کا ایک یادگار تجربہ ہے۔ بلاشبہ یہ خطہ اپنی دلکشی، رعنائی، شگفتگی، لطافت، شادابی اور حسن و جمال کے باعث دنیا بھر کے حسین ترین مقامات میں ممتاز مقام رکھتا ہے اور ہر دیکھنے والے کے دل سے یہی صدا بلند ہوتی ہے:

* اگر فردوس بر روئے زمیں است *
* ہمیں است و ہمیں است و ہمیں است۔ *

# اسلامی سالِ نو ۱۴۴۸ھ کی دلی مبارکباد



تمام تعریفیں اللہ رب العزت کے لیے ہیں، جس نے حضرت آدم علیہ السلام کو ابو البشر بنایا، ان سے نسلِ انسانی کا آغاز فرمایا اور اس خاکدانِ گیتی کو انسانوں سے آباد کیا۔ اس کائنات کی تمام رعنائیاں، اس کی بہاریں، اس کی رونقیں اور اس کی ہر نعمت در حقیقت تاجدارِ کائنات، رحمۃٌ للعالمین حضور نبی اکرم ﷺ کے نورِ اقدس کے طفیل ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب ﷺ کے نور کو حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق سے بھی پہلے اپنے نور سے پیدا فرمایا، اور اسی نورِ محمدی ﷺ کے صدقے آج بھی دنیا ہدایت، رحمت، محبت اور انسانیت کی روشنی سے منور ہے۔

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

﴿وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِينَ﴾

"اور ہم نے آپ کو تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا۔" (الأنبیاء:۱۰۷)

حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر آج تک زندگی اور موت، آمد و رفت، عروج و زوال، دن اور رات، چاند اور سورج، ستارے اور کہکشائیں اپنے مقررہ نظام کے مطابق گردش کر رہے ہیں۔ وقت کا یہ کارواں کبھی نہیں رکا، بلکہ ہر گزرتا لمحہ انسان کو یہ یاد دلاتا ہے کہ دنیا عارضی ہے اور اصل زندگی آخرت کی ہے۔

لیل و نہار کی گردش، ماہ و سال کی تبدیلی اور زمانے کے بدلتے ہوئے مناظر ہمیں خود احتسابی کی دعوت دیتے ہیں کہ ہم اپنے اعمال کا جائزہ لیں، اپنی کوتاہیوں پر ندامت کریں اور اپنی زندگی کو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولِ کریم ﷺ کی اطاعت کے سانچے میں ڈھالیں۔

آج ہم اسلامی سال ۱۴۴۸ ہجری میں داخل ہو چکے ہیں۔ ہجری سال کا آغاز محرم الحرام سے ہوتا ہے، نہ کہ جنوری سے۔ یہ عظیم اسلامی تقویم حضور سیدِ عالم ﷺ کی تاریخی ہجرت کی یادگار ہے، جس نے اسلام کی دعوت کو نئی قوت، نئی وسعت اور نئی زندگی عطا کی۔ ہجرت ہمیں یہ سبق دیتی ہے کہ دین کی سربلندی، ایمان کی حفاظت اور اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے ہر طرح کی قربانی پیش کرنا ہی اہلِ ایمان کا شیوہ ہے۔

محرم الحرام ان چار عظمت والے مہینوں میں سے ایک ہے جنہیں اللہ تعالیٰ نے حرمت والا قرار دیا ہے۔ یہی وہ مقدس مہینہ ہے جس کی دسویں تاریخ کو میدانِ کربلا میں محافظ اسلام، نواسۂ رسول ﷺ، جگر گوشۂ بتول، سید الشہداء حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کے جاں نثار ساتھیوں نے دینِ اسلام کی بقا، حق کی سربلندی اور باطل کی سرکوبی کے لیے اپنی جانوں کا بے مثال نذرانہ پیش کیا۔

واقعۂ کربلا تاریخِ انسانیت کا ایسا عظیم اور بے مثال باب ہے جس کی نظیر نہ اس سے پہلے ملتی ہے اور نہ قیامت تک مل سکتی ہے۔ امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی عظیم قربانی رہتی دنیا تک حق، صداقت، صبر، وفا، ایثار، استقامت اور ظلم کے خلاف ڈٹ جانے کا ابدی پیغام دیتی رہے گی۔ یہ قربانی اعلان کرتی ہے کہ باطل خواہ کتنا ہی طاقتور کیوں نہ ہو، انجام کار شکست اسی کا مقدر ہے، جبکہ حق ہمیشہ سربلند رہتا ہے۔

کسی شاعر نے کیا خوب کہا ہے:

بھول جائیں گے سب کچھ، کربلا نہ بھولیں گے
جو حسین پر گزری ہے، وہ جفا نہ بھولیں گے

اور ایک دوسرے شاعر نے حقیقتِ کربلا کو یوں بیان کیا:

قتلِ حسین اصل میں مرگِ یزید ہے
اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد

حقیقت یہ ہے کہ خاتم النبیین ﷺ کے بعد نہ کوئی نبی آئے گا اور نہ امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ جیسی عظیم نسبت رکھنے والی ہستی۔ اب جو بھی آئے گا، وہ نبی کریم ﷺ کا وارثِ علم ہوگا یا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نقشِ قدم پر چلنے والا غلامِ حسین ہوگا۔

امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور شہدائے کربلا کی عظیم قربانی ہر آنے والی نسل کو یہ پیغام دیتی رہے گی کہ اسلام تھا، اسلام ہے اور اسلام ہمیشہ رہے گا۔

اسلام تیری نبض نہ ڈوبے گی حشر تک
تیری رگوں میں خوں ہے رواں چار یار کا

اسلامی سالِ نو صرف مبارکباد دینے کا نام نہیں، بلکہ یہ خود احتسابی، تجدیدِ ایمان، اصلاحِ نفس اور نئے عزم کے ساتھ زندگی گزارنے کا پیغام ہے۔ ہمیں چاہیے کہ گزرے ہوئے سال کا محاسبہ کریں کہ ہم نے کیا کھویا، کیا پایا، کہاں نیکیاں کمائیں اور کہاں کوتاہیاں رہ گئیں۔ پھر نئے سال کا آغاز سچی توبہ، نمازوں کی پابندی، تلاوتِ قرآن، ذکر و اذکار، حسنِ اخلاق، والدین کی خدمت، صلہ رحمی، حقوق العباد کی ادائیگی اور سنتِ نبوی ﷺ پر عمل کے مضبوط ارادے کے ساتھ کریں۔

آئیے! اس مبارک موقع پر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا کریں کہ وہ اسلامی سال ۱۴۴۸ ہجری کو پوری امتِ مسلمہ کے لیے امن، سلامتی، اتحاد، خیر و برکت، دین پر استقامت، باہمی محبت اور اخوت کا سال بنائے، ہمیں شہدائے کربلا کے نقشِ قدم پر چلنے، دینِ اسلام کی صحیح خدمت کرنے، حق پر ثابت قدم رہنے اور باطل سے نفرت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

آمین بجاہ سید المرسلین ﷺ

🌹 اسلامی سالِ نو ۱۴۴۸ھ آپ، آپ کے اہلِ خانہ اور پوری امتِ مسلمہ کے لیے خیر، برکت، امن، سلامتی اور کامیابی کا پیامبر ثابت ہو۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس نئے سال میں اپنی رضا، اپنے محبوب ﷺ کی محبت اور دینِ متین کی خدمت نصیب فرمائے۔ آمین۔ 🌹

طالبِ دعا:
قاری رئیس احمد خان
چرہ محمد پور، فیض آباد
ضلع ایودھیا، اتر پردیش

# شراب خور کی بے خودی

ارشاد احمد
۲۷ ذی الحجہ ۱۴۴۷ھ

بے خودی کی کیفیت جس پر طاری ہو تو وہ اسی میں چور کچھ بھی زہر افشانی کرتا پھرتا ہے اور کہیں بھی جانے کے لیے ٹھوکریں کھاتا رہتا ہے۔ اس وقت شائستگی نام کی کوئی چیز اس کے اندر باقی نہیں رہتی۔ تہذیب کا دامن چھوڑ کر وہ ایک الگ دنیا میں جا بستا ہے جہاں اسے اپنے ہی جیسے لوگوں سے ملاقات ہوتی ہے؛ پھر تو نہ پوچھیے کہ اس کی کیف و مستی کا کیا عالم ہوتا ہوگا! اس قدر محویت اسے اپنے حصار میں لے لیتی ہے کہ اسے گردونواح کی خبر نہیں ہوتی اور جو کچھ اس کے ساتھ ہو رہا ہوتا ہے، اسے کسی شے کا علم نہیں ہوتا۔ پھر جب وہ مدہوشی سے ہوش کی جانب کوچ کرتا ہے، اس کا دماغ کچھ کام کرنا شروع کرتا ہے اور اسے کچھ سُدھ بُدھ آنے لگتی ہے، تو وہ جلدی سے اپنی حالت کو درست کرنے کے لیے اپنے گھر کی راہ لے لیتا ہے۔

اگر کوئی شخص شراب کا خوگر ہو، تو وہ نشے میں دھت سارا دن اپنی عمر ضائع کرتا پھرتا ہے۔ اہل خانہ کا ہر فرد اپنے اپنے طور اور حیثیت سے اسے فہمائش کرتا ہے اور ان سب چیزوں سے باز رہنے کی تلقین کرتا ہے، لیکن اس کے دماغ میں کچھ اور ہی چیزیں گردش کرتی رہتی ہیں۔ جب سمجھاتے ہیں تو ایسا لگتا ہے کہ اس کے وجود کے ساتھ ساتھ دماغ بھی حاضر ہے اور غور سے سن بھی رہا ہے، اور اہل خانہ یہ امید لگائے رہتے ہیں کہ ان کا یہ شہزادہ آئندہ اس مہلک ترین مرض سے اجتناب کرے گا؛ مگر حقیقت کا پتہ تب چلتا ہے جب (نصیحت کے جواب میں غفلت کا) ایک تھپڑ رسید کیا جاتا ہے، تو وہ یکایک ہوش میں آتا ہے، ورنہ وہ کسی اور ہی دنیا میں مست تھا۔ یعنی اس کا وجود تو موجود تھا مگر دماغ کہیں اور ہی منصوبہ بندی کر رہا تھا۔

یہ خمار جو اس کے اوپر چڑھا ہے، دراصل اس کی خواہشاتِ نفسانی ہی ہیں جنھوں نے اسے اپنے دامِ تزویر میں پھنسایا ہوا ہے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ وہ دوسروں کی ملامت اور معاشرے کی ذلت کو برداشت تو کر لیتا ہے، مگر اس لت کو چھوڑنا اس پر ناگوار گزرتا ہے۔ اس کے دل میں بیٹھا شیطان اسے ہمہ تن اس بات پر برانگیختہ کرتا ہے کہ وہ اسی میں سرشار رہے۔ ہزار ذلت و رسوائی ہونے کے باوجود اسے ترک کرنا اس پر شاق گزرتا ہے اور یہ برائی معاشرے میں بہت تیزی سے پھیل رہی ہے۔ اربابِ دانش و بینش کے لیے یہ بات قابلِ اعتنا ہے کہ وہ منشیات پر پابندی لگائیں اور اس پر لگام دینا از حد ضروری ہے، تاکہ ہماری آنے والی نسلیں ان نشہ آور چیزوں سے محفوظ رہیں۔

کچھ لوگ تو فطری ہی ایسے ہوتے ہیں اور وہ اس نوعیت سے دوچار ہوتے رہتے ہیں۔ انہیں کسی قسم کا کوئی مرض نہیں ہوتا بلکہ وہ خلقی (پیدائشی) ہی ایسے ہوتے ہیں۔ ہزار کوششوں کے باوجود وہ صحت مند نہیں ہوتے۔ اس پر اہل خانہ معلوم نہیں کتنا پیسہ خرچ کر ڈالتے ہیں، مگر وہ مرض اس قدر ان کے جسموں میں سرایت کر جاتا ہے کہ دوبارہ نکلنا محال ہو جاتا ہے۔ ان کے لیے بجز دعا کے ہم اور کیا کر سکتے ہیں؟ البتہ پہلی مذکورہ صورت (نشے کی لت) پر روک لگانے کی سعیِ بلیغ کرنی چاہیے؛ کیونکہ اگر اس پھیلتی ہوئی وبا کو نہیں روکا گیا تو جلد ہی اس کا اثر دوسرے لوگوں پر بھی متعدی ہوتا چلا جائے گا، یہاں تک کہ نصف سے زائد نوجوان اس میں اور اس نوعیت کی دوسری چیزوں میں مبتلا نظر آئیں گے، جس کی وجہ سے معاشرے کی فضا نہایت زہر آلود ہو جائے گی۔ اس کے بعد اگر اس پر توجہ دی گئی تو وہی بات ہوگی کہ "بہت دیر کی مہرباں آتے آتے"۔ ہمیں اس پر بہت پہلے کام کرنا چاہیے تھا، مگر "دیر آید درست آید" کے تحت اس ناسور کو ختم کرنے کے لیے اب ایک طویل مدت درکار ہوگی، جسے مسلسل جدوجہد سے ہی ختم کیا جاسکتا ہے۔

# *بدگمانی ایمان اور رشتوں کا دشمن*

* از قلم~مہناز نوری فاطمی بنت محمد نور اللہ برکاتی *

بدگمانی (سوءِ ظن) اس منفی سوچ کا نام ہے جس میں انسان بغیر کسی واضح دلیل یا معتبر ثبوت کے دوسروں کے بارے میں برا گمان قائم کر لیتا ہے۔ بظاہر یہ صرف ایک خیال محسوس ہوتا ہے، لیکن حقیقت میں یہی خیال دلوں میں نفرت، رشتوں میں دوری اور معاشرے میں بے اعتمادی کا سبب بن جاتا ہے۔

اسلام نے بدگمانی سے سختی کے ساتھ منع فرمایا ہے، کیونکہ یہ انسان کو غیبت، بہتان اور ناانصافی جیسی برائیوں کی طرف لے جا سکتی ہے۔

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اجْتَنِبُوا كَثِيرًا مِّنَ الظَّنِّ إِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ إِثْمٌ﴾

اے ایمان والو! بہت سے گمانوں سے بچو، بے شک بعض گمان گناہ ہوتے ہیں۔

(ترجمۂ کنز الایمان، سورۃ الحجرات: آیت ۱۲)

اسی طرح رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

إِيَّاكُمْ وَالظَّنَّ، فَإِنَّ الظَّنَّ أَكْذَبُ الْحَدِيثِ.

بدگمانی سے بچو، کیونکہ بدگمانی سب سے جھوٹی بات ہے۔

(صحیح بخاری: ۶۰۶۴)

بدگمانی سب سے پہلے انسان کے اپنے دل کا سکون چھین لیتی ہے۔ ایسا شخص ہر عمل میں شک اور ہر رویے میں برائی تلاش کرنے لگتا ہے۔ نتیجتاً اعتماد ختم ہو جاتا ہے، محبتیں ماند پڑ جاتی ہیں اور قریبی رشتے بھی کمزور ہونے لگتے ہیں۔

اس بیماری کا علاج حسنِ ظن، تحقیق اور تقویٰ میں ہے۔ کسی کی بات یا عمل کو فوراً منفی معنی پہنانے کے بجائے اس کا اچھا پہلو سوچنا چاہیے اور بغیر تحقیق کے کوئی فیصلہ نہیں کرنا چاہیے۔ جو دل دوسروں کے لیے خیر خواہی رکھتا ہے، وہی دل حقیقی سکون اور اللہ تعالیٰ کی رضا کے قریب ہوتا ہے۔

* بدگمانی سے بچنے کا علاج *

* حسنِ ظن اختیار کریں: * جب تک واضح دلیل نہ ہو، اپنے مسلمان بھائی یا بہن کے بارے میں اچھا گمان رکھیں۔ کسی بھی سنی سنائی بات پر بغیر تحقیق کے یقین نہ کریں۔

* تحقیق کے بغیر فیصلہ نہ کریں: * کسی خبر یا الزام کو فوراً سچ نہ مانیں، بلکہ اس کی تصدیق کریں۔

* جلد بازی سے بچیں: * وقتی جذبات میں آکر دوسروں کے بارے میں منفی رائے قائم کرنا اکثر غلط ثابت ہوتا ہے۔

* غیبت اور چغلی سے دور رہیں: * یہ عادتیں بدگمانی کو بڑھاتی ہیں اور دلوں میں نفرت پیدا کرتی ہیں۔

* اپنے نفس کا محاسبہ کریں: * دوسروں کی نیت پر شک کرنے کے بجائے اپنی اصلاح پر توجہ دیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا کریں: پاکیزہ دل اور حسنِ اخلاق کی توفیق مانگیں، کیونکہ دلوں کا حال اللہ ہی بہتر جانتا ہے۔

اللہ تبارک و تعالیٰ ہم سب کے ایمان کی حفاظت فرمائے اور ہمیں بدگمانی سے بچنے کی توفیق عطا فرمائے آمین یارب العالمین بجاہ النبی الامین ﷺ۔

قارئین کرام اپنی نگارشات اور مضامین ہمارے ای میل پر ارسل کریں ایڈیٹر کو حسب ضرورت تصرف کا حق حاصل ہوگا اختلافی مضامین سے گریز کریں ہم آپ کے مشکور ہوں گے

Published By: Ulama Foundation Nepal, Bhairahwa, Rupandehi Lumbini Pradesh Nepal, Reg: 372860
Email:- weeklynepalurdutimes@gmail.com, Web site: www.nepalurdutimes.com, Contact:- +91 8795979383, +977 9817619786,

# فاران ہربل کمپنی تیزی سے کامیابی کی نئی منزلوں کی جانب گامزن

یونانی اور آیورویدک طب کے میدان میں فاران ہربل کمپنی آج ایک معتبر اور قابلِ اعتماد نام بن چکی ہے۔ اپنے معیاری، مجرب اور اصولی طریقۂ کار کی بدولت یہ کمپنی نہ صرف عوام کا اعتماد حاصل کر رہی ہے بلکہ روز بروز ترقی کی نئی منزلوں کو بھی طئے کر رہی ہے۔

فاران ہربل نے اپنی ڈسٹری بیوشن پالیسی میں علماء کرام کو خصوصی ترجیح دی ہے تاکہ وہ اپنے دینی فرائض کے ساتھ ساتھ معاشی استحکام بھی حاصل کر سکیں۔ آج ملک کے مختلف علاقوں سے بڑی تعداد میں علماء کرام اس کمپنی کی مصنوعات کے ذریعے باعزت ذریعہ معاش حاصل کر رہے ہیں۔




فاران ہربل کے ڈائریکٹرز حکیم صدام حسین رضوی، حکیم ابوالکلام نظامی علیمی اور زی اسکوائر فارما بحرین عرب کے ڈائریکٹر جناب اشفاق صاحب نے یونانی و آیورویدک شعبے میں ایک نئی سوچ، نیا معیار اور ایک مثبت انقلاب برپا کیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جو لوگ ایک مرتبہ فاران ہربل کمپنی سے وابستہ ہوتے ہیں وہ اس کمپنی کے معیار، اخلاص اور خدمات کے معترف ہو جاتے ہیں۔

فاران ہربل کمپنی کے قیام کو ایک سال مکمل ہو چکا ہے، اگرچہ کمپنی کی رجسٹریشن کو دو سال کا عرصہ گزر چکا ہے یہ کمپنی مرکزی دفتر شہر بیجاپور (وجئے پورہ)، صوبہ کرناٹک میں واقع ہے۔ مختصر مدت میں اس کمپنی نے جس تیزی سے ترقی کی منزلوں کو طے کیا ہے وہ یونانی اور آیورویدک شعبے میں ایک نمایاں مثال بن چکی ہے۔ کرناٹک کے ضلع بیجاپور (وجئے پورہ) میں قائم اس کمپنی کا کاروباری نیٹ ورک آج ملک کے تقریباً ہر صوبے اور شہروں تک پھیل چکا ہے۔ معیار، اعتماد اور عوامی خدمت کے اصولوں پر قائم فاران ہربل نے بہت کم وقت میں ہزاروں لوگوں کا اعتماد حاصل کیا ہے۔

کمپنی کی ایک منفرد خصوصیت یہ ہے کہ اس نے ہزاروں علماء کرام، ائمہ مساجد اور مؤذن حضرات کو روزگار کا موقع فراہم کیا ہے۔

فاران ہربل کے تیار کردہ مجرب نسخہ جات کے نتیجے میں آج عوام میں یونانی اور آیورویدک طب پر دوبارہ اعتماد بحال ہو رہا ہے۔ ملک کے متعدد بزرگ اساتذہ، محققین اور تجربہ کار اطباء، جنہوں نے اپنی زندگیاں تحقیق، تدریس اور تجربات میں صرف کی، اپنے قیمتی نسخہ جات اور تجربات اس کمپنی کے حوالے کر چکے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ فاران ہربل کی مصنوعات پر عوام کا اعتماد دن بہ دن بڑھ رہا ہے اور لوگ مثبت نتائج کے بعد اس کمپنی کی طرف متوجہ ہو رہے ہیں۔

کمپنی کے ڈائریکٹرز کا کہنا ہے کہ معیار پر کبھی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔ اگر زعفران مارکیٹ میں ۳۰۰ روپے فی گرام دستیاب ہے تو صرف مارکیٹنگ کے مقصد سے اسے ۵۰ روپے فی گرام کے حساب سے فروخت کرنا یا معیار میں کمی کرنا درست طرزِ عمل نہیں۔

فاران ہربل اس اصول پر کاربند ہے کہ ہر فارمولا اصل، خالص اور معیاری اجزاء کے ساتھ تیار کیا جائے اور اس کی قیمت بھی اسی معیار کے مطابق رکھی جائے۔ آج مارکیٹ میں بہت سی ایسی مصنوعات موجود ہیں جو بظاہر کم قیمت کی ہوتی ہیں لیکن ان میں استعمال ہونے والے اجزاء کا معیار مطلوبہ سطح کا نہیں ہوتا۔

بعض جڑی بوٹیاں ہزاروں روپے فی کلو کے حساب سے فروخت ہوتی ہیں جبکہ انہی کے نام پر تیار شدہ بعض پاؤڈر اور کمپاؤنڈ فارمولے انتہائی کم قیمت میں دستیاب ہوتے ہیں۔ نتیجتاً مریض مہینوں تک مختلف کمپنیاں اور مختلف دوائیں تبدیل کرتے رہتے ہیں مگر خاطر خواہ فائدہ حاصل نہیں کر پاتے۔

فاران ہربل نے ہمیشہ اعلیٰ معیار، مستند خام مال، کوالٹی کنٹرول اور مینوفیکچرنگ کے اصولوں کی پابندی کو اپنی اولین ترجیح بنایا ہے۔ کمپنی کا مؤقف ہے کہ اگر کوئی فارمولا ۱۰۰ فیصد معیار کے ساتھ تیار ہوتا ہے تو اس کی قیمت بھی اسی معیار کے مطابق رکھی جائے، جبکہ مارکیٹنگ کے نام پر گھٹیا معیار کی ادویات سے مکمل اجتناب کیا جائے گا۔

یہ کمپنی بنیادی طور پر اتر پردیش سے تعلق رکھنے والے دو محنتی اور مخلص افراد کی کاوشوں کا نتیجہ ہے جن کی جدوجہد نے آج فاران ہربل کو ایک مضبوط شناخت عطا کی ہے۔ ان کی کوششوں کے نتیجے میں کم آمدنی والے علماء، ائمہ اور مؤذن حضرات کو اضافی ذریعہ معاش حاصل ہوا ہے اور وہ عزت و وقار کے ساتھ اپنی ضروریات پوری کر رہے ہیں۔

فاران ہربل کا یہ اقدام صرف طب کی خدمت نہیں بلکہ معاشرے کے ایک اہم طبقے کی معاشی معاونت بھی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ عوام وخواص میں اس کمپنی کے لیے اعتماد اور محبت میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ عوام سے اپیل ہے کہ معیاری یونانی و آیورویدک ادویات کے فروغ، دیانت دارانہ کاروباری طرزِ عمل اور علماء کرام کے روزگار کے اس منفرد مشن کی حوصلہ افزائی کے لیے فاران ہربل کا تعاون کریں یہ تعاون پیسے سے نہیں کرنا ہے بلکہ اپنے قریب یونانی و آیورویدک دکانداروں سے فاران ہربل کا پروڈکٹ مانگیں اور لوگوں میں اعتماد برقرار رکھیں۔

Website: www.faranherbals.in
Head Office: Bijapur (Vijayapura), Karnataka, India 586101

# *نجات کے حصول کے لئے تین چیزوں پر عمل کرنے کی ضرورت*

جامع مسجد سجور اور مسجد ابو بکر صدیق جوا کھر میں ممتاز عالم دین مولانا سرفراز احمد قاسمی کا خطاب
بھاگلپور ۱۴ جون (پریس ریلیز)

آج مسلمان پریشان ہے، در در کی ٹھوکریں کھا رہا ہے، مشکلات کا شکار ہے، چاروں جانب مسائل سے گھرا ہوا ہے، اردگرد مسائل کا انبار ہے، مسلمان ان سے نجات حاصل کرنے اور انکے حل کے لئے سرگرداں ہے، ہم نجات کی تلاش میں ہیں، چھٹکارے اور نجات کے راستے تلاش کر رہے ہیں لیکن نجات کی راہیں کیا ہیں؟ یہ کہاں ملے گی؟ نجات کا حصول کیسے ہوگا؟ اسکا طریقہ کار کیا ہو؟ قرآن وشریعت میں یہ ساری رہنمائی اور اسکا حل پوری تفصیل کے ساتھ موجود ہے، سوال یہ ہے کہ پھر ہم اسلامی تعلیمات اور قرآنی ہدایات کو چھوڑ کر دوسری طرف نجات کیوں تلاش کر رہے ہیں؟ ان خیالات کا اظہار ملک کے ممتاز عالم دین اور معروف صحافی مولانا سرفراز احمد قاسمی جنرل سکریٹری کل ہند معاشرہ بچاؤ تحریک حیدرآباد نے اپنے خطاب کے دوران کیا، وہ جامع مسجد سجور اور مسجد ابو بکر صدیق میں اجتماع سے خطاب کر رہے تھے، انہوں نے کہا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ کی جس انداز میں تربیت اور ان کی اصلاح فرمائی، اس کی مثال تاریخ میں کہیں اور نہیں ملتی، یہ صرف اسلام ہی خصوصیت ہے، اسلام ایک ایسا واحد مذہب ہے جس نے تربیت اور ٹریننگ کے بعد صحابہ کی ایسی جماعت تیار کی جو زندگی کے ہر شعبے اور موڑ پر رہنما اور قیامت تک آنے والی انسانیت کے لیے مشعل راہ ہے، ایک حدیث کے حوالے سے انھوں نے کہا کہ حضرت عقبہ ابن عامر رضی اللہ عنہ نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا کہ یارسول اللہ نجات کس میں ہے؟ نجات کے حصول کا طریقہ کیا ہے اور نجات کہاں ملے گی؟ مین نجات حاصل کرنا چاہتا ہوں، ذخیرہ حدیث کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ کے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم سے اگر کوئی دنیا کا بھی سوال کرتا تو آپ ہمیشہ ایسی تعلیم دیتے جس کی بنیاد پر وہ دین کی طرف مائل ہو جاتا تھا، ایسا نہیں تھا کہ کوئی ہم سے دنیا کا راستہ پوچھے تو دنیا ہی کا راستہ بتاؤں، ایک مرتبہ حضرت حکیم ابن حزام تشریف لائے اور عرض کیا اے اللہ کے رسول! میں غریب ہوں کچھ دے دیجئے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں عنایت فرمایا، کچھ دنوں کے بعد پھر تشریف لائے، پھر آپ نے عنایت فرمایا، کچھ دنوں کے بعد وہ پھر آئے اور آپ نے عنایت فرمادیا، چوتھی مرتبہ آئے تو اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے دیا تو ضرور لیکن فورا ایک بات ارشاد فرمائی کہ حکیم مال بڑا، ہرا، بھرا اور میٹھا لگتا ہے فرمایا اگر مانگتے رہو گے تو خدا بھی منگواتا ہی رہے گا اس سے بہتر یہ کیوں نہیں کرتے کہ ایک کلہاڑی، رسی لے لو اور نکل جاؤ جنگل کی طرف، لکڑیاں کاٹو، بیچو، دیکھو مانگنے میں بھی ذلت ہے اور اس کاروبار میں بھی ذلت ہے، لیکن مانگنے کی ذلت کے مقابلے میں یہ کم ہے، فوری طور پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بجائے دنیا کے دین کی طرف مائل کر دیا اور اشارہ فرمایا کہ تجارت کروگے تو برکت بھی ہوگی ذلت سے بھی بچوگے اور مزید بات یہ ہے کہ سنت کے



مطابق ہوگا تو تجارت میں ثواب بھی ملے گا، اس طرح فورا آخرت کی طرف مائل کر دیا، اس طرح کی مثال کسی اور مذہب میں نہیں مل سکتی، مولانا قاسمی جو ایک سینئر کالم نگار ہیں نے مزید کہا کہ حضرت عقبہ ابن عامر نے یہ سوال کیا کہ نجات کس میں ہے تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو جواب دیا وہ غور طلب ہے، اگر ہم سے کوئی پوچھتا کہ نجات کس میں ملے گی؟ تو ہم شاید یہی کہتے کہ بینک بیلنس بنالو، نجات مل جائے گی، پیسہ جمع کرلو نجات مل جائے گی، بہترین قسم کا مکان بنا لو، نجات مل جائے گی، قیمتی گاڑی خرید لو نجات مل جائے گی اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا جا رہا ہے کہ نجات کس چیز میں ملے گی تو اللہ کے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم نے جو طریقہ بیان فرمایا یہ وہ طریقے ہیں جو اللہ سے لے کر بیان کیے جا رہے ہیں، آپ نے فرمایا اگر نجات حاصل کرنا چاہتے ہو تو اس کے تین طریقے ہیں، یہ تین طریقے اختیار کرلو، تمہیں نجات مل جائے گی اور اللہ تعالی تمہیں نجات عطا کرے گا، پہلا طریقہ یہ ہے کہ اپنی زبان پر قابو رکھو، اسکو کنٹرول میں رکھو، کیونکہ دنیا کے سارے فتنے اسی زبان کی بنیاد پر ہو رہے ہیں، اسی زبان نے دنیا میں فتنے کھڑے کیے، شوہر بیوی کے جھگڑے اسی زبان کی بنیاد پر، بھائیوں کے درمیان اختلاف و انتشار اسی زبان کی بنیاد پر، یہ ذرا سی ہلتی ہے، بغیر سوچے سمجھے کوئی بات کہہ دیا کرتی ہے، اسکا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ پھر کوئی بڑا فتنہ کھڑا ہو جاتا ہے، مولانا نے مزید کہا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہفتے میں ایک مرتبہ شیطان اپنے چھوٹے چھوٹے شیاطین کو سمندر کی سطح پر جمع کرتا ہے، باقاعدہ اپنا اسٹیج لگاتا ہے اور اپنے تمام چھوٹے چھوٹے شیاطین سے حساب لیتا ہے کہ بتاؤ تم نے کیا کیا؟ ہر شیطان اپنے اعتبار سے اپنا اپنا کام بیان کرتا ہے، کوئی کہتا ہے کہ میں نے نماز چھوڑوائی، کوئی کہتا ہے کہ میں نے روزہ چھڑایا، کوئی کہتا ہے کہ میں نے زکوۃ ادا کرنے سے روکا، کوئی کہتا ہے کہ میں نے جھوٹ بلوایا، کوئی کہتا ہے کہ میں نے جھوٹی گواہی دلوائی، کوئی کچھ کہتا ہے، ہر ایک کو بڑا ابلیس دھتکار دیتا ہے کہ تم لوگوں نے کوئی بڑا کام نہیں کیا، نماز چھڑائی کوئی بڑا کام نہیں کیا، وہ بعد میں قضا کر لے گا، روزہ چھڑا دیا تو کوئی بڑا کام نہیں کیا وہ بعد میں رکھ لے گا، ایک شیطان کھڑا ہوتا ہے اور وہ کہتا ہے کہ میں نے شوہر بیوی کے درمیان جھگڑا کرا دیا، حتی کہ طلاق تک نوبت پہنچائی تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ بڑا ابلیس اس کو سینے سے لگا لیتا ہے، اس کے سر پر اپنا تاج رکھ دیتا ہے اور کہتا ہے کہ ہاں تو نے بہت بڑا کام کیا، یہ زبان کی کرشمہ سازی ہے، یہ ذرا سی ہلی اور ایک بہت بڑا فتنہ وجود میں آگیا، مولانا قاسمی نے کہا کہ نجات کے حصول کے لئے پہلی چیز ہے زبان کو قابو میں رکھنا، اس پر کنٹرول کرنا اور دوسری چیز جو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اپنے گھروں کو لازم رکھو، یعنی بغیر ضرورت اپنے گھروں سے باہر نہ نکلو، کیونکہ کہ فتنے منہ کھولے کھڑے ہیں، اگر کوئی گناہ نہ بھی کیا تو کم از کم آنکھوں کی خیانت کا گناہ تو ہو ہی جائے گا، بد نظری کا گناہ تو ہو ہی جائے گا، علماء نے لکھا ہے کہ جب تک انسان اپنے گھروں میں بیوی بچوں کے ساتھ رہتا ہے، اس وقت گناہوں کا امکان ہے کہ وہاں گناہوں سے بچا رہتا ہے، بیوی بچوں کے ساتھ وقت گزارنا یہ بھی عبادت ہے اور یہ بھی نیکی کا کام ہے تو بغیر ضرورت اپنے گھروں سے نکلنے سے گریز کرنا چاہیے، جب ہم بغیر ضرورت اپنے گھر سے نکلیں گے تو اپنے وقت کو ضائع کرنے والے بنیں گے، ہاں اگر کوئی ضرورت ہے تو شریعت نے گھر سے باہر نکلنے کے لئے بالکل منع نہیں کیا لیکن حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ اپنی ضرورت کی بنیاد پر بازار جانا، گھروں سے باہر نکلنا، محلوں میں جانا اور دوسرے کام کو انجام دینا یہ انسان کی بنیادی ضرورت ہے اور ضرورت کی بنیاد پر گھر سے نکلنا چاہیے، اگر کوئی ضرورت نہ ہو تو بغیر ضرورت گھروں سے باہر وقت گزاری کرنا یہ بہرحال فتنے کا سبب ہے۔

مولانا نے مزید کہا کہ نجات کے حصول کا تیسرا طریقہ اور تیسری چیز اپنے گناہوں پر کثرت کے ساتھ رویا کرو، یہ ایسی نصیحت ہے جو آخرت کو یاد دلانے والی ہے، ہر انسان کو قبر کے اندر جانا ہے، سارے مسائل میں اختلاف ہو سکتا ہے لیکن موت کے باب میں کسی کو کوئی اختلاف نہیں ہر قوم موت کو تسلیم کرتی ہے، ہم سبکی زندگیوں میں معاصی ہیں، سوائے انبیاء کرام کے، انبیاء کی ذات معصوم ہوتی ہیں، ان سے کوئی گناہ نہیں ہو سکتا، ہم گناہوں میں ڈوبے ہوئے ہیں، اس لئے ہمیں اپنے خطاؤں اور گناہوں پر خوب رونا چاہئے، اللہ کے سامنے گڑگڑانا چاہئے، اپنی عاجزی وانکساری کا اظہار کرنا چاہئے۔ خلاصہ یہ ہے کہ اگر ہم اوپر کی ان تین چیزوں پر پابندی کے ساتھ عمل کر لیتے ہیں تو انشاءاللہ ہمارے نجات کے حصول کے لیے یہ تین چیزیں کافی ہیں، پہلی چیز اپنی زبان کو قابو میں رکھنا اس پر مکمل کنٹرول کرنا اور دوسری چیز بغیر ضرورت کے اپنے گھروں سے نہ نکلنا اور تیسری چیز اپنے گناہوں اور خطاؤں پر اللہ کے سامنے رونا، گڑگڑانا اور آخرت کی طرف متوجہ رہنا حدیث میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا یہ تین چیزیں تمہاری نجات کے لیے کافی ہے اور انشاءاللہ ان تین چیزوں پر عمل کر لینے سے ہماری نجات ہو جائے گی، اللہ تعالی ہم سب کو عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ مولانا قاسمی کی دعا پر اجتماع ختم ہوا۔

# ماسٹر محمد عالم انصاری رشتہ ازدواج سے منسلک،






سیتامڑھی،
پریس ریلیز، مورخہ ۱۳ جون ۲۰۲۶ عیسوی کو قصبہ پریہار باشندہ، مڈل اسکول پمراڈمرا کے فرض شناس معلم اور پریہار چوک کے مشہور و معروف مکینک، نیک دل انسان محمد علاؤ الدین انصاری مرحوم کے صاحبزادے ماسٹر محمد عالم انصاری صاحب رشتۂ ازدواج سے منسلک ہو گئے، ان کا رشتہ پریم نگر سوہئی باشندہ اور ڈمرا کورٹ کے مشہور معروف منصور ٹیلرس کے پروپرائٹر ماسٹر عبدالغفور انصاری کی چھوٹی صاحبزادی عزیزہ گلناز خاتون سے ہوا، ان کا نکاح پیر طریقت رہبر شریعت حضرت علامہ مولانا قاری محمد نظام الدین قادری بانی جامعہ نظامیہ للبنات ملحقہ خانقاہ قادری گورنر پورہ نیپال نے پڑھایا، بارات میں مختلف شعبوں سے وابستہ افراد تاجرانہ ذہنیت کے مالکان، لیکچرار، پروفیسران اور ٹیچر حضرات و دیگر معززین وعمائدین نے شرکت کر دولہا دلہن کو مبارکباد پیش کیا اور نیک خواہشات کا اظہار کیا موقع پر مولانا محمد اشفاق مصباحی اکڈنڈی قاری محمد اشتیاق احمد قادری امام احمد رضا جامع مسجد خلافت باغ سیتامڑھی، مولانا رحمت اللہ صاحب خطیب و امام خواجہ غریب نواز مسجد سوہی پریم نگر، سابق ضلع پریشد امیدوار، اور سماجی کارکن محمود انصاری، ماسٹر راشد فہمی، ماسٹر عبدالقدیر ماسٹر شمیم انصاری، عبدالحیٔ سابق مکھیا پریہار، محمد ببلو محمد، ممتاز محمد جہانگیر محمد مختار سرسنڈ، محمد ارشد اندروا، محمد حشمت ملاہی، ماسٹر ذیشان پریہار، ماسٹر منصور عالم، ماسٹر منظور عالم، عبدالجلیل انصاری آفتاب عالم سہراب علی، مولانا تمنے کے علاوہ کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی واضح ہو کہ محفل نکاح سے ایک شب قبل نوشہ کے گھر پہ جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کا پروگرام رکھا گیا جس میں باہر سے آئے ہوئے تمام علماء کرام کو رومال پیش کر کے ان کا استقبال کیا گیا، ملحوظ رہے کہ رخصتی کے دوسرے دن ۱۵ جون کی شام پر تکلف عشائیہ ولیمہ کا اہتمام کیا گیا، جس میں رشتہ دار اور مقامی دوستو واحباب کے علاوہ پریم نگر سوہئی کے مہمانوں نے شرکت کی



، رپورٹ
ابو افسر مصباحی نمائندہ نیپال اردو ٹائمز

# آخر مساجد ہی کیوں نشانے پر ہیں

محمد عادل ارریاوی

کبھی کبھی کچھ سوالات ایسے ہوتے ہیں جو زبان سے زیادہ دل میں جنم لیتے ہیں۔ جتنا ان کے بارے میں سوچا جائے اتنا ہی حیرت میں اضافہ ہوتا ہے۔ آج انہی سوالات میں سے ایک سوال میرے ذہن میں بار بار گردش کرتا ہے کہ آخر مساجد ہی کیوں نشانے پر ہیں؟

جب بھی کسی مسجد کا نام سامنے آتا ہے تو کہیں نہ کہیں یہ دعویٰ کر دیا جاتا ہے کہ اس کے نیچے مندر تھا مورتی تھی یا کوئی اور مذہبی آثار موجود تھے۔ ایک مسجد کے بعد دوسری مسجد ایک شہر کے بعد دوسرا شہر گویا یہ سلسلہ تھمنے کا نام ہی نہیں لے رہا۔ ایسے میں ایک عام مسلمان کے دل میں یہ سوال پیدا ہونا فطری ہے کہ کیا اس پورے ملک میں صرف مساجد ہی ایسی عمارتیں ہیں جن پر اعتراض کیا جا سکتا ہے؟

مسجد مسلمانوں کے لیے صرف عبادت کی جگہ نہیں ہوتی بلکہ وہ ان کے ایمان تہذیب تاریخ اور شناخت کی علامت بھی ہوتی ہے۔ مسجد کی اذان میں ایک مسلمان اپنے رب کی پکار سنتا ہے مسجد کی دیواروں میں اسے اپنے بزرگوں کی عبادتوں کی خوشبو محسوس ہوتی ہے اور مسجد کے صحن میں اسے روحانی سکون نصیب ہوتا ہے۔ جب انہی مساجد کو بار بار تنازعات کا موضوع بنایا جاتا ہے تو اس



سے مسلمانوں کے دل زخمی ہوتے ہیں۔

سب سے زیادہ افسوس اس بات پر ہوتا ہے کہ بعض لوگ مسلمانوں کو اس ملک میں اجنبی ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں حالانکہ حقیقت اس کے بالکل برعکس ہے۔ یہ سرزمین جتنی دوسروں کی ہے اتنی ہی مسلمانوں کی بھی ہے۔ ہمارے آباء و اجداد نے اسی مٹی میں آنکھ کھولی اسی مٹی پر زندگی گزاری اور اسی مٹی میں دفن ہوئے۔ ہندوستان کی آزادی کی تاریخ ان قربانیوں کی گواہ ہے جو مسلمانوں اور علماءِ کرام نے اس ملک کے لیے پیش کیں۔ ان قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جا سکتا۔

اگر کسی کو کسی تاریخی مسئلے پر اختلاف ہے تو اس کا حل عدالت تحقیق اور انصاف کے ذریعے تلاش کیا جانا چاہیے نہ کہ نفرت اور اشتعال کے ذریعے۔ ایک مہذب معاشرے کی پہچان یہ نہیں کہ وہ اپنے اختلافات کو بڑھاتا رہے بلکہ اس کی پہچان یہ ہے کہ وہ اختلافات کے باوجود ایک دوسرے کے حقوق کا احترام کرے۔

آج اس بات کی ضرورت ہے کہ نفرت کے بجائے محبت کو فروغ دیا جائے تعصب کے بجائے انصاف کو ترجیح دی جائے اور ایک دوسرے کو شک کی نگاہ سے دیکھنے کے بجائے اعتماد اور بھائی چارے کی فضا قائم کی جائے۔ کیونکہ وطن نفرت سے نہیں بنتے وطن محبت قربانی عدل اور باہمی احترام سے مضبوط ہوتے ہیں۔

ہم مسلمان ہیں ہمیں اپنے رب پر بھروسہ ہے۔ ہم جانتے ہیں کہ عزت و ذلت کا مالک صرف اللہ ربّ العزت ہے۔ حالات جیسے بھی ہوں آزمائشیں کتنی ہی بڑی کیوں نہ ہوں مسلمان صبر حکمت اور استقامت کا دامن نہیں چھوڑتا۔ ہمارا یقین ہے کہ ظلم وقتی ہو سکتا ہے لیکن انصاف اور سچائی ہمیشہ باقی رہتے ہیں۔

Published By: Ulama Foundation Nepal, Bhairahwa, Rupandehi Lumbini Pradesh Nepal, Reg: 372860
Email:- weeklynepalurdutimes@gmail.com, Web site: www.nepalurdutimes.com, Contact:- +91 8795979383, +977 9817619786, +9779821442810

# آر ایس ایس: قانون اور آئین سے بالاتر یا آئینی احتساب کی پابند؟

ڈاکٹر سید تابش امام، کاکو، جہان آباد

ہندوستانی جمہوریت کی اصل طاقت اور پہچان اسی حقیقت میں مضمر ہے کہ یہاں کوئی فرد، جماعت یا ادارہ قانون اور آئین کی بالادستی سے بالاتر نہیں سمجھا جاتا؛ یہی اصول جمہوری نظام کی بنیاد، آئین ہند کی روح اور قانون کی حکمرانی کا اصل مفہوم ہے۔ آئین شہریوں کو جہاں وسیع بنیادی حقوق عطا کرتا ہے، وہیں مساوات، شفافیت، جوابدہی اور قانون کی بالادستی کو بھی جمہوری نظام کی ناگزیر شرائط قرار دیتا ہے۔ اسی لیے جب ملک کی سماجی، ثقافتی اور سیاسی زندگی پر گہرے اثرات مرتب کرنے والی کسی تنظیم سے متعلق سوالات اٹھتے ہیں تو انہیں محض سیاسی مخالفت یا نظریاتی کشمکش کے تناظر میں نہیں دیکھا جانا چاہیے، بلکہ جمہوری احتساب اور آئینی اصولوں کے تناظر میں جانچنا زیادہ مناسب ہوتا ہے۔

گزشتہ دنوں کرناٹک کے وزیر پریانک کھڑگے کی جانب سے راشٹریہ سویم سیوک سنگھ (آر ایس ایس) کی قانونی حیثیت، مالیاتی شفافیت اور تنظیمی ڈھانچے سے متعلق اٹھائے گئے سوالات نے ایک بار پھر ملک میں احتساب، شفافیت اور قانون کی بالادستی کے حوالے سے جاری آئینی بحث کو مہمیز دی ہے۔ یہ بحث محض آر ایس ایس تک محدود نہیں بلکہ اس وسیع تر سوال سے جڑی ہوئی ہے کہ ہندوستان میں عوامی زندگی پر اثرانداز ہونے والے بڑے اداروں اور تنظیموں کی جوابدہی کا معیار کیا ہونا چاہیے۔ کیا ایسی تنظیمیں جو قومی سطح پر رائے عامہ اور پالیسی سازی پر اثرانداز ہونے کی صلاحیت رکھتی ہوں، خود کو عوامی احتساب کے سوالات سے بالاتر تصور کر سکتی ہیں؟

آر ایس ایس کی بنیاد ۱۹۲۵ میں ناگپور میں ڈاکٹر کیشو بلی رام ہیڈگیوار نے رکھی تھی۔ گزشتہ تقریباً ایک صدی کے دوران یہ تنظیم ایک محدود نظریاتی حلقے سے نکل کر ایک وسیع اور منظم نیٹ ورک میں تبدیل ہو چکی ہے۔ آج اس کے زیر اثر یا اس سے نظریاتی قربت رکھنے والی متعدد تنظیمیں تعلیم، سماجی خدمت، مزدور تحریک، طلبہ امور، قبائلی بہبود، مذہبی سرگرمیوں اور فلاحی کاموں میں سرگرم ہیں۔

سیاسی سطح پر بھی اس کے اثرات سے انکار ممکن نہیں۔ بھارتیہ جنتا پارٹی سمیت متعدد تنظیموں اور شخصیات کے ساتھ اس کی فکری قربت اور تاریخی وابستگی کسی سے پوشیدہ نہیں ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آر ایس ایس کو محض ایک سماجی تنظیم قرار دینا اس کے حقیقی اثر و رسوخ کی مکمل عکاسی نہیں کرتا۔

پریانک کھڑگے نے اپنے سوالات میں اس جانب توجہ مبذول کرائی ہے کہ ملک میں سرگرم ٹرسٹ، سوسائٹیاں، غیر سرکاری تنظیمیں اور فلاحی ادارے مختلف قوانین کے تحت رجسٹریشن، حسابات کے اندراج، مالیاتی آڈٹ اور دیگر قانونی تقاضوں کے پابند ہوتے ہیں۔ اگر ایک محدود وسائل رکھنے والی فلاحی تنظیم بھی اپنی آمدنی اور اخراجات کے بارے میں جوابدہ ہے تو پھر ایک ایسی تنظیم کے بارے میں سوال اٹھانا کیوں غیر مناسب سمجھا جائے جو ملک بھر میں ہزاروں شاخوں کے ذریعے سرگرمِ عمل ہو اور جس کا اثر سماج کے مختلف شعبوں تک پھیلا ہوا ہو؟

پریانک کھڑگے کی جانب سے اٹھائے گئے ان سوالات کے جواب میں آر ایس ایس کے سربراہ موہن بھاگوت نے یہ مؤقف پیش کیا کہ تنظیم ایک رضاکارانہ اور نظریاتی تحریک ہے، اس لیے اسے کسی باضابطہ رجسٹریشن کی ضرورت نہیں۔ ان کے مطابق آر ایس ایس کی ساخت اور نوعیت ایسی ہے کہ اس کے وجود کو کسی قانونی رجسٹریشن سے وابستہ نہیں کیا جا سکتا۔ بظاہر یہ موقف آئینی آزادیوں سے ہم آہنگ نظر آتا ہے کیونکہ آئین ہند کا آرٹیکل ۱۹(۱)(c) شہریوں کو انجمنیں اور تنظیمیں قائم کرنے کا بنیادی حق فراہم کرتا ہے۔ انجمن سازی کی یہ آزادی جمہوری معاشرے کا ایک اہم ستون بھی سمجھی جاتی ہے۔

تاہم آئینی حقوق کے ساتھ قانونی ذمہ داریاں بھی وابستہ ہوتی ہیں۔ کسی تنظیم کو وجود میں آنے اور سرگرم رہنے کا حق ضرور حاصل ہے، لیکن جب وہ جائیداد کی مالک ہو، چندے اور عطیات وصول کرے، مالیاتی لین دین انجام دے یا مختلف شعبوں میں عوامی اثرات مرتب کرے تو بعض قانونی اور انتظامی تقاضے ناگزیر ہو جاتے ہیں۔ دنیا کی بیشتر جمہوریتوں میں یہی اصول اختیار کیا گیا ہے کہ عوامی زندگی میں جتنا زیادہ اثر و رسوخ ہوگا، اتنی ہی زیادہ شفافیت اور جوابدہی کا مطالبہ بھی سامنے آئے گا۔

درحقیقت موجودہ بحث کا اصل نکتہ آر ایس ایس کے قانونی وجود کا نہیں بلکہ اس کے عوامی کردار کا ہے۔ جمہوری نظام میں طاقت اور احتساب ایک دوسرے سے الگ نہیں ہو سکتے۔ جو ادارے یا تنظیمیں سماجی رویوں، سیاسی مباحث اور قومی ترجیحات پر اثرانداز ہوتی ہیں، ان سے شفافیت کی توقع بھی فطری طور پر کی جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ عوامی اثر و رسوخ رکھنے والے اداروں کے بارے میں سوالات کو جمہوری عمل کا حصہ سمجھا جاتا ہے، نہ کہ ان کے خلاف کسی سازش یا تعصب کا اظہار۔

یہی تصور آئین ہند کے آرٹیکل ۱۴ میں بھی جھلکتا ہے جو قانون کے سامنے مساوات اور مساوی تحفظ کی ضمانت دیتا ہے۔ سپریم کورٹ نے متعدد تاریخی فیصلوں میں واضح کیا ہے کہ "قانون کی حکمرانی" (Rule of Law) آئین کے بنیادی ڈھانچے کا حصہ ہے۔ کیشوانند بھارتی مقدمہ سمیت کئی اہم فیصلوں میں عدالت عظمیٰ نے اس اصول کی توثیق کی ہے کہ ریاستی نظام میں کسی فرد یا ادارے کو بلاجواز خصوصی استثنا حاصل نہیں ہو سکتا۔ اگر مختلف تنظیموں اور اداروں سے شفافیت اور حساب دہی کی توقع کی جاتی ہے تو اصولی طور پر یہی معیار دیگر بااثر اداروں پر بھی لاگو ہونا چاہیے۔

تاریخی طور پر بھی آر ایس ایس اور ریاست کے تعلقات ہمیشہ بحث کا موضوع رہے ہیں۔ ۱۹۴۸ میں مہاتما گاندھی کے قتل کے بعد حکومت ہند نے آر ایس ایس پر پابندی عائد کر دی تھی۔ اگرچہ بعد ازاں بعض شرائط اور یقین دہانیوں کے بعد یہ پابندی ہٹا لی گئی، اور گاندھی جی کے قتل کے مقدمے میں آر ایس ایس کی براہِ راست مجرمانہ ذمہ داری عدالت میں ثابت نہیں ہو سکی، تاہم یہ واقعہ اس حقیقت کی نشاندہی کرتا ہے کہ تنظیم طویل عرصے سے عوامی اور حکومتی توجہ کا مرکز رہی ہے۔ اسی طرح ۱۹۷۵ کی ایمرجنسی کے دوران بھی آر ایس ایس پابندیوں اور سرکاری کارروائیوں کا سامنا کر چکی ہے۔ یہ تاریخی حقائق اس امر کی یاد دہانی کراتے ہیں کہ آر ایس ایس ہمیشہ سے قومی مباحث کا ایک اہم موضوع رہی ہے۔

اس پوری بحث کا ایک اہم پہلو مالیاتی شفافیت بھی ہے۔ دنیا کی مستحکم جمہوریتوں میں بڑے عوامی اثر و رسوخ رکھنے والے اداروں کے مالی ذرائع، اخراجات اور تنظیمی ڈھانچے کے بارے میں کم از کم بنیادی معلومات دستیاب ہوتی ہیں۔ اس کا مقصد کسی ادارے کی آزادی کو محدود کرنا نہیں بلکہ عوامی اعتماد کو مضبوط بنانا ہوتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ



شفافیت کسی بھی ادارے کی اخلاقی ساکھ میں اضافہ کرتی ہے، جبکہ غیر ضروری ابہام اور معلومات کی کمی سے شکوک و شبہات پیدا ہوتے ہیں۔

یہاں ایک اور اصولی پہلو بھی قابلِ غور ہے۔ اگر کل کسی مسلم، عیسائی، سکھ، ہندو یا کسی دوسری مذہبی و نظریاتی تنظیم کے بارے میں یہی سوالات اٹھائے جائیں تو کیا ہمارا معیار مختلف ہونا چاہیے؟ یقیناً نہیں۔ آئینی جمہوریت میں قانون کا اطلاق افراد، عقائد اور نظریات کی بنیاد پر نہیں بلکہ اصولوں کی بنیاد پر ہوتا ہے۔ یہی مساوات کا تقاضہ ہے اور یہی انصاف کی روح بھی۔

آر ایس ایس کے حامیوں کا موقف ہے کہ تنظیم بنیادی طور پر قومی کردار سازی، سماجی خدمت، رضاکارانہ سرگرمیوں اور ثقافتی بیداری کے فروغ کا کام انجام دیتی ہے۔ اس دعوے کو یکسر مسترد نہیں کیا جا سکتا۔ مختلف مواقع پر قدرتی آفات اور سماجی سرگرمیوں میں تنظیم کے رضاکاروں کی خدمات کا اعتراف کیا جاتا رہا ہے۔ تاہم جمہوری معاشروں میں سماجی خدمت اور عوامی اثر و رسوخ کسی ادارے کو احتساب کے اصولوں سے مستثنیٰ نہیں بناتے۔ جدید جمہوری نظم کا بنیادی اصول یہی ہے کہ طاقت خواہ سیاسی ہو، سماجی ہو یا نظریاتی، اس کے ساتھ جوابدہی بھی لازم ہے۔ درحقیقت مسئلہ آر ایس ایس کے حق یا مخالفت کا نہیں بلکہ ہندوستانی جمہوریت کے بنیادی اصولوں کا ہے۔ اگر ملک واقعی آئینی حکمرانی، قانون کی بالادستی اور مساوات کے تصور پر یقین رکھتا ہے تو احتساب اور شفافیت کے اصول سب کے لیے یکساں ہونے چاہئیں۔ یہی اصول سیاسی جماعتوں، کارپوریٹ اداروں، غیر سرکاری تنظیموں، مذہبی اداروں اور سماجی تحریکوں پر بھی نافذ ہوتے ہیں۔ جمہوریت کی مضبوطی کا انحصار اسی بات پر ہے کہ قانون کا پیمانہ سب کے لیے ایک ہو، نہ کہ افراد، نظریات یا تنظیموں کے لحاظ سے بدلتا رہے۔

آر ایس ایس اپنی صد سالہ تکمیل کے قریب ہے۔ ایک صدی کا سفر یقیناً کسی بھی تنظیم کے لیے قابلِ ذکر سنگِ میل ہے، لیکن تاریخ یہ بھی بتاتی ہے کہ اداروں کی اصل عظمت ان کی عمر یا اثر و رسوخ سے نہیں بلکہ اس بات سے متعین ہوتی ہے کہ وہ تنقید، سوالات اور عوامی احتساب کا سامنا کس اعتماد کے ساتھ کرتے ہیں۔ مضبوط ادارے سوالات سے خوفزدہ نہیں ہوتے بلکہ انہیں اپنی ساکھ مضبوط کرنے کا موقع سمجھتے ہیں۔

الغرض اس بحث کا فیصلہ سیاسی نعروں، جذباتی وابستگیوں یا نظریاتی تعصبات کی بنیاد پر نہیں بلکہ آئینی اصولوں، قانونی تقاضوں اور جمہوری اقدار کی روشنی میں ہونا چاہیے۔ ہندوستان کا آئین کسی فرد، جماعت یا تنظیم کو قانون سے بالاتر مقام نہیں دیتا۔ اگر ملک واقعی قانون کی حکمرانی پر یقین رکھتا ہے تو شفافیت، جوابدہی اور مساوات کے اصول سب کے لیے یکساں ہونے چاہئیں۔ یہی آئین ہند کا تقاضا، جمہوریت کی روح اور ایک بالغ، مضبوط اور بااعتماد جمہوری معاشرے کی پہچان ہے۔

رابطہ ---- ۹۹۳۴۹۳۳۹۹۲

# معروف شاعر، افسانہ نگار اور تاریخ نویس کی تیسری کتاب منظرِ عام پر آگئی

## آفتاب عالم شاہ نوری

حضرت راجی نور شاہؒ المعروف شاہ نور باباؒ اور خانوادۂ میراں پٹیل شاہ نوری کے ۵۵۰ سالہ شجرۂ نسب پر مبنی تحقیقی کتاب کا رسم اجراء

کروشی (ضلع بلگام، کرناٹک)، ۱۴ جون ۲۰۲۶: ضلع بلگام کے تاریخی گاؤں کروشی میں بروز اتوار ایک باوقار علمی و ادبی تقریب کا انعقاد عمل میں آیا، جس میں معروف شاعر، افسانہ نگار اور تاریخ نویس آفتاب عالم شاہ نوری کی تیسری تصنیف، جو حضرت راجی نور شاہؒ المعروف شاہ نور باباؒ اور خانوادۂ میراں پٹیل شاہ نوری کے تقریباً ۵۵۰ سالہ شجرۂ نسب، خاندانی تاریخ اور تاریخی معلومات پر مشتمل ہے، کی رسمِ اجراء انجام پائی۔ تقریب میں علاقے کی ممتاز علمی، ادبی، سماجی اور دینی شخصیات نے شرکت کی اور اس اہم علمی و تحقیقی کاوش کو بھرپور خراجِ تحسین پیش کیا۔

تقریب کی صدارت کروشی کی معروف سماجی و تعلیمی شخصیت، استادِ شاعر محبوب پاشا حیدر صاحب پٹیل شاہ نوری نے فرمائی، جبکہ مہمانانِ خصوصی میں جناب محمد حیات چاند پٹیل، اقبال پٹیل، فاروق پٹیل، شہاب الدین پٹیل، عبدالستار پٹیل، ایم۔ ایچ۔ پٹیل، حیدر پٹیل، عبداللطیف پٹیل، عرفان پٹیل شاہ نوری، ابا صاحب پٹیل، محمد زبیر پٹیل، جہانگیر پٹیل، ماجد پٹیل، محمد صدیق پٹیل، شاہد حسین پٹیل، توصیف حسین پٹیل، اسدالزماں پٹیل، ندیم احمد پٹیل اور عدیم احمد پٹیل شامل تھے۔ اس کے علاوہ معروف افسانہ نگار چراغ ہبلوی اور مولانا آصف انعامی نے بھی شرکت فرما کر تقریب کو رونق بخشی۔ پروگرام کی نظامت عدیم احمد پٹیل نے انجام دی، جبکہ تلاوتِ کلام پاک کی سعادت مولانا محمد حیات پٹیل نے حاصل کی۔ ان کی پُرسوز قراءت نے محفل کو روحانی رنگ عطا کیا۔ بعد ازاں معروف شاعر شاہد پٹیل شاہ نوری نے نعتِ رسولِ مقبول ﷺ پیش کی، جسے حاضرین نے نہایت عقیدت سے سنا۔ مہمانانِ گرامی کے استقبال اور گل پوشی کی رسم آفتاب عالم شاہ نوری نے انجام دی۔ اس کے فوراً بعد کتاب کی رسمِ اجراء عمل میں آئی، جس میں تمام مہمانانِ خصوصی نے شرکت کی۔ رسمِ اجراء کے بعد شاہد پٹیل شاہ نوری نے کتاب پر ایک جامع اور تحقیقی مقالہ پیش کیا۔ مقالہ اس قدر معلوماتی اور مؤثر تھا کہ حاضرین کے اذہان گویا ساڑھے پانچ سو برس ماضی کی تاریخ میں پہنچ گئے۔



تقاریر کے سلسلے میں سب سے پہلے عالمِ شہرت یافتہ شاعر عرفان پٹیل شاہ نوری نے اظہارِ خیال کرتے ہوئے صاحبِ کتاب کی محنت کو سراہا اور شجرۂ نسب کی تدوین و تحقیق کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ اس کے بعد شہاب الدین پٹیل نے، علیل ہونے کے باوجود، تقریب میں شرکت کی اور تاریخ دانی کی اہمیت کے ساتھ اولیائے کرام کی اولاد ہونے کی ذمہ داریوں پر مفصل گفتگو کی۔ انہوں نے زور دیا کہ اولیائے کرام کی اولاد کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے اخلاق و کردار کو سنواریں اور دینی و دنیوی دونوں میدانوں میں ترقی کی منازل طے کریں۔ انہوں نے آفتاب عالم شاہ نوری کی علمی و ادبی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ انہوں نے نظم و نثر دونوں میدانوں میں قابلِ قدر کام انجام دیا ہے۔ بعد ازاں دھارواڑ سے تشریف لائے معروف افسانہ نگار چراغ ہبلوی نے علمی و ادبی انداز میں گفتگو کرتے ہوئے کتاب اور مصنف دونوں کی بھرپور پذیرائی کی۔ گاؤں کے استاذ الاساتذہ محمد حیات چاند پٹیل نے اپنے خطاب میں ماضی کے ساتھ ساتھ مستقبل کی طرف توجہ دینے، اپنے کردار کو سنوارنے اور نئی نسل کی فکری و اخلاقی تربیت پر زور دیا۔ انہوں نے کتاب کی افادیت، تاریخی اہمیت اور اس میں جمع کردہ نادر معلومات کو سراہتے ہوئے کہا کہ موجودہ دور میں خاندانی تاریخ، شجرۂ نسب اور مقامی تاریخی ورثے کو محفوظ کرنا ایک عظیم علمی خدمت ہے، جس کے ذریعے نئی نسل اپنی شناخت، تہذیب اور بزرگوں کی خدمات سے آگاہ ہوتی ہے۔

حاضرینِ محفل نے کتاب کے مندرجات کو سراہتے ہوئے مصنف کو مبارک باد پیش کی اور اس علمی کاوش کو علاقے کی تاریخ کے تحفظ کی جانب ایک اہم قدم قرار دیا۔ شرکائے مجلس نے اس امر پر خوشی کا اظہار کیا کہ کتاب میں نہ صرف حضرت راجی نور شاہؒ کی شخصیت، خدمات اور روحانی اثرات کو اجاگر کیا گیا ہے بلکہ کروشی گاؤں کی تاریخی جھلکیاں اور تقریباً ۵۵۰ سالہ شجرۂ نسب بھی منظم اور تحقیقی انداز میں پیش کیا گیا ہے، جو علمی و تحقیقی میدان میں ایک اہم اضافہ ہے۔

اپنے صدارتی خطاب میں محبوب پاشا حیدر صاحب پٹیل شاہ نوری نے مصنف کی علمی محنت، تاریخی شعور اور خاندانی ورثے کے تحفظ کی اس قابلِ قدر کوشش کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسی تصانیف آنے والی نسلوں کے لیے قیمتی سرمایہ ثابت ہوتی ہیں اور اپنے ماضی سے وابستگی کو مضبوط بناتی ہیں۔

تقریب کے اختتام پر مصنف آفتاب عالم شاہ نوری نے تمام مہمانوں، معاونین اور شرکائے مجلس کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اس تصنیف کا مقصد اپنے اسلاف کی یادگار خدمات کو محفوظ کرنا اور نئی نسل کو اپنی تاریخ اور تہذیبی ورثے سے روشناس کرانا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ یہ کتاب اہلِ علم، محققین اور تاریخ سے دلچسپی رکھنے والے قارئین کے لیے مفید ثابت ہوگی۔

دعائیہ کلمات اور نیک تمناؤں کے ساتھ تقریب اختتام پذیر ہوئی، جبکہ شرکائے محفل نے مصنف کی مزید علمی، ادبی اور تحقیقی کامیابیوں کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

کروشی بلگام کرناٹک
۸۱۰۵۴۹۳۳۴۹

# بزمِ گلشنِ ادب بھٹی جرولی سلطانپور کی ماہانہ طرحی نشست منعقد

پریس ریلیز

بزمِ گلشنِ ادب بھٹی جرولی سلطانپور کی ماہانہ طرحی نشست منعقد
ردیف: "محسوس ہوتا ہے" پر شعراء نے کلام پیش کیے

سلطانپور، ۱۴ جون ۲۰۲۶ - بزمِ گلشنِ ادب بھٹی جرولی سلطانپور کی ماہانہ طرحی نشست مورخہ ۱۴ جون ۲۰۲۶ کو منعقد ہوئی۔ نشست میں علاقے کے نامور شعراء کرام نے شرکت کی اور ردیف "محسوس ہوتا ہے" پر اپنے منتخب کلام پیش کیے۔

نشست کا آغاز جناب مومن سلطانپوری کی پیش کردہ نعتِ پاک سے ہوا۔ نظامتِ نشست کے فرائض جناب دانش سلطانپوری نے احسن انداز میں انجام دیے۔ صدارت معروف شاعر جناب تپش سلطانپوری نے کی۔

شعراء کرام کے منتخبہ اشعار:

۱. جناب شاکر سلطانپوری

مسافر ہے نہ جانے راستے میں کیسے پیش آئے
ابھی تو گفتگو سے مہربان محسوس ہوتا ہے

۲. جناب طارق سلطانپوری

پتہ ہے سب اسے طارق مگر خاموش بیٹھا ہے
زباں ہوتے ہوئے بھی بے زبان محسوس ہوتا ہے
نکلتا ہوں میں گھر سے جب دعا ماں باپ کی لے کر
تو سر پہ دھوپ میں بھی سائباں محسوس ہوتا ہے

۳- نظام سلطانپوری

۴. جناب تپش سلطانپوری

جلا ہے آشیانہ کیا کسی بلبل کا گلشن میں
یہ بادل بھی ہمیں جیسے دھواں محسوس ہوتا ہے

۵. جناب خاک سلطانپوری

کیا تھا منتخب رہبر جسے اپنے لئے میں نے
وہی لوٹے کا اپنا کارواں محسوس ہوتا ہے

۶. جناب نثر سلطانپوری

نبی کی آخری تلقین جس سجدے کی نسبت تھی
وہی سجدہ ہی امت کو گراں محسوس ہوتا ہے

۷. جناب گہر سلطانپوری

تمنا ہے یہی دل میں کہ دیکھوں روضۂ اقدس
جہاں ہر لمحہ جنت کا سماں محسوس ہوتا ہے

۸- اسیر سلطانپوری

فضا میں دور تک اٹھتا دھواں محسوس ہوتا ہے
کہیں پہ جل رہا ہے آشیاں محسوس ہوتا ہے

۹. جناب جانب سلطانپوری

کوئی اپنا جسے چاہو اگر وہ مار دے تھپڑ
کہاں پہ چوٹ لگتی ہے کہاں محسوس ہوتا ہے

۱۰. جناب یونس سلطانپوری

اپنا دکھڑا جو سب سے روتا ہے
آپ اپنا وقار کھوتا ہے

۱۱. جناب مومن سلطانپوری

امیرو! اپنا اپنا ہاتھ رکھو تم یتیموں پر
تمہارا دستِ شفقت سائباں محسوس ہوتا ہے
خیالوں میں اگر لاؤ تو رنج غم کی بستی کو
وگرنہ کوئی رنج و غم کہاں محسوس ہوتا ہے

۱۲- * جناب دانش سلطانپوری

شرکاء نے بزم کے منتظمین کی کاوشوں کو سراہا اور کہا کہ اس طرح کی ادبی نشستیں نوجوانوں میں اردو زبان و ادب سے محبت بڑھانے کا ذریعہ ہیں۔
آخر میں ملک و ملت کی سلامتی اور بزم کی ترقی کے لیے دعا کی گئی۔
پیشکش: معظّم ارزاں شاہی دوست پوری
رابطہ: ۷۳۰۹۷۳۳۱۹۸

**Published By: Ulama Foundation Nepal, Bhairahwa, Rupandehi Lumbini Pradesh Nepal, Reg: 372860**
**Email:- weeklynepalurdutimes@gmail.com,**
**Web site: www.nepalurdutimes.com, Contact:- +91 8795979383, +977 9817619786, +9779821442810**